SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, February 14, 2005

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at twenty five minutes past five in the evening with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair

----

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و من احسن قولاً ممن دعآ الی اللہ و عمل صالحاً وقال اننی من المسلمین O ولا تستوی الحسنتہ ولا السیئتہ ادفع بالتی ھی احسن فاذ الذی بینک و بینہ عداوۃ کانہ ولی حمیم O وما یلقھآ الا الذین صبروا وما یلقھآ الا ذوحظ عظیمO و اما ینزغنک من الشیطن نزغ فاستعذ باللہ انہ ھو السمیع العلیمO

ترجمہ۔ اور اس شخص سے بات کا اچھا کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور عمل نیک کرے اور کہے کہ میں مسلمان ہوں ۔ اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتی تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا

ہو۔(ایسا کرنے سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے۔ اور یہ بات ان ہی لوگوں کو حاصل ہوتی ہے جو برداشت کرنے والے ہیں اور ان ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہیں ۔ اور اگر تمہیں شیطان کی جانب سے کوئی وسوسہ پیدا ہو تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو بیشک وہ سنتا جانتا ہے۔

(سورۃ حٰم السجدہ، آیات ۳۴ تا ۳۶)

جناب چیئرمین، جزاک اللہ ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صلی علیٰ محمد و علیٰ آل محمد۔

Let me do the leave applications, then we will take as agreed about three points of orders.

جو میرے پاس نام ہیں انہی میں سے تین رکھ لیتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، دیکھیئے آج منسٹر صاحب بھی یہاں موجود ہیں۔اور یہ آج یہاں خاص آئے ہیں جو oil کا discuss کرنا تھا۔تو اس کو اگر آپ priority دے دیں تو دو ، دو منٹ اگر چاہتے ہیں تو پھر کرلیں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، تو مختصر رکھیئے گا وزیر صاحب بھی یہاں موجود ہیں تاکہ جو main issue ہے اس کو ہم آگے بڑھا سکیں۔ اب میں leave applications لے رہا ہوں ۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین، سید دلاور عباس نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ سات اور چودہ فروری کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا رخصت منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، جناب امان اللہ کنرانی ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ دس اور گیارہ

فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے ۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، جناب محمد اسحاق ڈار نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ چودہ اور پندرہ فروری کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، محترمہ گلشن سعید ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ گیارہ فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، جناب سردار محمود خان نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ گیارہ تا چودہ فروری کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، جناب ایس ۔ ایم ۔ ظفر نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ چودہ فروری کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، اچھا points of order میں ہے۔ سواتی صاحب۔ جی میں نے نام لکھ لئے ہیں، But please keep them very brief, points of order کوئی discussion نہیں ہے، تاکہ جو main issue ہے اس کو ہم لے سکیں۔

POINTS OF ORDER

RE: EARTHQUAKE GRANT BY THE FEDERAL GOVERNMENT

Senator Muhammad Azam Khan Swati: Mr. Chairman, Saturday and Sunday I have spent in District Mansehra. The loss of human lives and the property is hard to describe. Chief Minister NWFP

was there yesterday. He has given a very small package considering his own resources if he had our hydel power shares properly given to NWFP would not have begged the federal government, we would not have begged the federal government but since we have been deprived for so long, I think, it is the duty of the federal government to assist small, undeveloped unit of a federation. The Chief Minister have asked the federal government to give at the present time on emergency basis 100 million, I think, considering the losses that I have seen with my own eyes, where it is a very meager amount. I think, our Prime Minister have visited the places today. We really appreciate this gesture of their assistance but at the same time this urgent need should go to the doors of those people because they are in dire need of this federal assistance. That Lt. Gen(R) Mr. Tirmizi, I really appreciate him too, on the House that he was able to take some Generals over there and he was able to get a Helicopter especially for District Mansehra. I really appreciate those Generals who have given us this assistance at the present time. Again sir, request is that the federal government should come to the rescue immediately otherwise there will be huge human losses. Thank you very much.

جناب چیئرمین، جی اسفندیار ولی صاحب۔

RE: SHORTAGE OF BASIC NECESSITES IN EARTHQUAKE AREA

سینیٹر اسفندیار ولی، شکریہ - جناب چیئرمین! آج کیا کل صبح سے بہت سے ٹیلیفون آ رہے ہیں کہ ہمارے ضلع مانسہرہ کا ایک دور افتادہ علاقہ ہے الائی - وہاں سے بہت سے دوستوں کے ٹیلیفون آ رہے ہیں کہ الائی میں جو basic necessities ہیں روزمرہ کی وہ بھی

ختم ہو گئی ہیں - پٹرول نہیں ' ڈیزل نہیں اب گھی ' آٹے اور چینی کی بھی shortage ہے -

Through you I would request the Federal Government جو ہمارے صوبے کے resources ہیں وہ اتنے نہیں ہیں اور نہ ان کے پاس اتنے وسائل ہیں کہ وہ کچھ کریں تو through you, I would request the Treasury Benches to look into Allai specifically becuase it is very very far flung, it has no connection at present. All communications with Allai are cut, so if they could do some thing for Allai, I will be obliged. Thank you.

جناب چیئرمین، فوزیہ فخر الزمان صاحبہ -

RE: EARTHQUAKE PROBLEMS AT ALLAI MANSEHRA

سینیٹر فوزیہ فخر الزمان خان : Thank you sir, میں تو کئی دن سے چلا رہی ہوں اور ابھی تو ہمیں پتا ہی نہیں ہے کہ حالات کہاں تک پہنچے ہیں کیونکہ لوگ تو دبے ہوئے ہیں' کوئی communication نہیں ہے۔ ناران میں کئی گھر گرے ہیں' وہاں ایک ہی گھر کے 40 لوگ مرے ہیں' آلائی بھی ہمارے مانسہرہ کا ایک حصہ ہے' وہ بہت بُرے حالات سے گزر رہا ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ Prime Minister صاحب اور گورنر صاحب آج وہاں پہنچے ہیں اور انہوں نے امید دلائی ہے۔ ابھی بھی بہت سے لوگ برف میں دبے ہوئے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ آپ ان کے لئے اپنی بہترین کوششیں کریں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، شکریہ جی۔ میں اس پر تھوڑا comment کر دوں کہ اس دن یہاں سینیٹ نے جن جذبات کا اظہار کیا تھا they were communicated to the Government یہ assurance آئی تھی کہ they will be looking into it اور اسی response میں صدر صاحب بلوچستان گئے تھے' Prime Minister صاحب اور Governor Frontier اور Chief Minister بھی بلوچستان گئے۔ پوری فیڈرل گورنمنٹ محرک ہے' وسائل allocate ہوتے جا رہے ہیں' اور انشاء اللہ آپ دیکھیں گے اس کے لئے اور بھی ہمدردانہ عمل ہو گا۔ آپ جو کہہ رہی ہیں یہ بھی convey ہو گا لیکن ویسے بھی وہاں پورا احساس ہے' یہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ جی فیصل

صالح حیات صاحب آپ کچھ کہنا چاہ رہے تھے۔

Makhdoom Syed Faisal Saleh Hayat (Minister for Kashmir Affairs and Nothern Areas): Thank you Mr. Chairman. Sir, I am on a point of personal explanation. On the last sitting of this House during the question hour in response to one of the answers to a certain question, there were certain comments made and certain statements made which were in the context of my office. I was not here on the last sitting, my honourable colleague Minister for Parliamentary Affairs was here and he had given the initial reply, and if I can recall, and my information is correct and Mr. Chairman you had also expressed the desire that Minister himself should be present in the House to clear this position.

The honourable member from NWFP had attempted to cast certain aspersions and certain insinuations were made which were totally uncalled for. The question at stake was the number of OSD's at this point in time. The honourable member chose to single out just one of them who happens to be from his own province. Obviously there is nothing wrong with that; he has every right to do that. But in singling that gentleman out, Mr. Chairman, number of points which come to one's mind and which should be put on record. The honourable member from Frontier should know that first of all transfer of any officer above grade 20 that is in 21 and 22 is out side the purview of any Minister. The rules of governance are very clear. Members of the Opposition on the other side have been in their own times involved in governmental affairs, and one does expect that,

they would know the rules.

The most disturbing allegation or insinuation which has been made, which I do not expect from a person of the calibre of Mr. Asfandyar Wali Khan, because he himself is supposed to be a seasoned parliamentarian, that too in the absence of Government Member who cannot immediately respond at that time, was that, I had for whatever reasons just known to him, manipulated the transfer of that Acting Secretary (Incharge) because he had refused to sign certain petrol bills etc. etc. which were as he had alleged, within the context of my own travelling.

Sir, I would very humbly submit to you and this honourable House that I would certainly be enlightened more on the mode of those bills which as he has accused the acting Secretary then, had refused to sign and by virtue of that he had apparently, as for his allegations, lost his job or being transferred. There has been no such thing which has taken place in the Ministry. If he has any evidence, I would ask him to please, place this on the floor of the House because if he has made a statement and being an honourable Member and responsible member. That too, he must have access to such documents, otherwise why should he be making such a wild allegation. If he has the possession of such documents, he should place them on the floor of the House and then allow me to respond to them.

Sir, the transfer and posting of Government officials is routine task undertaken by every government, as is this Government engaged in the same activity. Let me say once again, I have the deepest of respects

for that official and if according to him, I was hurt by some of his so called actions and I was trying to engage in some sort of revenge, if the honourable Member has had occasion to visit that Officer, and I am sure or if that officer has had an occasion to visit him at his home because I am sure, they must have had social contacts with one another. He must be in the know that the said official still posseses that Pajero of the Ministry of Northern Affairs and Kashmir Affairs which is still with him in his use. It could be very easily have been taken away from him but we do not indulge in such practice. I do not do that sir. I can say on this occasion it is only that he has tried to score points. Sir, I can go on and on and I can respond in the same manner because I am sure the honourable Member would be aware that he too has certainly quite a few skeletons in his own cupboard.

Mr. Chairman: I think, let us not be given to personal insinuation, let us address the issue, Gulzar sahib

کے سلسلے میں بات کریں۔

Makhdoom Syed Faisal Saleh Hayat: Sir, that is the reason why I submit to you that we expect that some sanity should prevail in this House and such wild accusations, allegation should be refrained from. and in particular by members of the calibre of Asfandyar Wali Khan. I refute all those allegations, I contradict them; the transfer, posting of that Official has nothing do with whatever has been said in the last sitting in this august House. Thank you sir.

جناب چیئرمین، جناب لیاقت علی بنگزئی۔ I think آپ نے جو کہا تھا' انہوں اس پر allegation انہوں نے کوئی because this is indulgence into a debate. جواب دیا ہے نہیں لگایا' صرف یہ refute کیا جو آپ نے کہا تھا۔ I think, you want to press it. I think, we have other business also. There is clarification.

Senator Asfandyar Wali: Sir, all that I will say, is that things would not have come to that, if he had been given an initial proper answer

جیسے کہتے ہیں' خدا مجھے میرے دوستوں سے بچائے

that is exactly what happened on that day, and if you remember, I said that I did not want to state certain things. Sir, if a Government officer is appointed to a certain post and within, say a couple of months, with change of Cabinet and the changed ministers, he suddenly gets a call at 11 O'clock at night, telling him that he is being removed and he is being replaced

اور جب یہاں اٹھ کر ہم پوچھتے ہیں کہ ,sir وجہ تو بتا دیں۔ میں نے اس دن بھی یہ کبھی نہیں کہا کہ Minister صاحب نے اس کو transfer کیا۔ اس وقت آپ کو یاد ہو تو پروفیسر خورشید صاحب and myself ہم دونوں یہ چلا رہے تھے کہ ہمیں یہ بتایا جائے کہ اس بندے کو کیوں ہٹایا گیا؟

اب اگر Minister کہتے ہیں کہ میری information غلط تھی۔ I will not اس پر contest to what he is saying as he is a very honourable person and کم از کم میں پھر بھی insist کروں گا کہ let's know the cause of a person being removed between 45 to 60 days after taking over the certain office. That is all that I would insist on, جبکہ وہ کہتے ہیں کہ ان کے صوبے کا تھا۔ وہ تو اگر if you remember the question was related to government servants belonging to

تو پھر میں نے بات تو اس province پر کرنی تھی۔ Cause اگر ہمیں بتا دیا that province.
جائے تو بہتر ہوگا اس سے پہلے کہ یہ بات آگے بڑھ جائے۔

And then of course, if you are hiding facts then people are going to read into them and people are going to read a lot. I would request the Establishment Division, if it could please give us the causes of the transfer of that officer.

Mr. Chairman: I think, transfers are routine matter. It is also a working relationship.

Makhdoom Syed Faisal Saleh Hayat: Sir, may I respond to that?

Mr. Chairman: O.K. but very precisely please.

Makhdoom Syed Faisal Saleh Hayat: I will be very brief, sir.

جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ جس دن گلزار خان صاحب کا transfer ہوا ہے ان کا اکیلے transfer نہیں ہوا۔ اس دن 14 Ministries and Divisions کے Secretaries کا transfer ہوا ہے۔ یہ کہنا کہ کسی کو transfer میں single out کیا گیا ہے، یہ قطعاً حقائق کے منافی ہے۔ ۱۴ سیکرٹریز اور ایڈیشنل سیکرٹریز کا اس دن transfer ہوا ہے، جس میں ان کا transfer بھی عمل میں آیا ہے۔ P.M نے ان کا transfer کیا ہے۔ Sir ایک اگر آپ اجازت دیں تو میں عرض کردوں۔ اس سے بہت ساری باتیں نکل جائیں گی۔ مجھے جب یہ پتا لگا کہ خان صاحب نے یہ بات کہی ہے تو میرے اندر، جو پرانا میرا ایک political worker کا تجس ہے وہ تھوڑا سا بھڑک اٹھا۔ میں سوچنے لگا کہ ۱۴ افسروں کے transfer ہوئے۔ ان میں سے انہوں نے صرف Frontier کے ہمارے جو معزز افسر ہیں ان کے transfer کا ذکر کیوں کیا؟

جناب چیئرمین، وہ مسئلہ یہاں discuss ہو رہا تھا اس لئے اس کا ذکر کیا تھا۔

مخدوم سید فیصل صالح حیات، جناب چیئرمین! میں عرض کروں۔ بات یہ ہے کہ

انہوں نے جو supplementaries سوال پوچھے تھے ان کے متعلق بات کر رہا ہوں۔ میں دیکھتا ہوں کہ خان صاحب نے اور ان کی پارٹی نے ہمیشہ فیڈریشن کی بات کی ہے کہ فیڈریشن کو قائم رکھنے کے لئے ہمیں یہ کرنا چاہیے، وہ کرنا چاہیے۔ ہمیں فیڈریشن کو مضبوط کرنا چاہیے۔ All that, I would not go into detail. جناب کیا اچھا ہوتا کہ جب انہوں نے اپنے صوبے کے ایک افسر کی بات کی۔ چلیں میں مانتا ہوں کہ ان کے بقول ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے for argument's sake. تو باقی جو ۱۲ افسران تھے جن کا تعلق سندھ، پنجاب، بلوچستان، فاٹا سے ہو سکتا ہے کہ ان میں آزادکشمیر اور ناردرن ایریاز کے بھی ہوں، ان کی بھی اگر بات کر لیتے تو یقیناً ان کا جو mind set ہے کم از کم اس کے بارے میں ہمیں بات سامنے آ جاتی تاکہ وہ provincialism اور parochialism کا عنصر ہے، وہ سامنے نہ آتا۔

Mr. Chairman: I think, we leave at that.

Senator Asfandyar Wali: Now, I will respond sir.

جناب چیئرمین، اسفندیار صاحب! ہر چیز پر تو بحث نہیں ہوتی۔

Senator Asfandyar Wali: Sir, I have the right for that.

جناب چیئرمین، نہیں، ہر چیز کا right تو نہیں ہوتا۔ انہوں نے اپنا ایک view دیا۔ آپ نے بھی کہا تو specific answer ہو گیا۔ O.K. then precisely but in this way we are going off the track. You know it consumes a lot of time that is already limited.

Senator Asfandyar Wali: If you want nothing to do with a Secretary that has been posted out from either Balochistan or Punjab or Sindh or anywhere. The question that was under discussion was specific. There were two questions on that, if you remember. ایک حمیداللہ خان کا تھا regarding the three officers from FATA. اور دوسرا question الیاس بلور کا تھا regarding the Grade 22 and 21 officers of my province. That تو

is why we had to confine. آج جناب خوشی کی بات ہے۔ آج خوشی کی بات ہے کہ کم از کم یہاں کسی اور کو مجھے نہیں نہ سہی، لیکن کم از کم اس side پر بھی کسی کو اس وفاق کی کچھ فکر تو ہے۔ آج مجھے یہ بڑی خوشی ہوئی۔ یہ امید ہے کہ یہی وفاق کی سوچ جو آج ہے یہ کل بھی خدا کرے ان سے ادھر ادھر لوگوں میں بھی ذرا ایک سوچ آئے کہ یہ وفاق ہے اور ۴ صوبے ہیں۔ چار صوبوں کے برابر کے حقوق ہیں۔

جناب چیئرمین، باری باری۔ .Mr. Bangulzai

RE: DISTRIBUTION OF QUESTIONNAIRE ABOUT SEX IN SCHOOLS

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب چیئرمین صاحب! میں نے اس ضمن میں ایک تحریک التواء بھی پیش کی ہے۔ مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ اس پر آپ اگلے سیشن میں بات کرا لیں گے لیکن ضمناً میں ایک چھوٹی سی عرض کروں کہ ہمارے ملک میں صرف مسلمان ہی نہیں رہتے بلکہ ہندو بھی ہیں، سکھ بھی ہیں، عیسائی بھی ہیں اور کئی دوسرے مذاہب کے لوگ یہاں رہتے ہیں۔ میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ جن اقلیتوں کا میں نے تذکرہ کیا، ہمارے محکمہ تعلیم نے آغا خان بورڈ کو اس حوالے سے یہاں کھلی چھوٹ دی ہوئی ہے، اور میں اس سلسلے میں آپ کے پاس ایک proof بھی بھیجوں گا، انہوں نے ایک سوال نامہ مرتب کرکے 9th سے لے کر 11th class کے بچوں اور بچیوں کے لیے بھیجا ہے، جس میں انہوں نے کئی ایسے سوالات کیے ہیں جو میں سمجھتا ہوں کہ بحیثیت مسلمان بلکہ کسی بھی مذہب کے لوگ اتنی جرات نہیں کر سکتے کہ وہ اپنے بچے اور چودہ سالہ بچیوں کے سامنے یہ سوالات دہرائیں۔

جناب چیئرمین! میں صرف یہ کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہم پر رحم فرمائے۔ نہ جانے کس جرم کی پاداش میں ہم یہ سزا بھگت رہے ہیں۔ ایک مسلمان ملک میں ہوتے ہوئے ایسے غلیظ اور دل کو جلانے والے سوالات ہماری بچیوں کے ساتھ کیے جاتے ہیں کہ جن کو میں یہاں اس ایوان میں دہرانے کی جرات نہیں پاتا۔ مجھے مولانا ابوالکلام آزاد جیسے مفکر، دانشور اور ایک دور اندیش صاحب فہم و ادراک شخص کا قول یاد آ رہا ہے کہ جب قیام پاکستان کے بعد ان سے پوچھا گیا کہ جناب!

اب تو پاکستان بن گیا، اب آپ کس چیز کی مخالفت کر رہے ہیں۔ ہندوستان اور پاکستان ایک حقیقت ہیں، آپ ان کو تسلیم کریں تو انہوں نے کہا کہ وہ بات تو صحیح ہے لیکن مجھے یہ خطرہ ہے کہ یہاں کہا جا رہا ہے کہ یہاں پر مسلمانوں کے جان، مال، عزت، آبرو کا تحفظ کیا جائے گا اور پاکستان میں اسلام لائیں گے لیکن یہ بات آپ نوٹ کر لیں کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی کوئی چیز محفوظ نہیں رہے گی اور پاکستان میں اسلام نام کی کوئی شے نہیں رہے گی۔ آج وہی بات 58 برس بعد بعینہٖ پتھر پر ایک لکیر ثابت ہوتی نظر آ رہی ہے۔

جناب چیئرمین! اسلام کے تحفظ کی بنیاد پر حاصل کیے گئے اس ملک سے میں نہیں سمجھتا کہ انہیں کیا دشمنی ہے۔

جناب چیئرمین، مختصر رکھیں۔ یہ point of order ہے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، مجھے جناب چیئرمین! اپنے وزیر تعلیم سے یہ شکایت بھی ہے، اور ان سے یہ گلہ بھی اور میں پورے پاکستان کے عوام کی ترجمانی کے لیے یہاں کھڑا ہوں۔ انہوں نے اسی floor پر مجھ سے وعدہ کیا تھا بلکہ یہ آپ کے record پر بھی ہوگا کہ آغا خان بورڈ نے ایسے کوئی سوالات مرتب نہیں کیے جبکہ آج یہ دیکھیں! میں آپ کو دکھا رہا ہوں، اس میں سات، آٹھ قسم کے ایسے سوالات انہوں نے پوچھے ہیں۔ جس میں ایک بچی سے یہ پوچھا جا رہا ہے کہ آپ نے کبھی جنسی تعلقات قائم کیے ہیں؟ نمبر دو کیا ہے جی کہ جنسی تعلقات استوار کرتے وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟ تیرہ سال سے کم تھی یا چودہ سال تھی؟ نمبر تین، آپ اپنے جنسی روابط کی وجہ سے پریشان تو نہیں ہیں؟ نمبر 4، اپنے boy friend یا girl friend سے معاملات پر آپ روشنی ڈال سکتے ہیں؟ نمبر 5، کیا آپ نشہ کرتے ہیں؟ اگر کرتے ہیں تو کیا روزانہ یا ہفتے میں ایک بار کرتے ہیں؟ کس عمر میں پہلی بار نشہ کیا؟ کس عمر میں پہلی بار sex کیا؟

جناب چیئرمین، یہ کس کا questionaire ہے؟

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب! یہ questionaire آغا خان بورڈ کے ہیں۔ میں یہ آپ کے پاس بھیج رہا ہوں۔ آپ اسے پڑھ لیں۔ اس کو part of the record بنائیں۔

Mr. Chairman: Wasim sahib, we will pass it on to the Ministry

of Education.

سینیٹر وسیم سجاد (قائد ایوان)، مجھے بھی مولانا گل نصیب صاحب نے یہ تحریر دی ہے۔

جناب چیئرمین، مولانا صاحب! کیا آپ کا بھی point of order یہی تھا؟

سینیٹر مولانا گل نصیب خان، جی جناب۔

جناب چیئرمین، چلیں سب کا ایک ہی ہوگیا ہے۔ اگر سب کا یہی تھا تو cover ہوگیا سب کی طرف سے، ہم سب کے نام اس میں ڈال دیں گے، میرے خیال میں ابھی point ہوگیا ہے۔ We will refer it to the Education Ministry.

Senator Wasim Sajjad: Sir, it is a very serious issue and it is a very sensitive issue, and I think it is a kind of issue which I will bring to the notice of the Minister for Education immediately so that he can respond to it. I think it is a matter in which he should be personally present to answer this.

Mr. Chairman: It will be followed through. Mr. Hameedullah Afridi.

نہیں ہوگیا ہے یہ۔ اب میرے خیال میں ان کا حق ہے جنہوں نے ہاتھ اٹھائے ہیں اور مجھے نام دیے ہیں، میں اسی حساب سے چل رہا ہوں۔ وہ کر رہے ہیں، ان کو refer کر دیں۔ وزیر صاحب بھی یہاں موجود نہیں ہیں۔ ان کو refer کر دیں گے۔ وہ خود آ کر جواب دیں گے جو آپ نے points raise کیے ہیں انہوں نے باقاعدہ ان کو note کیا ہے۔ جی حمید اللہ صاحب۔

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ اس زیادتی کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو پرسوں رات کو جناب----

(اس موقع پر مغرب کی اذان ہوئی)

جناب چیئرمین، جی حمید اللہ۔

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ اس زیادتی کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو پرسوں رات Frontier کی تمام عوام کے ساتھ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کی گئی ہے۔ جناب چیئرمین! بزرگوں کے ساتھ، بچوں کے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے اس کی ایک major ذمہ داری ہمارے صوبہ سرحد کی مسجدوں کے مولوی صاحبان پر آتی ہے۔ انہوں نے بغیر سوچے سمجھے مساجد میں کھڑے ہو کر باقاعدہ ہر گاؤں میں، ہر شہر میں، so much so کہ حیات آباد جیسے علاقے میں مسجدوں میں اعلان کیے ہیں اور لوگوں کو بتایا ہے کہ آپ گھروں سے نکلیں کیونکہ سونامی جیسے زلزلہ کا خدشہ ہے جو افغانستان سے چل پڑا ہے اور بس پانچ اور سات کے درمیان پاکستان میں گھس رہا ہے۔

جناب چیئرمین! اس سلسلے میں Chief Minister, Frontier نے ایک press conference بھی کی اور وہ کہتے ہیں کہ میں تحقیقات کروں گا کہ یہ سازش یا یہ زیادتی کس نے کی ہے۔ یہ تو بالکل cleare چیز ہے کہ جن مسجدوں کے مولانا صاحبان نے یہ اعلان کیے ہیں وہی اس میں involved ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے مولانا صاحبان! ماشاء اللہ صاحب علم ہوتے ہیں، سب چیزوں سے واقف ہیں، ان کو اتنا شعور تو ہونا چاہیے تھا کہ یہ غیب کا علم تو صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے، اس کے بارے میں اور کوئی کیسے بتا سکتا ہے کہ طوفان یا زلزلہ آنے والا ہے۔

جناب چیئرمین! اس سلسلے میں آپ کی direction چاہیے کہ اس قسم کے جتنے مساجد کے علماء یا اس قسم کے مولوی صاحبان جو اس میں involve تھے، اور جنہوں نے اعلان کیے ہیں ان کے خلاف action لیا جائے اور آئندہ کے لیے وہ یہ خیال رکھیں کہ جو اذیت لوگوں کو پہنچی ہے، ----- یہاں تک کہ ہمارے parliament lodges میں رات کو فون آیا ہے exchange میں اور exchange نے پھر lodges میں بتایا ہے کہ جی آپ لوگ buildings سے نکلیں بس دنیا تباہ ہونے والی ہے۔

جناب چیئرمین! یہ ایک بہت بڑی سازش تھی اور ایک مذاق کیا گیا ہے، آپ کے توسط

سے اس میں کچھ ایسا action ہونا چاہیے کہ جن جن مساجد سے جس جس مولوی صاحب نے یہ اعلان کیا ہے، ان سے باقاعدہ پوچھ گچھ کی جائے۔

جناب چیئرمین، آپ نے خود ہی کہا ہے کہ اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ صاحب نے بھی کہا ہے کہ he will ask the Provincial Government to check out.

سینیٹر مولانا گل نصیب خان، جناب چیئرمین! صرف ایک ہی گزارش ہے کہ honourable Member جنہوں نے یہ بات کی کہ یہ علماء کرام نے کیا ہے۔ میرے خیال میں جرم کرنے والا، عالم ہو یا غیر عالم ہو، یہ دیہاتی ہو یا شہری ہو، یہ پڑھا لکھا ہو یا ان پڑھ ہو وہ پوری قوم کے مجرم ہوتے ہیں کسی ایک طبقے کے بارے میں اور پھر اہل علم کے بارے میں یہ بات کرنا مناسب نہیں ہے۔ جس کسی نے بھی جرم کیا ہے اس کے خلاف تحقیقات کا حکم دیا گیا ہے اور انشاء اللہ مجرموں کو سزا دی جائے گی۔

جناب چیئرمین، انور بیگ صاحب، This is the last one. میرے خیال میں نماز کے بعد کیونکہ یہ تو چودہ نام ہیں۔ منسٹر بھی یہاں پر موجود ہیں You do not want to start the discussion after the prayer.

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، ایک اور چھوٹا سا point of order تھا۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے کہ اگر بیگ صاحب کچھ کہنا چاہ رہے ہیں تو ان کو کہنے دیں۔

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، میرا چھوٹا سا ہے۔ منسٹر صاحب نے assurance دی تھی کہ اگر resolution آئے تو اس مسئلے کو ہم حل کر دیں گے۔ Resolution اسی دن submit ہو چکی ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ جب تک یہ resolution آتی نہیں ہے سی ڈی اے کو inform کر دیا جائے کہ وہ further action نہ لے کیونکہ ابھی تک وہ مسئلہ ادھر ہے۔ resolution submit ہو چکی ہے۔

جناب چیئرمین، I think انہوں نے کہا تھا کہ دیکھیں گے۔ There was no

commitment. This is a procedure that have been followed and it will certainly be considered but I do not think they said they will stop it because یہ administrative decision ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور)، جناب چیئرمین! اس پر میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ Rules and Procedure سینیٹ میں بھی جو ہماری کمیٹی ہے اس کے حوالے سے یہ درج ہے کہ وہ صرف مختص ہے ایم این اے اور سینیٹر صاحبان کے حوالے سے کسی اور دوسرے کو occupy کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ یہ جو آپ کی House Committee ہے deals with this matter اور اس میں صرف ایم این اے اور سینیٹر صاحبان خود stay کر سکتے ہیں۔

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، یہ اس وقت تھا جب پارلیمنٹ لاجز نہیں بنے تھے۔ جب پارلیمنٹ لاجز بن گئے ہیں تو سارے ادھر adjust ہوگئے ہیں۔ اب اس کی ضرورت نہیں ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، رہائش نہیں رکھی جا سکتی جو نوٹس دیئے گئے ہیں وہ legal نوٹس ہیں ۔ That is actually meant for the MNA and Senator. اب اس کو آپ کس طرح transfer کر سکتے ہیں؟

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، پھر آپ کی اس میں یہ ruling چاہیے کہ وہ کسی بھی purpose کے لئے ، کسی بھی office کے لئے استعمال نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین، نہیں میں پہلے تفصیل تو لے لوں ۔ I can not just give the ruling without knowing the full facts.

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، نہیں آپ اس پر کچھ -----

جناب چیئرمین، نہیں concerned Minister is not here جب تک پتہ نہ چلے I I do not think it will be proper but we will take it up.

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، جناب! اس کو اس وقت تک روک لیا جائے وہ

جہاں پر ہیں اس کو further نہ چھیڑیں۔ Notices as it is

جناب چیئرمین، وسیم سجاد صاحب آپ بھی ذرا اس کو دیکھ لیں۔

سینیٹر وسیم سجاد: O.k.

Mr. Chairman: I said the Committee will take it up. I still have about 12 points of orders, I want to finish them and then disburse for prayer. Baig sahib.

Senator Muhammad Enver Baig: Mr. Chairman, I would like to inform you, sir, that to my question regarding expenses of 3 former Prime Ministers, the honourable Minister for Foreign Affairs placed before this House. The total expenditure involved in the travel of three Prime Ministers. He may have the press statement today.

Mr. Chairman: That question has already been adjusted. You put in the proper system to move for it. It is not a ....

Senator Muhammad Enver Baig: Sir, he made a press statement that the figures submitted were wrong. Sir, I am moving a privilege motion against that what the honourable Foreign Minister has said because of giving wrong information to this House.

Mr. Chairman: We have not heard, I think, let them check it up. We have already given a document to him. Let them come back that will give us the state of affairs.

RE: INCREASE IN AIRPORT TAX

Senator Muhammad Enver Baig: On the point of order I would like to draw your kind attention to the increase of airport taxes,

effective from 16th of February. Today the airport tax on international flights is 400 for economy class and 600 for club class passengers

سولہ تاریخ سے یہ چار سو سے بڑھ رہا ہے سات سو ہو رہا ہے اور چھ سو جو بزنس کلاس کا

It has been increased to 1300. Sir, foreign travel tax is also levied on every passenger and every child that travels overseas.

Before the 31st of December, 1.5% Centeral Excise Duty was charged on the face value of the ticket. Sir, on top of that the Government was charging 300 Rupees per coupen as war insurance. Now, that war insurance was levied at the time of the second Afghan War. Afghan war is all over and now if you are travelling within Europe and if the ticket is sold in Pakistan on that coupon Afghan war insurance is charged.

Sir, I would like that the Minister incharge may please respond to this.

دوسرا sir ---

جناب چیئرمین، ایسی چیزوں کے لیے آپ Question پوچھ لیں' Minister موجود ہو گا'
وہ جواب دے گا۔

Senator Muhammad Enver Baig: Sir, I just like to inform you, fuel surcharge on Middle East is 3,900 and on the European sector in Trans Atlantic is 5,500. Sir, fuel charge

جب airline ticket issue کرتی ہے ' I mean they pay according to the prevailing world markets. So, there is absolutely no question of putting of fuel

غور ذرا آپ یہ chargeon every passenger and secondly more important is sir,

the foreign carriers who do not pick up fuel from Pakistan, they سنیں سے

for Middle East, they charge 3,900 and for یعنی also charge these rates

Europe they charge 5,500. In spite of the fact they do not pick up fuel

fromPakistan. Sir, this is total loot. As far as Pakistani workers are

80% travel to and ؟ concerned, and Overseas Pakistanis are concerned

from Pakistan is by Overseas Pakistanis from Europe, USA and the

Middle East Sir, اس طریقے سے آپ please نہیں کر سکتے۔ مہنگائی کا حال آپ دیکھیں کہ

کیا ہو رہا اور کس طریقے سے آپ charge کر رہے ہیں۔ Now, what they have done?

Very cleverly what PIA has done? effective from 1st of January, fuel

surcharge plus flight insurance انہوں نے flight کے اندر include کر دی ہے۔

They have included it in the ticket price. So, that the people are not aware of it and then on top of that they are charging 1.5% as Central Excise Duty. Sir, I would like, and then again similar is the case.

جناب چیئرمین ، میں عرض کروں یہ question کر دیں the relevant

Minister. would reply that. I don't think you will get proper reply now.

Senator Muhammad Enver Baig: If the Leader of the House may please inform the House

Mr. Chairman: I think the Leader of the House can't take on everything.

آپ proper طریقے سے سوال پوچھیں۔

Senator Muhammad Enver Baig: Sir, he is representative of the government. He could take these details and ...

جناب چیئرمین ، آپ دیکھ لیں he will pass it on but the proper way

would be to ask a question or move the other instruments available.

Senator Muhammad Enver Baig: Please ask him to respond tomorrow sir, because tomorrow probably is the last day.

Mr. Chairman: Tanvir Khalid Sahiba, and this is the last then we will disburse for the prayers after that.

RE: EMPTY PLOT IN KARACHI

سینیٹر تنویر خالد، شکریہ' آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں کراچی کے بہت اہم issue کے بارے میں بات کرنا چاہتی ہوں .sir کہ وہاں پر boating basin کے قریب ایک خالی پلاٹ جو دراصل amenitic plot ہے اور this is adjacent to many of the schools. اور ان سکولوں میں ہزارہا بچے جاتے ہیں۔ چھوٹے سے لے کر بڑے تک O level, A level کے تو اس پلاٹ کے اوپر U.S.Consulate کو shift کرنے کا اور building بنانے کا ارادہ ہو رہا ہے۔

اب ایک طرف تو یہ بچوں کا ہے' اور دوسرے amenitic plot ہے' اور تیسری بات یہ ہے کہ جب ایسی اہم embassies بن جاتی ہیں تو وہاں سڑکوں سے گزر نہیں سکتے ہیں' بڑی پابندیاں عائد ہو جاتی ہیں safety and security reasons سے۔ تو ان چیزوں کو دیکھتے ہوئے if it is shifted there تو بہت زیادہ problems بچوں اور بڑوں کو' parents کو' استادوں کو' اور سب کو پیش آئیں گی۔

میری بڑی ہمدردانہ' عاجزانہ گزارش ہے کہ ایسے Consulate ہر جگہ زمین خرید سکتے ہیں تو کیوں نہ یہ ذرا دور دراز جگہ پر' بچوں کے سکولوں سے ہٹ کر جہاں جی چاہے یہ خالی جگہ پر پلاٹ خرید لیں کیونکہ یہ residential area بھی ہے۔

جناب چیئرمین، یہ سندھ حکومت سے متعلقہ ہے and we will pass it on. وہاں provincial assembly میں جو آپ کے رفقاء Sindh Government میں ہیں' وہاں اٹھائیں۔ I think we disburse for prayer now.

سینیٹر تنویر خالد، چونکہ میرے شہر کا ہے تو میں یہ آپ کو پہنچانا چاہتی تھی۔ میں

کہنا چاہتی ہوں کہ سینیٹ نے جو مصیبت زدگان کے لیے توجہ چاہی ہے اور جو ہم نے اس میں کچھ share کیا ہے، میرے بیٹے نے بھی مجھے پانچ ہزار روپے دیے ہیں'۔ میں ابھی فنڈ جمع کرنے والوں کو یہاں پر دے دوں گی۔

Mr. Chairman: Thank you, we appreciate this.

سینیٹر میاں رضا ربانی (قائد حزب اختلاف)، جناب والا! میرا point of order بھی اسی سے related تھا۔ یہ آپ کا کہنا درست ہے کہ اس کا تعلق صوبہ سندھ سے ہے۔ لیکن آپ کے توسط سے ہم یہ چاہیں گے کہ اگر آپ صوبہ سندھ کی حکومت سے اس سلسلہ میں بات کریں۔ جیسے انہوں نے درست فرمایا کہ کوئی پانچ ہزار کے قریب affect ہو رہے ہیں۔ یہ Grammar School ہے اور دوسرے Montessori اور Kindergarten School ہیں اور پھر آپ اس علاقے سے بخوبی واقف ہیں کہ وہ سارا residential area ہے اور امریکن ایمبیسی جو ہے---

جناب چیئرمین: یہ فیصلہ ہو گیا ہے یا ابھی ایسے ہی ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب والا! These plots have been allocated to them.

جناب چیئرمین: ایک تو وہاں recreation centre تھا۔ کیا یہ وہ جگہ ہے؟

سینیٹر میاں رضا ربانی: یہ اس کے پیچھے ہے۔ وہ ان کو allocate ہو گیا ہے۔ اگر آپ اسے دیکھ لیں تو بہتر ہے کیونکہ ان کے لئے بھی ایک security risk ہے اور جو وہاں پر بچے ہیں، ان کے لئے بھی security risk ہوگا اور دوسرا inconvenient بھی ہوگا کیونکہ ابھی بھی آپ دیکھ لیں کہ Trade Hall کے سامنے کی جو سڑک ہے، وہاں پر parking allowed نہیں ہے۔ بنک کی parking, Clifton Bridge کے پاس جا کر کی جاتی ہے۔ لہذا یہاں پر schools میں بچوں کا آنا جانا pick up and drop یہ ان تمام کے لئے ایک مسئلہ رہے گا۔ اور residents will also be under a constant threat. Alternative land can be given anywhere else but not in such a densely populated area.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں عرض کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین، پہلے نثار میمن صاحب کا point لے لیں، پھر آپ کو موقع دیتے ہیں۔

Senator Nisar Ahmad Memon: Thank you Mr. Chairman, this is related to the same subject as my colleague has mentioned. I think my additional point to all that have been said and I fully support them, is that the Foreign Ministry should be asked by your goodself to submit to this House as to what their plans are? particularly in Karachi where so many important Consulates are to house them in a diplomatic enclave just like in Islamabad.

Mr. Chairman: This is being discussed with the Provincial Government. I am aware of it and they are trying to earmark the land because large area is needed but we pass this on to the Foreign Office and let them come back with formal information.

میرا خیال ہے کہ باقی کارروائی نماز کے بعد کرتے ہیں۔

ایک معزز رکن: اب لوگوں نے نماز پڑھ لی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں! کئی لوگوں نے ابھی نہیں پڑی ہے۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ: جناب والا! ایک میرا point ہے۔

جناب چیئرمین: نماز کا وقت ہے۔ آپ بات کرلیں، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ: میں مانسہرہ اور دیگر علاقوں کے بارے میں جہاں سیلاب آیا ہے---

جناب چیئرمین، یہ point already ہوگیا ہے۔ اب اگر ہر کوئی ایک ہی بات کو

دہرانے کا تو بات کیسے آگے بڑھے گی۔

RE: PROVISION OF AID/MECHINERY TO MANSEHRA ETC

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، میں مختصر عرض کرتا ہوں کہ اس وقت تک ضلع مانسہرہ، کوہستان اور اسی طرح شمالی علاقہ جات اور استور کی وادی میں نہ تو انتظامیہ پہنچی ہے اور نہ کوئی دوسری تنظیم گئی ہے۔ جناب والا! وہاں اس وقت roads بند ہیں، وہاں کمک پہنچ نہیں رہی ہے، اس لئے ہمیں جس چیز کی ضرورت ہے، وہ مشینری ہے۔یہ آپ نوٹ فرمائیں تاکہ ان علاقوں میں roads کھل سکیں۔ مریض یا جو لوگ وفات پا چکے ہیں، ان کو وہاں سے نکالا جاسکے۔

Mr. Chairman: We adjourn the House now for *Maghrib Prayer* and *Inshallah*, will reconvene at 6.35.p.m.

(The House, then adjourned for Maghrib Prayer)

(وقفہ نماز مغرب کے بعد اجلاس کی کارروائی زیر صدارت جناب ڈپٹی چیئرمین، جناب خلیل الرحمٰن دوبارہ شروع ہوئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، السلام علیکم۔ رضا صاحب نہیں ہیں یہاں پر۔ پروفیسر صاحب! میں آپ سے ہی درخواست کروں گا۔ پروفیسر صاحب! آج Private Member's Day ہے۔ یہاں پر میرے پاس point of order کے لئے whatever, it is about 13, 14 نام ہیں۔ یا تو ایسا کرتے ہیں کہ let us give free time for all. یا میرے خیال میں no more of this, Order of the day and Private Member's Day اور اسی پر ہی چلاتے ہیں because everybody has points but it comes only once a week. آپ کا ہے تو اب آپ تیار ہو کر آئے ہیں۔ اب سارا وقت اگر ہم اس پر لگا دیں تو I leave it to you, I mean it has nothing to do with me but 14, 15 points of order long ones.

You have got Adjournment Motions, you have got motions.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، میری رائے ہے کہ آپ restrictively half an hour points of order کے لئے مقرر کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، تو half an hour ابھی پورا نہیں ہوا ہے؟

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، نہیں، ابھی آپ رکھ لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آئندہ کے لئے ایک اور آدھا گھنٹہ دوں؟

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جی ہاں، آپ آدھا گھنٹہ restrictively دے دیں اور اس کے بعد debate شروع کر دیں خاص طور پر petroleum پر discussion ہو جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ہاں جی، وہ آپ کی ہے۔ آپ سب تیار ہیں، ۲۰، ۲۵ آدمی بولنے والے ہیں۔ تو وہ ہو گا کیسے؟ تو we agreed for half an hour. Alright.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب چیئرمین! ویسے یہ تو ہو نہیں سکتا کہ points of order نہ raise ہوں۔ Opposition is very strong about that. تو کم از کم آدھا گھنٹہ جو بھی ہے وہ آخر میں fix کر دیں تاکہ جو کچھ ہونا ہے وہ آدھ گھنٹے میں ہو جائے۔ آخر میں رکھ دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، بھنڈر صاحب! "آ عندلیب مل کے کریں آہ و زاریاں۔" آدھا گھنٹہ جب آئے گا تو دیکھ لی جائے گی۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب! آدھا گھنٹہ ہر روز۔ اب تو ایک دن رہ گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ابھی دیکھیں۔ let me go by order. نہیں آپ بیٹھ جائیں۔ I have got the list and I would call the names. Maulana Rahat Hussain. آپ کا تو یہاں نام ہی نہیں ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، میں نے نام دیا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، میرے خیال میں کوئی آپ کے ساتھ ہاتھ کر گیا۔ انہیں بولنے دیں۔ جی راحت حسین صاحب۔

RE: HELP/AID TO SHANGLA DISTRICT

سینیٹر مولانا راحت حسین، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب چیئرمین۔ میں ضلع شانگلہ کے حوالے سے بات کر رہا تھا کہ جو برف باری اور بارشوں کی وجہ سے سارے صوبہ سرحد میں اور خصوصاً ہمارا ضلع شانگلہ جو بہت ہی پسماندہ ہے اور official survey بھی یہی ہے کہ سارے پاکستان میں غریب ترین ضلع، ضلع شانگلہ کو قرار دیا گیا ہے۔ وہاں پر ساری سڑکیں بند ہیں۔ صوبائی حکومت نے بھی کچھ تعاون کیا ہے۔ آپ کی وساطت سے میں مرکزی حکومت سے سفارش کرتا ہوں کہ وہ ہمارے ساتھ ضلع شانگلہ کے حوالے سے، کوہستان اور بٹگرام کے حوالے سے مکمل تعاون فرمائے۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Prof. Ghafoor sahib.

RE: LOADSHEDDING OF GAS IN ISLAMABAD/RAWALPIND

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جناب چیئرمین! میں نے مختصراً یہ بات عرض کرنی ہے کہ اسلام آباد میں بھی بہت زیادہ بارشیں ہوئی ہیں اور سردی پڑی ہے۔ اسلام آباد میں بھی گیس کی لوڈ شیڈنگ ہوئی ہے۔ اس سے راولپنڈی اور اسلام آباد کے لوگوں کو بہت تکلیف ہوئی ہے۔ میں آپ کے وساطت سے حکومت سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس معاملے کو دیکھے۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Kalsoom Perveen sahiba.

RE: BASIC NECESSITIES FOR BALOCHISTAN

سینیٹر کلثوم پروین، جناب چیئرمین! میں ایک بات یہاں کہنا چاہوں گی، بلوچستان کے حوالے سے ہی ہے، یہ بارشوں کی وجہ سے بہت زیادہ تباہی ہوئی ہے۔ اس میں ہمارے صدر صاحب بنفس نفیس، خود پہنچ گئے ہیں اور فوج کے ان نوجوانوں کو بھی ہم سلام پیش کرتے ہیں کہ اس خراب موسم کے باوجود جس طریقے سے وہ وہاں لوگوں کی help کر رہے ہیں۔ جنا ب چیئرمین! ایک .slide T.V پر چل رہی ہے کہ اس وقت پسنی میں لوگوں کو خوراک کی ضرورت

ہے۔ وہاں کے صوبائی وزیر جناب شیر جان بلوچ نے لوگوں سے request کی ہے کہ ہمیں کھانے پینے کے لیے چیزیں چاہئیں کیونکہ وہاں حالات ایسے نہیں ہیں کہ کچھ پکا سکیں۔ وہاں پر ہر جگہ پانی ہی پانی ہے اور آگ نہیں ہے۔ لہذا میں صدر صاحب سے اور وزیر اعظم صاحب سے بھی جو خود اس معاملے کو دیکھ رہے ہیں' وہاں کے نوجوان بھی وہاں پر لگے ہوئے ہیں' زیادہ کوشش یہ ہونی چاہیے کہ لوگوں کو biscuit اور ایسی دوسری خشک چیزیں پہنچائی جائیں تاکہ جب تک رسل و رسائل کی حالت صحیح نہیں ہوتی اس وقت تک ان کے لیے ایسی خوراک کا بندوبست کیا جائے۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much. Sanaullah Baloch.

RE: PROBLEMS OF BALOCHISTAN AFTER THE FLOODS

Senator Sanaullah Baloch: Thank you Mr. Chairman.

میں آپ کا مشکور ہوں' جس طرح بی بی کلثوم پروین صاحبہ نے بھی فرمایا۔ جناب! 10 اور 11 کی درمیانی شب بلوچستان میں اور خاص طور پر بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ایک ناگہانی سی سیلاب کی صورتحال اس لیے بن گئی کہ وہاں پر پسنی میں شادی کور ڈیم تھا' جس کی نشاندہی علاقے کے لوگوں نے ایک ہفتے قبل کردی تھی کہ اس میں cracks آگئے ہیں' لیکن حکومت کی عدم توجہ کے باعث [illegible] وہ ڈیم مکمل طور پر تباہ ہوا' اور آج تک تقریباً 200 سے زیادہ ہلاکتیں ہوئی ہیں جن کو حکومت [illegible]م نہیں کیوں چھپانے کی کوشش کر رہی ہے۔ اس سے پہلے------

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ point بتائیں ناں۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، بارہ تاریخ کو جناب! جنرل مشرف صاحب وہاں پر گئے' بارہ تاریخ کو پورا بلوچستان سراپا احتجاج تھا بلوچستان کے مسائل سے متعلق اور جنرل مشرف صاحب نے------

Mr. Deputy Chairman: Is this a point of order? It is totally out of order. Please give the point and don't give the scenario.

Senator Sanaullah Baloch: I am giving the point, sir.

Mr. Deputy Chairman: You are not giving the point. Now, let us see the point.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، جناب چیئرمین! جنرل صاحب اگر وہ سربراہ مملکت ہیں تو ان کو یہ زیب نہیں دیتا کہ بلوچستان کے لوگ کھلے آسمان تلے اس ٹھٹھرتی سردی میں مر رہے ہیں، اور وہ ادھر جا کر اس سیلاب کے، بحالی کے مسئلے کو اپنے سیاسی کاروبار کے لیے اور دکانداری کے لیے استعمال کریں۔

Mr. Deputy Chairman: I think that is it. That is enough.

Senator Sanaullah Baloch: No, sir, listen to me.

جناب ڈپٹی چیئرمین، بس point ہوگیا، آپ نے point بنا دیا۔ آپ بیٹھ جائیں۔

I can handle this. Please sit down. Please cut it short.

جناب ثناء اللہ بلوچ، جناب! ایک تو یہ کہ بلوچستان کے لوگوں کی غربت کے ساتھ مذاق کا سلسلہ ختم کیا جائے۔ بلوچستان آج اگر صدر مملکت یا جو وہ de facto President ہو گئے ہیں، انہوں نے اس طیارے میں اپنی جیب سے تیل نہیں ڈالا، انہوں نے اپنی جیب relief سے نہیں دیا۔ بلوچستان کے غریب انسان سالانہ 6.5 ارب روپے مختلف ٹیکسوں کی مد میں وفاقی حکومت کو دیتے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you. This is not a point of order. I do not admit this as a point of order. Gulshan Saeed sahiba. No, please sit down. Switch off his mike.

Senator Wasim Sajjad: When the Chairman says sit down, when the Chairman ruled it out, he should sit down.

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ کی باری ابھی نہیں آئی ہے۔ آپ کی باری آنے گی تو میں آپ کو بلالوں گا۔

سینیٹر وسیم سجاد، جناب والا! پارلیمانی روایت یہ ہے کہ چیئرمین جب کہتا ہے "No" تو پھر no.

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ بولیں۔ رضا صاحب! You are a seasoned politician. Is this a point of order?

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! میری بات سنیں۔ اگر آپ stricto senso دیکھیں تو جو بھی باتیں ہو رہی ہیں وہ points of order according to the rules نہیں ہیں، لیکن میں آپ سے یہ عرض کر رہا ہوں کہ آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔ آپ نے اس House میں مجھ سے زیادہ وقت گزارا ہے۔ Opposition کے پاس اور Treasury کے ممبران کے پاس اپنی رائے اور اپنے grievances کو air کرنے کا یہ ایک سلسلہ بنا ہوا ہے۔ میں آپ سے گزارش یہ کروں گا، آپ نے ہمیشہ بڑی patience show کی ہے اور آپ نے House کو بڑے relaxed ماحول میں چلایا ہے۔ ابھی آپ پتہ نہیں کیوں اتنے tense ہوگئے ہیں اور House کو بھی آپ نے tension میں ڈال دیا ہے۔

Mr. Deputy Chairman: No, I am not putting anybody in tension. Look there is a limit to everything. Raza, there is a limit, I mean you can't go into personalities.

بھئی آپ بات کریں کہ یہ نہیں ہے وہ نہیں ہے، اس کی کمی ہے۔ مگر یہ نہیں کہ آپ ڈنڈا لے کر ایک آدمی کے پیچھے پڑ جائیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین! میری بات سنیں۔ میں آپ سے گزارش کروں گا کہ وہاں پر جو صورتحال ہے وہ ایک مخصوص صورتحال ہے۔ آپ دو، تین منٹ مناء صاحب کو دے دیں وہ اپنا point explain کر دے گا۔

Mr. Deputy Chairman: But he should stay within the norms.

He is just not staying within the norms.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, he is within the norms.

جناب چیئرمین صاحب! آپ مجھے یہ بتائیں کہ کیا آپ Opposition سے یہ expect نہیں کرتے کہ وہ Government Actions کو justifiably criticise کرے۔

Mr. Deputy Chairman: Government Action, yes, but don't bring in personalities.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, if the personality happens to be General Musharraf then what can we do?

سینیٹر وسیم سجاد، میرے خیال میں یہ ایک بنیادی سوال ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، گلشن سعید صاحبہ' ابھی آپ کی باری آنے والی ہے۔

سینیٹر وسیم سجاد، جناب والا! رضا صاحب نے یہ ٹھیک فرمایا کہ کچھ points ایسے ہیں جو نہیں بنتے لیکن چیئر کبھی کبھی allow کرتی ہے' لیکن اس کی جو حد ہے وہ یہ ہے کہ جب چیئرمین کہہ دے کہ میں اس کو rule out کرتا ہوں' یا آپ بات نہیں کر سکتے' اصول' یا پارلیمانی روایات' یا قانون یہ ہے کہ پھر speaker کو' ممبر کو رک جانا چاہیے اور چیئر کا احترام کرنا چاہیے کیونکہ اگر ہم چیئر کا احترام نہیں کریں گے تو پھر .it is free for all پھر تو یہ ہے کہ کوئی یہاں سے اٹھ جائے گا' کوئی وہاں سے اٹھ جائے گا۔ تو میری گزارش یہ ہے جناب کہ it should 'be allowed by you even if you want to deviate from the rules لیکن اس کی limit یہ ہے کہ when the Chairman says, "No", it means no.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین! میں وسیم صاحب کی اس بات سے بالکل agree کرتا ہوں کہ چیئر کی بات کو ہر ممبر کو ماننا ہے اور چیئر کی ہم respect کرتے ہیں۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ میں آپ سے ایک بار پھر گزارش کروں گا کہ آپ اپنے اس فیصلے پر تھوڑی سی نظرثانی کرتے ہوئے' دو' تین منٹ شاہ صاحب کو دے دیں تاکہ وہ اپنے نقطے کو پورا کرے اور پھر آپ آگے چلیں۔

سینیٹر وسیم سجاد، دیکھیں جی، this is not right. اگر چار بندے اٹھ جائیں تو چیئرمین فیصلہ بدل دے۔ Sir, we may have differences but we should be united on one thing and that is dignity and decorum of the House.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! اگر dignity and decorum کی بات کر رہے ہیں تو یہاں پر کوئی regimented rules نہیں ہیں اور نہ ہی آپ نے as such کوئی ruling دی ہے۔

You would be very much within your purview if you showed leniency and you allowed him to complete his point of order. I would again request you. That would be in the interest of the House.

Senator Wasim Sajjad: It means that you have been asked to change your opinion because four people have stood up and said

کہ آپ change کر دیں۔ It should not happen. It should be made very clear.

Mr. Deputy Chairman: Just leave it to me.

شاہ آپ بیٹھ جائیں۔ I will give you chance later. گلشن سعید صاحبہ۔

RE: PAKISTANI DRIVERS IN SAUDI ARABIA

سینیٹر گلشن سعید، میرا پوائنٹ آف آرڈر اس چیز کے متعلق ہے کہ ایک اخباری خبر کے مطابق حکومت سعودی عربیہ 90,000 ہمارے ڈرائیورز جو Lamousine چلاتے ہیں ان کو نکالنا چاہتی ہے۔ جناب والا! یہاں پاکستان میں ابھی بھی نوکریوں کی حالت اچھی نہیں ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ گورنمنٹ کی سطح پر سعودی گورنمنٹ سے اس چیز پر احتجاج کیا جائے کہ ان کا کوئی قصور نہیں ہے اور ان کو نوٹس دے دیئے گئے ہیں' اخبار کے مطابق۔ دو تین اخباروں میں یہ خبر پڑھی ہے کہ 90,000 پاکستانی ڈرائیوروں کو نکالا جا رہا ہے۔ جناب والا! صورتحال اور زیادہ خراب ہوجائے گی۔ میرے خیال میں آپ اس چیز کا نوٹس لیں اور فارن آفس کو بتایا جائے تاکہ ان سے پوچھا جائے کہ بھئی وہ ایسا کیوں کر رہے ہیں؟ ہمارے ساتھ سعودی عرب کا بڑا بھائی چارہ

ہے۔ ابھی یہاں سے ایک وفد گیا ہے' وہ یہاں پر تجارت کر رہے ہیں تو ہمارے لوگ جو وہاں پر مزدوری کرنے گئے ہیں ان کو کیوں نکالنا چاہتے ہیں' اور وہ بھی اتنی زیادہ تعداد میں نکالنا چاہتے ہیں۔

دوسری میری یہ request ہے کہ House کا اتنا اچھا ماحول ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پوائنٹ آف آرڈر میں نے ایک منٹ میں بیان کر دیا ہے۔ ایک منٹ میں اپنی ضروری بات بیان کی جائے۔ ہم لوگ سارے بلوچستان کے لئے' ہمارے چوہدری شجاعت حسین صاحب-----

جناب ڈپٹی چیئرمین، اب دیکھئے یہ آپ کا پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ آپ نے جو کہنا تھا-----

سینیٹر گلشن سعید، بلوچوں کو بھی بتا دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، پلیز بیٹھ جائیں۔

سینیٹر گلشن سعید، ثناء صاحب تو صرف باتیں کرتے ہیں ہم تو کام کر رہے ہیں۔ بلوچی تسلی رکھیں، ہم بلوچستان میں جا بھی رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، گلشن سعید صاحبہ! آپ بیٹھ جائیں۔ رحمت اللہ کاکڑ صاحب۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ، شکریہ جناب چیئرمین! کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ٹوٹا۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ، جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، چلو ٹوٹا تو سہی۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ، 10 فروری نوائے وقت' کالم نگار اجمل نیازی' جنسی سوال نامہ پاکستان کی نویں اور گیارہویں جماعت کے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ شراب کس عمر میں شروع کی ہے؟ گرل فرینڈ یا بوائے فرینڈ کب رکھا؟ اس کے بعد اثرات کیا محسوس کیے؟ اس سے پہلے کیا حالت تھی؟ وفاقی وزیر تعلیم صاحب اس وقت شاید تشریف فرما نہیں ہیں ان تک یہ آواز پہنچا دیجیے۔ میری پورے ہاؤس سے گزارش ہے کہ تمام کارروائی آئندہ کے لئے معطل کر

کے اس شرمناک سوالنامے کا جواب دیا جائے۔ صدر مملکت اور وزیراعظم صاحب سے گزارش ہے کہ اگر وہ اس سوالنامے کو اپنے بچوں کے لئے پسند کرتے ہیں تو پھر بے شک پوری قوم کے بچوں پر اس کو مسلط کر دیں۔ تینوں صوبے اس کو reject کرچکے ہیں صرف پنجاب کے شیر چوہدری پرویز الہیٰ نے اس کو منظور کیا ہے۔ خورشید قصوری صاحب کے بیکن میں اس کو accept کیا گیاہے۔ شرم کا مقام ہے، ڈوبنے کا مقام ہے۔ خدارا! اس قوم کو، اس قوم کے بچوں کو اس لعنت سے نجات دلائی جائے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں آغا خان تعلیمی بورڈ کا----

جناب ڈپٹی چیئرمین، کاکڑ صاحب! اس پر کافی بحث ہو چکی ہے۔ چیئرمین صاحب نے بھی نوٹس لیا تھا۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، میری کسی کے ساتھ ذاتی عداوت نہیں ہے۔ نہ میں نے یہ لکھا ہے۔ میری گزارش ہے کہ خدارا! اس ملک کے بچوں پر رحم کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ بیٹھ جائیے۔ دیکھیے اس پر کافی بحث ہو چکی ہے بس پہنچ جائے گا۔ رزینہ عالم صاحبہ۔

RE: KIDNAPPING OF AN INFANT FROM HOSPITAL

سینیٹر رزینہ عالم خان، شکریہ جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ اور اس ایوان کی توجہ پشاور کے اس واقعے کی جانب دلانا چاہتی ہوں جو کہ آج کے نوانے وقت میں ہے۔ ایک خاتون رضوانہ جبار کا نومولود بچہ وہاں کے ہسپتال سے اغوا ہوگیا اور پولیس نے ان کے ساتھ تعاون نہیں کیا۔ پھر انہوں نے پرائم منسٹر صاحب سے رابطہ قائم کیا اور وزیر اعظم صاحب نے حکم دیا ہے کہ اڑتالیس گھنٹوں میں بچہ برآمد کیا جائے۔ جناب والا! یہ بچوں کے اغوا کے واقعات اکثر ہسپتالوں میں ہوتے رہتے ہیں اور وہاں کے عملے کے کچھ لوگ بھی اس میں ملوث ہوتے ہیں۔ میری یہ گزارش ہے کہ اس قسم کے واقعات ہسپتالوں میں نہ ہوا کریں۔ جناب والا! ماں کے لئے سب سے قیمتی چیز اس کی اولاد ہوتی ہے۔ اس ماں کی حالت کا کوئی اندازہ کرے جو تین دن مسلسل پریشان رہی ہے اور اس کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ مہربانی کرکے اس بات کا نوٹس لیا جائے کہ ہر کام میں صدر صاحب یا وزیراعظم صاحب مداخلت کرتے ہیں تب جا کر کوئی

شنوائی ہوتی ہے۔ ہمارے ہاں کوئی سسٹم ہونا چاہیے، کوئی شنوائی ہونی چاہیے اور اس قسم کے واقعات کے سدباب کے لئے کوئی طریقہ کار ہونا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ۔ عبداللہ ریاڑ صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، شکریہ جناب چیئرمین۔

RE: NATIONAL INSTITUTE OF HEALTH

جناب ڈپٹی چیئرمین ، دیکھیں I am going through the list. I have written your name now. Little patience will do.

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، جناب چیئرمین! میں آپ کے توسط سے اس ہاؤس کی توجہ اس خبر کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں جس میں ہمارے سامنے لایا گیا ہے کہ National Institute of Health جو Ministry of Health کے under ایک بہت اہم ادارہ ہے جس کا billions of rupees کا بجٹ ہے اور اس کی اہم ذمہ داریوں میں سے ایک ذمہ داری یہ بھی ہے کہ وہ ملک میں vaccine کی manufacturing اور vaccine کی availability یقینی بنائے جس میں Anti snake venom, Diphtheria, Tetanus, Polio, MMR اور Hepatitis جیسی vaccines کی اشد ضرورت ہمارے معاشرے میں رہتی ہے۔ اس ادارے میں لاکھوں اور کروڑوں روپے کے اخراجات سے لیبارٹریاں بھی لگائی گئیں اور وقتاً فوقتاً اس نظام کو چلانے کے لئے ہمیشہ state resources کو utilize کیا گیا۔ لیکن کسی بھی ایک vaccine کی self sufficiency تک یہ ادارہ آج تک نہیں پہنچ سکا۔ مجھے نہایت افسوس کے ساتھ یہ آپ کے سامنے لانا پڑ رہا ہے کہ Ministry of Health نے کوئی prudent measures ابھی تک نہیں لئے جو کہ اس ملک کی اہم ترین ضروریات، preventive health care عوام اور آنے والی نسلوں کے لئے ضروری ہے۔ ہم ہمیشہ باہر کے donors کی طرف دیکھتے ہیں اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار نہیں لاسکے۔ مجھے امید ہے کہ آپ اس نقطے کو متعلقہ وزیر تک پہنچائیں گے کیونکہ وزیرصحت آج موجود نہیں ہیں۔ Somehow ان کا نوٹس لیا جائے گا اور اس مسئلے کا long lasting حل کیا جائے گا۔ اسی point کو آگے بڑھاتے ہوئے آپ کی مہربانی سے last time میں نے اس

floor پر ایک issue discuss کیا تھا کہ Pakistan Railways نے 98 million dollars کے Chinese Locomotives import کیے تھے جس میں سے 9 ground ہو گئے ہیں ابھی operational ہونے سے پہلے ہی اور چودہ اور ground ہونے والے ہیں Subsequently I spoke to the Chairman Pakistan Railways. And he failed to give any concrete information. I also personally spoke to the Minister of Railways, he agreed that we have a serious problem میری آپ کے توسط سے التجا ہے، اور اس ہاؤس کے توسط سے کہ یہ defective locomotives جو close to hundred million dollars کے خریدے گئے تھے جو استعمال ہونے کے شروع کے چند مہینے میں ہی ground ہو گئے ہیں۔ اس کی تحقیقات کی جائے اور culprits کو سامنے لایا جائے۔ Thank you, Mr. Chairman.

Mr. Deputy Chairman: Thank you, Maulana Gul Naseeb Sahib.

RE: FLOODS AND SNOWFALL IN NWFP/BALOCHISTAN

سینیٹر مولانا گل نصیب خان، شکریہ جناب چیئرمین۔ صوبہ سرحد میں حالیہ بارشوں اور برف باری کی وجہ سے شمالی اضلاع خصوصا اور باقی صوبہ اور بلوچستان بھی خصوصا اس وقت انتہائی مشکلات کی لپیٹ میں ہیں، اور ایسی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں کہ لوگوں تک اور ان لوگوں کی دیہاتوں تک رسائی ممکن نہیں ہے۔ برف باری کی وجہ سے وہاں پر جو لوگ مر گئے ہیں ابھی تک ان کی لاشیں نکالی نہیں گئی ہیں، اور بیر بالا، بیر پائی میں خصوصی طور پر ڈھیر سارے نقصانات ہوئے ہیں اور تحصیل حاکم زئی میں اسفند کے مقام پر ایک پہاڑی ٹوٹی ہے جس کی وجہ سے ایک پورا گاؤں متاثر ہوا ہے اور بارشوں کے ہوتے ہوئے وہاں ٹینٹ لگا رکھے ہیں اور انتہائی اقدام کے وہ لوگ منتظر ہیں۔ لہٰذا گزارش ہے کہ، صوبہ سرحد کی حکومت نے چھ کروڑ روپے کے امدادی package کا اعلان کیا ہے اور میں اس floor پر شکریہ ادا کرتا ہوں حکومت سندھ کا کہ انہوں نے بھی پانچ کروڑ روپے، اخباری بیان کے مطابق پانچ کروڑ روپے کے package کا اعلان کیا ہے،

لیکن اسی صورت حال کو اگر غور سے دیکھا جائے اور وہاں کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے مرکزی حکومت ایک بڑے package کا اعلان کرے تاکہ ہم حالات پر قابو پا سکیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، نصیب صاحب میں اس کو coordinate کر رہا تھا Frontier میں latest list جو آئی ہے اس کے مطابق 194 dead ہیں اور 142 زخمی ہیں۔ باقی requirements تو جو مسلم لیگ کی طرف سے ہو رہا ہے Leader of the House کر رہے ہیں۔ باقی حکومت کو پتا ہے کن صوبوں میں انہوں نے چکر لگایا ہے وہاں پر۔ پروفیسر خورشید صاحب۔

RE: ARREST OF CARDIAC SURGEONS

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، میرے خیال میں point of orders ختم ہو جائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ کا point of order یہاں پر لکھا ہوا ہے۔ اگر نہیں بولتے تو کسی اور کو دے دیتا ہوں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، میں کہہ دیتا ہوں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔جہاں تک سرحد اور بلوچستان میں سیلاب اور بارشوں کی صورت حال کا تعلق ہے، اس معاملہ میں حکومت نے بلاشبہ مرکزی اور صوبائی سطح پر اقدامات کیے ہیں لیکن وہ ناکافی ہیں۔ آپ خود اس کو admit کریں گے، مجھے جو اطلاعات وہاں سے مل رہی ہیں وہ یہ ہیں کہ بہت سے علاقے ایسے ہیں کہ جہاں ابھی تک لوگ پہنچ ہی نہیں سکے، اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہیلی کاپٹر اور heavy machinery، جس سے راستے صاف کیے جا سکیں، available نہیں ہے۔ میں عرض کروں گا کہ emergencyبنیاد پر خصوصاً آپ خود نگرانی فرما رہے ہیں تو آپ ان دو چیزوں کا بندوبست کر دیں تو شاید کچھ صورت حال بہتر ہو جائے۔

دوسری چیز جو میں آپ کے توسط سے عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ کراچی میں جو Cardiac surgeons گرفتار کیے گئے تھے ان کو چھ مہینے ہونے کو آ گئے ہیں، ان کو رہا نہیں کیا گیا ہے۔ Charge sheet کرنے میں بھی بہت وقت ضائع کیا گیا ہے، اور بالآخر جس الزام پر انہیں گرفتار کیا گیا تھا terrorism کی، اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ جب ان کو release

کرنے کا آرڈر دیا گیا تو اس کے بعد کسی اور فرد جرم میں safety act کے تحت گرفتار کر لیا گیا۔ یہ دراصل لوگوں کی آزادی کے ساتھ' وہ معزز شہری ہیں' ان کا track record بڑا اعلیٰ ہے' وہ Cardiac surgeon ہیں۔ تمام Medical Institutions نے احتجاج کیا ہے لیکن حکومت اس معاملہ میں نہایت غفلت ہی نہیں میں کہوں گا بلکہ ظالمانہ رویہ اختیار کیے ہوئے ہے۔ پرسوں بھی میں نے Prime Minister کو متوجہ کرنے کی کوشش کی' Interior Minister کو کی' کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔

جناب والا! میں چاہوں گا کہ اگر آپ کے توسط سے اس مسئلے کو highlight کیا جا سکے تو میں بہت ممنون ہوں گا۔

Mr . Deputy Chairman:Thank you , Professor Sahib . Farhatullah Babar Sahib.

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، ایک منٹ۔جناب والا! ان پر پہلا charge یہ لگایا گیا تھا کہ انہوں نے Corps Commander کے convoy پر حملہ کیا تھا لیکن بعد میں حکومت نے یہ charge withdraw کر لیا' اور چوہدری شجاعت صاحب نے وعدہ کیا تھا کہ اگر charge ثابت نہیں ہوگا تو ہم یہ کیس واپس لے لیں گے تاہم جیسے پروفیسر صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کو کسی دوسرے کیس میں پکڑ لیا ہے۔ یہ انہوں نے مان لیا ہے کہ Corps Commander کے convoy پرحملہ کرنے میں ان کا کوئی ہاتھ نہیں تھا' لیکن بعد میں انہیں اور الزام کے تحت گرفتار کر لیا ہے' اور یہ دونوں نامی گرامی سرجن ہیں' میرا خیال ہے کہ یہ بات بڑی تشویش ناک ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ۔ فرحت اللہ بابر صاحب۔

RE: DHA

سینیٹر فرحت اللہ بابر : جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں بہت مختصراً آپ کی توجہ اور آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ گزشتہ جمعرات 10 فروری کو کابینہ کے فیصلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں جس میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اسلام آباد ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی بنائی جائے گی۔ جیسے

ہی یہ فیصلہ ہوا، اس کے چند گھنٹے کے اندر Combined Opposition نے جس میں PPPP, ANP, MMA, اور PML(N) اور پونم بھی شامل ہے، ایک تحریک التوا کا نوٹس دیا اور کہا کہ یہ بڑا ہی اہم مسئلہ ہے، اس پر بحث ہونی چاہیئے۔ جناب چیئرمین! یہ صرف ایک private housing society کا ذکر نہیں ہے۔ یہ مسئلہ دراصل پاکستان میں معاشی assets اور زمینوں کی تقسیم کا مسئلہ ہے۔ میری آپ سے گزارش ہوگی کہ چونکہ شاید کل سینیٹ کا آخری دن ہوگا، اس لئے اس سلسلے میں دی گئی Adjournment Motion پر کل ایوان کی کارروائی روک کر ضرور بحث کی جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ۔ بخاری صاحب۔

RE: EXPO CENTRE IN LAHORE

سینیٹر سید سجاد حسین بخاری، شکریہ۔ جناب والا! میں آپ کی توجہ ایک انتہائی اہم مسئلہ کی طرف مبذول کرانا چاہ رہا ہوں اور وہ یہ ہے کہ لاہور میں Expo Centre بنانے کے لیے گورنمنٹ نے ایک سال پہلے اعلان کیا تھا کہ اس کے لیے چار سو کنال زمین مختص کر دی ہے اور Ministry of Commerce نے اسی کروڑ روپے اس کے لیے مختص کئے ہیں مگر آج تک اس پر کوئی کام نہیں ہوا۔ وہاں پر لوگ یہ بات کر رہے ہیں کہ اس کے ارد گرد جو زمینیں تھیں، ان کی vested interest کے تحت قیمتیں بڑھانے کے لیے اس منصوبے کا اعلان کیا گیا تھا۔ اب اس سے حکومت کی بدنامی ہو رہی ہے اور بدگمانی بھی ہو رہی ہے لہذا اس بدگمانی کو ختم کرنے کے لیے کوئی کارروائی ہونی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، عزیز اللہ سانکزئی صاحب۔

RE: SHADI KORE DAM

سینیٹر عزیز اللہ سانکزئی : جناب چیئرمین صاحب!

بڑا شور سنتے تھے پہلو میں دل کا

جو چیرا تو اک قطرہ خون نکلا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، "جو چیرا تو اک قطرہ خون نکلا۔"

سینیٹر عزیز اللہ ساتکزئی : جناب والا! پورے دو مہینے سے بلوچستان پر بحث ہو رہی ہے، کمیٹیاں بنی ہیں لیکن ان کا result ابھی تک نہیں نکلا ہے۔ امید ہے کہ نکلے گا۔ اب یہ ہمیں معلوم نہیں ہے کہ "گا" کتنا بڑا ہے۔

عزت مآب ! کل رات TV پر ہمارے وزیر اطلاعات، شیخ رشید کو جو کہ TV کے بلا شرکت غیرے مالک ہیں، کو دکھایا گیا ہے، انہوں نے بلوچستان کے دورہ کے حوالے سے کہا ہے کہ یہ کوئی بند وغیرہ نہیں ٹوٹا ہے بلکہ مٹی کا ایک تودہ ہے جو ٹوٹا ہے اور کوئی نقصان نہیں ہوا ہے۔ میں آپ کے توسط سے بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارا جو اتحاد اور اتفاق اس چیز پر ہو رہا ہے، اس حوالے سے کچھ لوگوں کو یہ بات پسند نہیں آرہی ہے اور وہ ایسی باتیں کر رہے ہیں۔ یہ شادی کور بند ہمارے لئے تو ایک بڑا بند ہے۔ اس کے ٹوٹنے سے تقریباً دو سو کے قریب لوگ مارے گئے ہیں۔ یہ اس سے بھی زیادہ ہو سکتے ہیں۔ نصیر آباد ڈویژن میں، بولان ضلع میں چھ آدمی سیلاب کی وجہ سے فوت ہوئے ہیں، لیکن یہاں کے وزراء جو اس سرزمین سے واقف نہیں ہیں، ان کو کوئی خبر نہیں ہوتی ہے اور اس طرح سے بیان دے کر انہوں نے ہمارا مذاق اڑایا ہے۔ بلوچستان کا رات انہوں نے مذاق اڑایا ہے کہ یہ ایک مٹی کا تودہ تھا جو بہہ گیا ہے۔ جناب والا! آپ خود سوچیں کہ یہ مٹی کا تودہ نہیں بہا ہے بلکہ بند ٹوٹا ہے اور اس میں دو سو آدمی مرے ہیں۔ اس لیے میں آپ کے توسط سے ان تک یہ بات پہنچانا چاہتا ہوں کہ مہربانی کریں اور آئندہ اس چیز کی احتیاط کریں۔ ہم عزت دار لوگ ہیں، بھوکے ضرور ہیں، فریاد ضرور کرتے ہیں لیکن باضمیر اور غیرت مند لوگ ہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، Thank you. رخسانہ زبیری صاحبہ، آپ نے کہا ایک منٹ، you have a minute because time ہونے والا ہے۔

RE: MILITARY LANDS

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری، Thank you very much sir. آپ کی توجہ میں ڈیفنس کی زمینوں کے سلسلے کی طرف دلانا چاہتی ہوں۔ ایک طرف اخبار میں دو tender ہیں جنہوں نے Five star hotels کی construction کے لیے لاہور میں tender مانگے ہیں۔

دوسری طرف ایم ۔اے جناح روڈ پر وہ زمین الاٹ کر رہے ہیں۔الاٹ نہیں کر رہے بلکہ نیلام کر رہے ہیں کمرشل مقاصد اور فلیٹس کے لیے اور ہم یہ چاہیں گے کہ یہ بہت important issue ہے کیونکہ جب ان سے بات ہوتی ہے کہ DHA کے charges کے لیے' dues کے لیے تو وہ کہتے ہیں کہ

DHA is an autonomous body, we have nothing to do. Then, why it is being presented here? Why the Cabinet is involved ? Why they are not paying their dues? Sir this is resource manipulation. This needs to be discussed. What I request is sir, kindly allow adjournment motion tomorrow, so that this is discussed at length. I am a signatory of that adjournment motion. Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ ' کامران صاحب last one اس کے بعد آخر میں' میں ان کو دے رہا ہوں Let everybody finish and I will tell him what not to do آپ نے بھی بولنا ہے ۔ صرف پانچ منٹ رہ گئے ہیں۔ آپ جلدی سے بول لیں۔

RE: KIDNAPPING OF AN ARMY MAN FROM QUETTA

سینیٹر کامران مرتضٰی، نہیں جناب! میں ایک منٹ لے رہا ہوں۔ا یک طرف تو پڑھے لکھے پنجاب کی بات ہو رہی ہے جہاں sex کے بارے میں سوالات پوچھے جا رہے ہیں اور دوسری طرف بلوچستان میں چھاؤنیاں قائم کرنے کی بات ہو رہی ہے۔جناب آپ کے توسط سے میں اس ایوان کی توجہ ایک واقعہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ چند روز ہوئے کوئٹہ چھاؤنی سے ایک فوجی جوان لاپتا ہے اور غالب امکان یہ ہے کہ اسے اغوا کر لیا گیا ہے ۔اس خبر کو conceal کیا گیا ہے۔جان بوجھ کر دبایا گیا ہے۔ آج تک وہ برآمد نہیں ہوا تو اس بارے میں یہ جواب دیں ۔ بتلائیں کہ وہ فوجی جوان کہاں گیا؟ کہاں سے اغوا ہوا؟ کس طرح سے اغوا ہوا؟ کوئٹہ کینٹ سے اغوا ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ابھی یہاں پر تو کوئی ہے نہیں، شیر افگن صاحب ذرا نوٹ کر

لیں۔پتا لگا لیں۔اچھا پری گل صاحبہ !

سینیٹر آغا پری گل، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب ! میں رضا ربانی صاحب اور اپنے وسیم سجاد صاحب اور تمام سینیٹرز کو بتانا چاہتی ہوں کہ ہمارے پورے سینیٹ کی تنخواہ جمع ہو گئی ہے ۔ میرا خیال ہے سیکریٹری صاحب نے جمع کی ہے اور اس کے علاوہ ہم نے وہاں کمبل وغیرہ منگوا لیے ہیں۔ تھوڑے سے کمبل رہتے ہیں' کیونکہ وہاں پر بہت زیادہ سردی ہے۔ہمیں چاہیے کہ جس طرح رضا ربانی صاحب اور وسیم سجاد صاحب تمام سینیٹ کے ممبران ہیں' جتنی بھی ہماری یہاں پر جماعت موجود ہیں۔ تو ان میں سے ایک ایک ممبر اس میں شامل ہو' آکر وہ بلوچستان ہاؤس میں دیکھے' اور پھر جہاں جہاں انہوں نے بھجوانا ہے کیونکہ ہمارے لیے تو پورا پاکستان بہت عزیز ہے'لیکن جہاں جہاں زیادہ سیلاب بلوچستان ' فرنٹیئر اور فاٹا وغیرہ میں آیا ہے تو میں چاہتی ہوں کہ تمام کمیٹی اپنے ایک ایک بندے کا نام دیں ۔ان میں رضا ربانی صاحب اور وسیم سجاد صاحب یہ صبح آکر دیکھیں اور ہمارے جتنے بھی ممبرز ہیں وہ ایک ایک نام دیں تاکہ وہ چیزیں ہم اپنے صوبوں میں پہنچا دیں۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی ہوں کہ ہمارے سینیٹ کو اسی طرح اتفاق سے رکھے کیونکہ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہم سینیٹر ایک ہیں۔آپ دیکھیں---

جناب ڈپٹی چیئرمین، مشکل ہے یہ ذرا !

سینیٹر آغا پری گل، نہیں تھوڑا سا ہوتا ہے۔ ٹھیک ہے ایک گھر میں بچے لڑتے رہتے ہیں۔ ان کے بھی مسئلے مسائل ہیں۔ٹھیک ہے ان کا حق ہے تھوڑا سا لڑنا۔ظاہر ہے وہ کچھ پریشان ہوتے ہیں' تو وہ ہمیں اور آپ کو بتائیں گے ' کسی اور کو تو وہ بتا ہی نہیں سکتے۔۔یہیں ماں کے سامنے یا باپ کے سامنے آکر بچے روتے ہیں۔ مگر یہ ہے کہ ہم کبھی بھی ان کا برا نہ مانیں اور ان کی help کریں۔جس طرح انہوں نے آج فرنٹیئر اور بلوچستان والوں کی مدد کی ہے۔بہت بڑی بات ہے اس سے اندازہ نہیں ہوتا ہے کہ یہ اپوزیشن ہے۔اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ یہ پاکستانی ہیں اور پاکستانی عوام کے ہمدرد ہیں۔ مگر ایک بات میں اور کہنا چاہتی ہوں۔جناب چیئرمین صاحب! یہ جو ہمارے صدر صاحب کے بارے میں بات کرتے ہیں' یہ افسوس کی بات ہے۔بہت زیادہ افسوس کی بات ہے ۔ ارے' اس دنیا میں ہم بھی رہے ہیں سیاست ہم نے بھی کی ہے'

کوئی یہ تو نہیں ہے کہ ہم نے جھونپڑیوں میں ' میدانوں میں یا پہاڑوں میں سیاست کی ہے ۔ ہم بھی آگے آئے ہیں ۔ ہم نے دنیا دیکھی ہے۔

جناب! آپ دیکھیں کہ صدر کے خلاف باتیں کرتے ہیں ۔جس دن وہاں سیلاب تھا اس وقت بارش بھی ہو رہی تھی اور صدر صاحب وہاں بلوچستان پہنچے ہیں' اور میرا خیال ہے کہ انہوں نے بہت مدد اور بہت help کی ہے ۔ ٹھیک ہے کہ ایک بھائی شیخ رشید صاحب نے کہا ہے کہ مٹی کا تودہ گر گیا تھا ۔ یہ میرا خیال ہے اس نے کہا نہیں ہو گا ۔ ----

جناب ڈپٹی چیئرمین، ٹھیک ہے ' آپ اس میں نہ جائیں ۔

سینیٹر آغا پری گل، نہیں جناب ! اگر اس نے کہا ہے تو اس نے بہت بری بات کی ہے ۔ اتنے سارے لوگ ہمارے مرے ہیں ۔ اگر آپ بلوچستان میں دیکھیں ' فرنٹیئر میں دیکھیں ' وہ بھی ہمارے اپنے ہیں کوئی غیر نہیں ہیں'میں یہ نہیں کہوں گی' پاکستانی جو بھی ہو ' میں یہ نہیں کہوں گی کہ فرنٹیئر ہو یا بلوچستان ہو یا فاٹا یا پنجاب 'پاکستان میں جہاں بھی ایسا مسئلہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ ہمارے تمام سینیٹرز چاہے وہ اپوزیشن سے ہوں یا حکومتی ہوں سب اس وقت ایک ہو جائیں گے اور اپنے پاکستانیوں کی مدد کریں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ پری گل صاحبہ ۔

سینیٹر آغا پری گل، ایک منٹ پلیز ۔ ایک منٹ ۔ اس کے علاوہ دوسری بات یہ ہے کہ میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ سینٹ کے علاوہ کیونکہ روز روز ان کی تنخواہیں کاٹی نہیں جاسکتی ہیں ' یہ بہت بڑی بات ہے کہ انہوں نے اتنا کیا ہے ' ہم لوگوں نے ایک کمیٹی بنائی ہے جو پاکستان کے غریب عوام کے لیے فنڈ جمع کر رہی ہے اور تمام صوبوں میں ہم خواتین جا رہی ہیں ۔ اگر کسی نے کوئی فنڈ دینا ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا ۔

سینیٹر آغا پری گل، نہیں 'میں سب کو بتانا چاہتی ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، سب کو پتا چل گیا ہے ۔

سینیٹر آغا پری گل، آخر میں 'میں سب کا شکریہ ادا کرتی ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، کاکڑ صاحب! آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں ؟

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جناب چیئرمین! کیا ہاؤس میں جو کارروائی ہو رہی ہے اس کی کوئی اہمیت بھی ہے یا ایسے ہی گپ شپ کے طور پر باتیں ہو رہی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، کونسی کارروائی گپ شپ کے لئے ہو رہی ہے؟

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، نماز کے بعد جب دوبارہ ہاؤس شروع ہوا ہے اور اس کے بعد جتنی بھی باتیں ہو رہی ہیں اس میں کوئی وزیر صاحب یہاں موجود نہیں ہیں۔ ہاؤس کی کارروائی صرف پوائنٹ آف آرڈر ہے ' بات چیت ہے جو بس ختم ہو جاتی ہے۔اس کی اہمیت اور حیثیت کیا ہے ؟ کون آدمی جواب دینے والا ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، کاکڑ صاحب ! آج اطلاع آئی تھی کہ آج وہاں پر ایک میٹنگ ہے ۔ سارے منسٹرز وہاں پر ہوں گے بلکہ دو منسٹرز کو یہاں پر انہوں نے بھیجا ہے ۔ان کی بڑی مہربانی ہے ۔ ہمیں بتایا گیا تھا اور آپ کو اس کا پتا ہے ۔ اب یہ پوائنٹ آف آرڈر تھا آپ کا؟

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جناب چیئرمین ! ہاؤس کو قانون اور رولز کے مطابق چلانا چاہیے ----

جناب ڈپٹی چیئرمین، وہ تو ہم بڑی کوشش کر رہے ہیں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، یہاں پر بس پوائنٹ آف آرڈر ہے ۔ آؤ گپ شپ کر باتیں کرو ۔ جو باتیں لوگ ہوٹلوں میں کرتے ہیں وہ ہم یہاں سینیٹ میں کرتے ہیں ۔ یہ ایک ہاؤس ہے ۔ اس کا بڑا وقار ہے ۔ یہ کوئی ایسا ہاؤس نہیں ہے جہاں پر گپ شپ کرکے چلے جاتے ہیں ۔ ----

جناب ڈپٹی چیئرمین ، یہاں گپ شپ نہیں کر رہے ہیں I am sure they are all very serious people. Kakar Sahib let me tell you ان سب نے بڑی پتے کی اور بڑی صحیح باتیں کی ہیں۔ یہ calamity کے اوپر گفتگو ہو رہی ہے ۔ کوئی گپ شپ نہیں ہے ۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، ان باتوں کی حیثیت تو صرف یہ ہے کہ کل اخبارات میں کچھ لکھا ہوا آجائے گا اورختم ہو جائے گا۔ میں کہتا ہوں کہ ان باتوں کا کوئی نوٹس لے ۔ کوئی

اس پر کارروائی ہو ۔ بات چیت ہو ----

جناب ڈپٹی چیئرمین، دیکھیں جی نوٹس لیا جا رہا ہے ۔ سب اوپر بیٹھے ہیں ' وہ لکھ رہے ہیں ' and it will come out. نوٹس تو لیا جا رہا ہے۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، یہ سب Treasury benches یا وزراء یا کسی اور نے یا کسی وزیر نے آج تک جواب نہیں دیا ۔ میں آپ سے ایک عرض کرتا ہوں اور یہ خود اس سینیٹ سیکریٹریٹ کا کام ہے ۔ میں نے گزشتہ ۲ فروری کو ایک Call Attention Notice دیا تھا ۔ اس میں ' میں نے کہا تھا کہ ۲۸ اور ۲۹ فروری کی شام کو پاکستان ٹیلی وژن کے چاروں چینلز رات کو ڈیڑھ گھنٹہ کے لئے بند ہو گئے تھے اور کسی نے اس کا نوٹس نہیں لیا ۔ اتنی اہم خبر کو لوگوں سے چھپایا ۔ عوام کے سامنے خبر نہیں آئی ۔ اس پر کیا کارروائی ہوئی ہے ؟ کس کو بتایا اور کس سے پوچھا جائے ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین، جدون صاحب! اس کو آپ ذرا نوٹ کریں اور شیخ رشید صاحب کو بتا دیں ۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، یہ کیا بتائے گا ۔ شیخ رشید صاحب تو آسمان پر ہیں ۔ وہ ہماری آواز کب سنتا ہے ۔ شیخ رشید کو یہاں پر آنا چاہیے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، میں نے آپ کو کہا ہے کہ وہ ایک میٹنگ میں ہیں ۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جناب ! اگر وہ میٹنگ میں ہیں تو پھر آپ کو اس ہاؤس کو آج نہیں بلانا چاہیے تھا ۔ اگر یہ وزراء صاحبان ادھر میٹنگز کرتے ہیں ----

جناب ڈپٹی چیئرمین، کاکڑ صاحب! بہت بہت شکریہ ۔ شکریہ ۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جناب! بہت سی باتیں ہیں ۔ آپ ناراض نہ ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، نہیں ' میں ناراض نہیں ہوں۔ بس بات ہوگئی ناں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، قانون کی بات ہے ہم چاہتے ہیں کہ اس ہاؤس کو اسمبلی اور سینیٹ کے قواعد کے مطابق چلایا جائے ۔ اگر ایک تحریک التواء ہے اس کی بھی بڑی اہمیت ہوتی ہے لیکن میرے خیال میں ہمارے جو سینیٹر صاحبان ہیں انہوں نے اس سینیٹ کو

easy لے لیا ہے ۔ بس صرف گپ شپ ہے ۔ بات ہوتی ہےختم ہو جاتی ہے یہ اچھی بات نہیں ہے نہ یہ اچھی روایات ہیں ۔ ہم کہتے ہیں سینیٹ ایک بہت بڑی روایت قائم کرے ۔ پھر آپ جیسے منجھے ہوئے سیاستدان کے تحت جو ہمارے ڈپٹی چیئرمین ہیں ' اچھے آدمی ہیں اس کو باقاعدہ قاعدے کے مطابق چلانا چاہیے تاکہ لوگوں کے کام ہوں ۔ ابھی تو سیکریٹریٹ میں ہمارا کوئی notice بھی نہیں لیتا ۔ ہماری بات نہیں سنتے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، کاکڑ صاحب دیکھیں ۔ time ہو گیا ہے ۔ آپ کا point of order بہت بڑھ گیا ہے ۔

RE: EXPULSION OF OFFICERS FROM NHA

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جناب والا! میں اسی ہاؤس کے فلور پر بلوچستان سے تیرہ افسروں جن میں کچھ انسپکٹر تھے، کوئی اوورسیئرز تھے ' کوئی سترہ گریڈ کے افسر ہیں 'ان کو National Highway Authority نے گزشتہ ماہ سے نوکری سے نکالا ہے ۔ ان کا قصور یہ ہے کہ انہوں نے NHA میں دس سال نوکری کی ہے ۔ یہ نوکری انہوں نے عارضی طور پر کی ہے جبکہ NHA اخبارات میں مزید اشتہارات دے رہی ہے کہ ان ہی آسامیوں کے Against اور لوگوں کو لگانا چاہتی ہے ' لیکن وہ لوگ جنہوں نے دس سال وہاں نوکری کی ہے ان کو وہ Accommodate نہیں کرنا چاہتے ۔ بات یہ ہے کہ ان کا تجربہ ہے انہوں نے Service کی ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ کا point note کر لیا ہے ۔ یہاں ایک Minister صاحب بیٹھے ہیں He will take note of it and he will tell the ministry.

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، مجھے کون جواب دے گا ۔ آپ ہی مجھے بتائیں ۔ یہ Minister جواب دیں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، یہ تو جواب نہیں دے سکتے ۔ کاکڑ صاحب Concerned Minister یہاں پر نہیں ہے ۔ انہوں نے Note کر لیا ہے یہ ان سے بات کریں گے ۔

Please sit down now.

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جناب! انہوں نے تو note کرلیا۔ جواب ہمیں قیامت کے دن ملے گا۔ ہم کدھر جائیں۔ آخر ہم بھی اس معزز ایوان کے رکن ہیں۔ ہم جواب چاہتے ہیں۔ یہ ہمارا حق ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شیرافگن صاحب! آپ Minister سے بات کریں اور ان کی جو complaint ہے اس کا جواب لے آئیں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جناب چیئرمین! Minister Sahib سے میں بھی میں بات کروں۔ یہ جو وزیر بیٹھے ہیں یہ ہمیں جواب دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، یہ ان کا department نہیں ہے۔ یہ ان سے بات کرکے آپ کو جواب دیں گے۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، یہ ہے یا نہیں ہے۔ اس کو آپ نے آج تمام وزیروں کے جواب دینے کے لئے بٹھایا ہے تو یہ جواب دے۔ کیوں نہیں دے سکتا جواب؟

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ نے بڑی technical بات کی ہے۔ یہ ان سے جا کر پتا لگانا پڑے گا۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جو بھی شخص یہاں بیٹھا ہے۔ سرکار کی ترجمانی کرتا ہے تو وہ جواب دے۔ ہم کہاں جائیں، ہم کس سے جواب لیں۔ آپ ہمیں بتائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شیرافگن صاحب! آپ ذرا ان سے کہہ دیں میں جواب نہیں دے سکتا۔ میں بات کروں گا۔ اچھا کاکڑ صاحب اب بیٹھ جائیں یہ جواب دے رہے ہیں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، اس معزز ایوان کا وقار آپ نے بلند کرنا ہے۔ اس ایوان کا تقدس آپ نے بحال کرنا ہے۔ اگر آپ نہیں کریں گے تو پھر کیا ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، کاکڑ صاحب! میں بڑی کوشش کررہا ہوں کہ اس مقدس ایوان کا تقدس بحال رہے۔ شیرافگن صاحب آپ ان کو بتا دیں۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی، جناب والا! یہ بڑی طویل گفتگو ہے۔ اس میں بہت

سارے points اٹھائے گئے اس کا انشاءاللہ ضرور نوٹس لیں گے اور جو concerned minister ہو گا میں اس کو بتاؤں گا۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much. Raza Sahib, you as a Leader of the Opposition asked me to give me a minute or so. You got a minute or so Sanaullah Sahib! but let me say, let me finish it. We are discussing a calamity, it is disaster. Let's not take any political edge on this thing. If you have any concrete suggestion as to what is to be done, please tell but don't come out with all sorts of things. You have two minutes.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ ، Thank you Mr. Chairman. اول تو میں آپ کا احسان مند نہیں ہوں کہ آپ نے مجھے دو منٹ دیے ہیں' اور نہ میں کسی ایسے احسان کا آپ سے طالب ہوں اس لئے کہ اس ایوان میں ' میں federating unit کو represent کررہا ہوں ۔ آپ میرے ہیڈ ماسٹر نہیں ہیں اور میں آپ کا طالبعلم نہیں ہوں ۔ جو حیثیت آپ کی ہے اس ایوان میں وہی حیثیت میری ہے' اور یہ میرا حق بنتا ہے ' آدھے پاکستان کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے کہ میرے علاقے میں جو تباہی و بربادی ہو رہی تھی میں بڑے relevant انداز میں تمام باتیں آپ کے سامنے رکھ رہا تھا ۔ جب اس ملک کے اندر ہمارے پاس ایک ہی forum ہے اور اس forum میں اگر ہم آکر اپنے مسائل اور مشکلات بیان نہ کریں' اور ان مسائل و مشکلات کو جواز بنا کر اگر کوئی اور لوگ political milage لیتے ہیں ان کو یہاں پر criticise نہ کریں تو پھر ہماری ذمہ داری کیا ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، اچھا اب آپ اپنے point پر آئیں ۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ ، میں point پر آتا ہوں' لیکن جناب ایک چیز یہ ہے کہ جس طرح قائد ایوان صاحب نے کہا اور قائد حزب اختلاف نے بھی کہا کہ چیئرمین کا بھی تقدس ہے ' اس ایوان کا بھی تقدس ہے اور اس کے ممبران کا بھی ایک تقدس ہے۔لہذا یہاں پر اگر

irrelevant بات ہو' کوئی بدتمیزی ہو تو آپ کے پاس rules regulations ہیں آپ میرے سارے الفاظ expunge کر دیں لیکن جناب اگر میں دلیل کے ساتھ کسی پر تنقید کرتا ہوں تو یہ میرا حق ہے کیونکہ میں اپوزیشن سے belong کرتا ہوں اور ایک federating unit کو represent کرتا ہوں۔

جناب میں نے یہ بات کی کہ جس دن یہاں پر ہم سب نے اپنی تنخواہیں pool کیں' میں نے اس دن بھی یہی بات کی تھی کہ ہمیں ایک resolution adopt کرنا چاہیے کہ صوبائی اور وفاقی حکومتوں کے جو متعلقہ ادارے ہیں اس کا serious notice لیں تاکہ اس میں کوئی اور خرابی نہ ہو۔ پہلے دن 12 فروری کو جنرل صاحب گئے انہوں نے اس کو بڑا propagate کیا کہ واقعی تباہی بربادی ہوئی ہے اور ہم اس کو support کریں گے' لیکن جناب میرے پاس ثبوت ہیں کہ پسنی اور گوادر میں Pakistan Petroleum Limited off shore oil exploration کر رہی ہے' اس کے دو ہیلی کاپٹر کھڑے ہوئے ہیں' اس کے پاس speed boats کھڑے ہوئے ہیں' اگر وہ اپنے ہیلی کاپٹر اور speed boats شاید بروقت لوگوں کو فراہم کرتی تو 200 اموات یا ہلاکتیں نہ ہوتیں۔

جناب! دوسری بات یہ ہے کہ ہم نے بار بار دہرایا ہے کہ بلوچستان کو خیرات اور زکوٰۃ نہیں چاہیے۔ آپ کا جو relief کا traditional aspect ہے وہ ختم کریں لوگوں کے پاس کافی کمبل ہیں اور انہیں کھانے کو بھی خدا نے بہت دیا ہے' اگرکسی کے دل میں ہمدردی ہے تو ہم یہاں پر یہ strategy develop کریں کہ بجائے اس کے کہ ہم یہ جواز پیدا کریں اور سیلاب والے دن وہاں جا کر کہیں کہ چھاؤنیاں بنیں تاکہ اگر اور سیلاب آئے تو ہم آپ کو بچا سکیں۔ ہم پیار اور محبت میں کہیں کہ چھاؤنیوں کے لئے 6' ساڑھے چھ ارب روپے کی رقم مختص ہے۔ جناب! اس وقت 106 دیہات صفحہ ہستی سے مٹ گئے ہیں' 200 ہلاکتیں ہوئی ہیں' 45 کلومیٹر کوسٹل ہائی وے بہہ گیا ہے' 75 کروڑ روپے کا نقصان ہوا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب سے فیڈرل گورنمنٹ کا aggressive development plan کوسٹل ایریا میں شروع ہے' بغیر لوگوں کے سماجی حالات کو مدنظر رکھے ہوئے' معاشی حالات کو مدنظر رکھے ہوئے۔ جناب یہ damages کیوں ہوئے؟ Coastal Highway کو design کرتے وقت ان چیزوں کا خیال نہیں رکھا گیا۔

Coastal Highway پانی کو سمندر میں چھوڑنے کے لئے ایک بہت بڑا barrier ہے اور اسی لئے Coastal Highway کو بھی loss ہوا' اس میں FWO کے انجینئر اور اہلکار involve ہیں۔ لہذا شادی کور ڈیم میں جو لوگ ملوث تھے ان کے خلاف تحقیقات ہونی چاہیئے' FWO کے سارے لوگوں کو زیرتحقیق لانا چاہیے۔ اس کے علاوہ میری یہ request ہے کہ آپ کمبلوں کی بجائے 106 دیہاتوں کو جو کہ صفحہ ہستی سے مٹ گئے ہیں' جو Cantonment کی مختص رقم ہے وہ ان کے فلاح بہبود اور وہاں نئے گھر بنانے کے لئے دی جائے' ان کے پاس دو ہاتھ' دو پاؤں ' دو آنکھیں ہیں وہ اپنی روزی روٹی بنا لیں گے' لیکن ان کے گھر مٹ گئے ہیں لہذا وہ پیسہ ان کے لئے مختص کریں تب ہم آپ کے احسان مند ہوں گے۔

جناب! دوسری بات یہ ہے کہ اس علاقے میں زرعی بنک کے قرضے' دیگر بنکوں کے قرضے منسوخ کر دیں اور پورے Coastal Belt کو اور پاکستان میں جہاں کہیں اور بھی ایسا ہوا ہے ان علاقوں کو sales tax, income tax سے مستثنیٰ علاقہ قرار دیں تو پھر کوئی relief کی بات بنے گی۔ جناب! صرف تصویریں بنانے سے' تھیلے دینے سے' ان کی تصاویر اخباروں میں لگانے سے لوگوں کے زخموں کی مرہم پٹی نہیں ہوتی' بلکہ ان کے زخموں پر نمک پاشی ہوتی ہے۔ یہ میں آپ کے سامنے اس ایوان میں بیان کرنا چاہتا تھا' اور اگر ہم اس forum پر ایسی باتیں بیان نہ کریں' ان کو on record نہ لائیں' یا اس پر عمل درآمد نہ ہو تو پھرہم لوگوں کے لئے اور forum ہی کیا رہ جاتا ہے۔ ان کو تو آپ دہشت گرد کہیں گے' تخریب کار کہیں گے' ہم یہاں پر سیاسی' جمہوری' آئینی اور قانونی انداز میں آپ کو تجاویز دیتے ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ آپ کا ایک منٹ ہے' دو منٹ ہیں۔ لہذا جناب یہ زکوۃ اور خیرات کی پالیسی as a federating unit بحثیت ممبر ہمیں دینے سے بھی تھوڑا گریز کریں اور اُدھر دینے سے بھی گریز کریں۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much. I will thank you, I may not be thanking but I will then be for speaking very sanely this time. Let's get on to next item which is adjournment motion.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, it is our demand that

بلوچستان اور سرحد میں جو صورتحال پیدا ہوئی ہے' ان دونوں جگہوں پر جہاں پر کہ اتنی تباہی ہوئی ہے فوری طور پر ان areas کو حکومت calamity affected areas declare کرے۔

Mr. Deputy Chairman: Wasim sahib.

Senator Wasim Sajjad: I will convey the wishes of the Leader of the Opposition to the Government, but I would like to know what will be affected there because all relief measures even beyond what is being done normally

یعنی وہاں helicopters جا رہے ہیں' وہاں food پہنچایا جا رہا ہے' وہاں پر جہازوں کے ذریعے drop کیا جا رہا ہے' سب کچھ کیا جا رہے ہے تو if there is something extra which can be done, we will do that also.

سینیٹر میاں رضا ربانی ، جناب جب calamity affected areas declare ہوتے ہیں اور honourable Leader of the House جوفوری طور پر relief ہے اس کی بات کر رہے ہیں۔ جب calamity affected areas ہوتے ہیں تو وہاں پر زمین پر tax, sales tax, water taxes' banks کے قرضے ہیں' وہ معاف ہو جاتے ہیں۔

Mr . Deputy Chairman: Can you go through the legalities of this thing?

Senator Wasim Sajjad: We are looking into all that.

لیکن جو مجھے بتایا جا رہا ہے کہ وہاں کے جو حالات ہیں کہ گاؤں ہیں' وہاں پر غریب لوگ ہیں تو وہاں پر کونسا tax ہو گا' کونسا income tax ہے؟

Mr.Deputy Chairman: Anyhow, just find out.

سینیٹر وسیم سجاد: یہ بہت غریب لوگ ہیں اور اس میں یہ ہے کہ اگر اس میں کوئی ایسی چیز ہے' ..... I will convey

جناب چیئرمین ، Please, ایک ایک آدمی ہاں جب Leader of the House بات

کر رہے ہیں تو آپ کیسے کھڑے ہوئے ہیں؟

سینیٹر وسیم سجاد، اگر کوئی چیز ہے تو

I will convey the wishes of the Leader of the Opposition to the Government and I am sure, they are looking into it in all seriousness and full consideration, we will give it to the views of the Opposition.

DISCUSSION ON ADJOURNMENT MOTION RE: PRICES OF OIL AND GAS IN THE COUNTRY

Mr. Deputy Chairman: O.K. fine, you can do that, thank you very much. No more points of order please. Item No. 1-B Adjourment Motion, we may now take up Adjourment Motion No. 60 moved by Senator Professor Khurshid Ahmad on 11th, February 2005 regarding the increase in the prices of oil and gas.

Now, there are some other motions also which we will club for the purpose of deciding.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، یہ بات ایجنڈے پر نہیں ہے جو مجھے circulate ہوا ہے' اس ایجنڈے میں یہ بات نہیں ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Let me finish Bhinder s hib and then you come up. There are some others also which we will club for the purpose of deciding and admissibility. Are these motions being opposed?

Mr. Amanullah Khan Jadoon: It is not opposed.

Mr. Deputy Chairman: Actually, yesterday the same thing was brought up and Minister has opposed and I am glade, it is not opposed. Then you instead of going into the writ wills, can we start the debate on it.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: There are about three, four motions there of and in names of Muhammad Ishaq Dar, Safdar Ali Abbasi, Sanaullah Baloch, Dr. Abdullah Riar, Raza Muhammad Raza, Mian Raza Rabbani, Asfandyar Wali, Sadia Abbasi, Muhammad Enver Baig, Sardar Muhammad Latif Khan Khosa, and then Adjournment Motion No. 5, Professor Khurshid Ahmad, No. 14 is of Mr. Muhammad Ishaq Dar, Mian Raza Rabbani, Dr. Abdullah Riar, Mr. Sanaullah Baloch, Sardar Muhammad Latif Khan Khosa, Mr. Asfandyar Wali, Dr. Safdar Ali Abbasi and then Adjournment Motion No.15 is of Mr. Farhattullah Babar.

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، یہ میں نے کیا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، دیکھئے، کچھ گڑ بڑ ہے، آپ کا نام نہیں ہے، آپ سے کچھ گڑ بڑ ہے، یہاں پر آپ کا نام نہیں ہے۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ کا نام نہیں ہے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، تو غلط کیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، اب club کر دیا ہے، آپ یہ club joint ہی کر لیں تو بہتر ہے ہاں۔ جی پروفیسر صاحب۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جناب! اجازت ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، باقی حضرات سے درخواست ہے کہ please, give your names so that...

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جو بولنا چاہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ہاں، please, مجھے یہاں پر نام لکھ کر دے دیں so that I پروفیسر صاحب can sort it out.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد ، شکریہ جناب چیئرمین - میں Leader of the Opposition کا بھی ممنون ہوں کہ club ہونے کے بعد، انہوں نے مجھے موقع دیا کہ میں اس Adjournment Motion کو سب سے پہلے introduce کروں۔ انشاء اللہ میں اختصار سے اپنی بات کروں گا لیکن جناب والا! میں چاہتا ہوں کہ جو اس کی اہمیت ہے، میں سب سے پہلے وہ آپ پر واضح کروں۔ پٹرول اورگیس کی قیمتیں جو ہیں، یہ ایک essential service جس کا تعلق domestic consumer سے بھی ہے۔

Mr . Deputy Chairman: No cross talk please , the honourable Member is speaking, let us hear him.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جس کا تعلق ملک کے پورے پیداواری نظام سے ہے جس میں زراعت، صنعت، transport یہ تمام چیزیں شامل ہیں۔ ایک اس کی dimension ہے عام صارف consumer, کے اوپر اس کے اثرات ہیں۔ دوسرا پہلو یہ ہے کہ cost of production ملک میں بڑھتی ہے اور وہ cost of production پھر جو ملک کی معیشت competitiveness ہے، خصوصی طور پر بین الاقوامی منڈیوں میں، اس تک کو متاثر کرتی ہے تو یہ بڑا اہم مسئلہ ہے۔ جناب والا! دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دنیا بھر میں oil اور gas جو قیمتیں ہیں انہیں مقرر کرنے کے لئے ایک scientific system اختیار کیا جاتاہے اور وہ transparent ہوتا ہے۔ اس پر in parliament discussion ہوتی ہے، الگ debate ہوتی ہے اوربالعموم اس پر کہیں deviate نہیں کیا جاتا۔ ہمارے ہاں سب سے پہلی چیز یہ تھی کہ اس کو open نہیں کیا گیا تھا پھر جب ہم نے مطالبہ کیا تو یہ بات سامنے آئی کہ خاص طور پر 2002 سے جب سے کہ اس کو regularize کیا گیا ہے، جو چیز اس میں رکھی گئی ہے

ex-refinery price , excise and customs duty , petroleum development levy , OMCs distribution margin , dealers commission , inland freight , market

price, differential claim payables, General Sales Tax.

یہ 9 items ہیں جن سے وہ کہتے ہیں کہ اس کی price بڑھتی ہے۔ جب ہم نے اسے challenge کیا کہ international price کا آپ ہمیشہ سہارا لیتے ہیں کہ چونکہ بین الاقوامی منڈی میں قیمتیں بڑھ رہی ہیں، اس لئے ہم بڑھا رہے ہیں تو پہلی بات یہ ہے کہ اس کے اندر تقریباً ۴۵ فیصد taxes ہیں، خواہ وہ excise کے نام سے ہوں یا وہ development levy کے نام سے ہوں یا General Sales Tax کے نام سے ہوں۔ جناب والا! میں نے اس پر definitely work out کیا تو اس سے ہمارے سامنے یہ بات آتی ہے کہ اس وقت جو ۴۲ روپے قیمت بن رہی ہے اس کے اندر ۱۹ روپے بنتے ہیں taxes کے۔ تو یہ ۴۵ فیصد tax بنتا ہے۔ اس کے بعد جو commissions ہیں، ان میں ہم نے دیکھا کہ جو اصول طے کئے ہیں، ان کے اندر یہ تھا کہ maximum ہوگا لیکن اب آہستہ آہستہ یہ ہے کہ جو maximum ہیں وہی standard بن گیا ہے اور اس کو بھی بار بار بڑھایا گیا ہے۔ Commissions, transportation اور price differential ان تین کے اندر تقریباً کوئی ۱۰ فیصد cover ہو جاتا ہے۔ اب رہ جاتی ہے price تو اس price کے بارے میں ہم سے کہا گیا کہ یہ international price خاص طور سے gulf کو سامنے رکھ کر کرتے ہیں۔ ہم اس کا comparative مطالعہ کرتے ہیں لیکن جب اس کی گہرائی میں گئے تو معلوم ہوا کہ international price اور جو ہمارے ہاں price fix کی جا رہی ہے ان میں کوئی تعلق نہیں ہے۔ جناب والا! میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ بڑا ہی serious مسئلہ ہے اور اس میں پورا price structure اور اس کے سارے elements کے اندر transparency نہیں ہے، بلکہ exploitative elements شامل ہیں۔

جناب والا! اب میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ اضافہ کس طرح ہوا؟ اس کا اندازہ آپ اس سے کیجئے کہ 1999-2000 میں kerosene oil کی قیمت ۱۲ روپے لیٹر تھی، petroleum کی 28.2 تھی، جو اس وقت بڑھ کر kerosene oil کی قیمت 27.04 اور petroleum 42.39 کی قیمت ہے۔ یہ double کا اضافہ ہے۔ اگر اسے آپ 2002 کے اختتام سے لیں جبکہ پارلیمنٹ وجود میں آئی ہے تو اس وقت سے اب تک تقریباً ۴۰ فیصدی کا اضافہ اس میں کیا گیا ہے۔ اس کے بعد ہم سے یہ کہا گیا کہ international price کی تبدیلی کو ہم نے اس میں لیا ہے۔ جب

میں نے اس پر تحقیق کی تو مجھے معلوم ہوا کہ 2000-1999 میں جو پیسے مقرر کئے تھے وہ 28 سے 32 روپے price مقرر کی گئی تھی۔ اس سے ایک سال پہلے قیمت گر کر ۱۰ ڈالر پر آ گئی تھی جو 1/3 تھی لیکن اس وقت قیمتوں کو کم نہیں کیا گیا۔ اس کے بعد جو اضافے ہوئے ہیں، اگر آپ دیکھیں تو آپ کو ابھی State Bank کی رپورٹ ملی ہے، میں چاہوں گا کہ اس میں page 65 کے اوپر جو diametric representation ہے، آپ اسے دیکھیں۔ اس میں صاف نظر آ رہا ہے کہ international prices نیچے جا رہی ہیں اور پاکستان میں prices اوپر جا رہی ہیں۔ تو یہ قوم کے ساتھ دھوکہ بھی ہے اور میرا خیال یہ ہے کہ اس ایوان کو صحیح معلومات نہ دینے کا جرم بھی اس کے اندر شامل ہے۔ جناب والا! اس کے ساتھ میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ہم سے کہا گیا ہے کہ پچھلے ۶ مہینے ہم نے قیمتیں نہیں بڑھائیں۔ اس کی کیا وجہ تھی؟ Economic managers بہتر جانتے ہیں کہ یہی وہ زمانہ ہے کہ جس میں تین وزرائے اعظم تبدیل ہوئے ہیں اور کچھ elections بھی کروانے تھے اور شاید یہ تمام پہلو ان کے سامنے رہے ہوں۔ لیکن میں جو بات کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ صرف گیس پر جو levy ہے، اگر اس levy کے اعداد و شمار آپ لیں، میں گزشتہ سالوں کے Economic Surveys لے رہا ہوں، ان میں 2000-1999 سے لے کر 2004-2003 تک جو current year figures ہیں - 172.2 billion rupees صرف pertroleum surcharge کی مد میں دیا گیا ہے اور petroleum surcharge کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ یہ عام روپوں کے لیے نہیں بلکہ اس کا اصل مقصد یہ ہوگا کہ اس کے ذریعے سے petroleum infrastructure, exploration, development ہم اس وقت اپنی ضرورت کا صرف 15% پورا کر رہے ہیں جب کہ آج سے 15 سال پہلے ہم اپنی ضرورت کا 33 فیصد پورا کر رہے تھے۔ یہ downward ہوا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ exploration, development, infrastructure پر وسائل استعمال نہیں کیے گئے۔ 172 billion صرف ایک مد میں حکومت نے لیا ہے۔ میں اس کے اندر excise اور sales tax شامل نہیں کر رہا ہوں۔

جناب والا! ہم پر احسان جتایا گیا ہے کہ اس زمانے میں 30 billion کی subsidy ہم نے دی ہے۔ جناب والا! میں نے تمام معاملات کو دیکھنے کی کوشش کی ہے subsidy موجود نہیں ہے۔ بلکہ اگر state bank کی report جو ابھی آپ کو دی گئی ہے، اس کا آپ مطالعہ

کریں تو اس میں صفحہ 30 اور 31 کے اوپر کہا گیا ہے کہ petroleum surcharges collected during first quarter of financial year 2005 جس کے بارے میں کہا جا رہا ہے کہ ہم نے اس میں کوئی surcharge وصول نہیں کیا ہے اور قیمتیں نہیں بڑھائیں۔

collected during first quarter of financial year 2005, were 7.7 billion rupees lower than first quarter of financial year 2004 (FY04) when there was no freeze interest although the volume of the petroleum product is has increased.

معلوم ہوا کہ اس زمانے میں بھی revenue ہوا اور اگر کچھ کمی رہی ہے اس لیے اس عرصے کے لیے revenue کو zero کیا گیا ہے۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ جب کہ otherwise tax collection کے اندر 30 billion کا unexpected collection ہوا۔ میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ ان قیمتوں کو بڑھانے کی کوئی justification نہیں ہے۔ نہ ہی politically اور نہ economically، اور سب سے اہم چیز یہ ہے کہ اس پورے نظام کے اندر قیمتیں مقرر کرنے کا اختیار ان لوگوں کو دے دیا گیا ہے جن کے vested interest ہیں وہ کمپنیاں جو petroleum produce کر رہی ہیں۔ دنیا میں یہ کہیں نہیں ہوتا کہ وہ ادارے جو beneficiaries ہیں وہ قیمتیں مقرر کریں گے۔ ضروری ہوتا ہے کہ users اور independent شامل کیے جائیں۔ میرے علم کی حد تک دنیا میں کہیں کوئی ایسی revenue assessment نہیں کہ جس میں Parliament اور users کے نمائندے موجود نہ ہوں، اور independent افراد موجود نہ ہوں لیکن یہاں ایک سرکاری ملازم اور اس کے بعد سارے کمپنیوں کے Heads یہ در اصل ایک cocktail ہے، ایک قسم کی monopoly ہے جو استعمال کر رہے ہیں price کے instrument کو exploit کرنے کے لیے، اپنا منافع کمانے کے لیے۔

جناب! اس وقت تک جو میں تحقیق کر سکا ہوں اور اس سے میرے سامنے بات آئی کہ اس زمانے میں دنیا بھر میں بھی اور ہمارے ملک میں بھی oil companies نے جو منافع کمایا ہے وہ 48 to 60% تک ان کی investment پر ہے۔ Refineries نے نفع کمایا ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہ منافع کس کی قیمت پر کما رہے ہیں؟ یہ نفع کما رہے ہیں consumers کی قیمت پر، یہ

نفع کما رہے ہیں producers کی قیمت کے اوپر، یہ نفع کما رہے ہیں ہمارے transporters کی قیمت کے اوپر۔ لیکن حکومت اس معاملے میں آنکھیں بند کیے ہوئے ہے اور ہر 15 دنوں کے بعد ایک تلوار ہے جو لٹکائی جاتی ہے اور جب ان کا دل چاہتا ہے وہ استعمال کر دیتے ہیں، اور ہم پر احسان جمانے کے لیے کہا گیا کہ ہم نے کم بھی کیا۔ جب ہم نے تمام کا جائزہ لیا تو بلاشبہ کچھ مواقع پر کم کیا گیا ہے لیکن جیسے معاشیات میں cycle movement کہتے ہیں یعنی جو بنیادی trend ہے وہ throughout اضافے کا ہے، کمی کا نہیں، یہ cyclical کی ضرور ہوئی ہے لیکن cycle growth میں اضافہ ہوا ہے۔

جناب والا! ان تمام چیزوں کے بعد میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ اضافہ unjustified ہے۔ یہ اضافہ ملک کے عوام کے ساتھ ایک ظلم ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ملک کی معیشت کے ساتھ ایک ظلم ہے، لیکن اس کے ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان کے ساتھ بھی ظلم ہے، اس لیے کہ اس سے ڈیڑھ سال پہلے، میں نے، اس وقت جو اضافہ ہوا تھا اس پر ایک adjournment motion بنایا تھا۔ اس adjournment motion کے اوپر جون 2004 میں کمیٹی کے اندر discussion ہوئی۔ پھر 12 اکتوبر کو discussion ہوئی، اور 12 اکتوبر کے معنی یہ ہیں کہ ساڑھے چار مہینے پہلے جو recommendations دیں، اس میں بات کہی گئی اور یہ بڑی اہم چیز ہے کہ

sales tax on petroleum product should be decreased in order to provide relief to consumer and proposed that instead of imposing 15% general sales tax should be fixed between 7 to 10% keeping in view the ever increasing price of crude oil. Number 2, government should ensure that petroleum product surcharge collected from the consumer should be spent on the development of petroleum infrastructure and energy resources whenever required, inland freight rate should be transparent

اور اس کے ساتھ یہ کہا گیا کہ

government should formulate the pricing policy where the down trodden

get relief or not burdened with the increase in prices.

یہ 12 اکتوبر کی recommendation ہے کہ قیمتوں میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے۔ اس 12 اکتوبر کے بعد جناب والا! تین بار اضافہ ہوا ہے اور ان تینوں بار کے اضافے کو آپ جمع کریں تو یہ تقریباً پٹرولیم کے اوپر 15 فیصد، 16 فیصد کا اضافہ ہے۔ اسی طرح گیس پر ہے، kerosine پر ہے، اور سب سے زیادہ ظلم کی بات یہ ہے کہ kerosine جو غریب کے لیے سب سے زیادہ ضروری ہے، اس زمانے میں kerosine میں اضافہ 65% جب کہ پٹرولیم کا اضافہ ایک زمانے میں 28% تھا۔ میں 2002 کی بات کر رہا ہوں۔ دو سال پہلے کی بات۔

یہ جناب والا!اس ایوان اور اس ایوان کی کمیٹی کی recommendations اس کے چار مہینوں کے بعد تین بار آپ اضافہ کرتے ہیں تو مجھے بتائیے کہ کمیٹی کی recommendations کا پھر کیا حاصل ہوا؟ اور یہ بھی میں آپ سے عرض کروں کہ جن meetings میں مجھے شرکت کا موقع ملا ہے، ان میں حقیقت یہ ہے کہ وزیر صاحب اور ان کے سارے staff کے پاس جواب نہیں ہوتے تھے، اور آپ پوری report پڑھ کر دیکھ لیجیے کہ بالخصوص میں نے چھ، سات نکات میں نے اٹھائے ہیں اور ان میں ہر ایک میں انہوں نے کہا ہے کہ ہم بعد میں آپ کو معلومات دیں گے کیوں کہ اس مسئلے میں آج ان کے پاس معلومات نہیں ہیں۔

جناب والا! میں بحث کو سمیٹتے ہوئے یہ بات کہوں گا کہ گیس اور پٹرولیم کی قیمت میں اضافے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ یہ ایک عوام دشمن پالیسی ہے۔ ایک طرف poverty elimination اور reduction کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف وہ سارے اقدام کرتے ہیں جن سے poverty بڑھتی ہے۔ اس ملک میں پچھلے دس سال کے اندر ایک ملین سے زیادہ نئے افراد بے روزگار ہوئے ہیں۔ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ جو تازہ ترین statistics ہیں ان کی روشنی میں جب GDP کے اندر ایک روپے کا اضافہ ہوتا ہے تو اس ایک روپے کے اضافے کے 48 پیسے یعنی 48% جو 20% امیر لوگوں کو جاتا ہے اور جو 20% غریب ہے اس کے حصے میں صرف سات پیسے آتے ہیں۔ اس پس منظر میں جب آپ دو سال کے اندر پٹرولیم کی قیمتوں میں 28 فیصد گیس کی قیمتوں میں اسی کے برابر، kerosine کی قیموں میں 65% اضافہ کرتے ہیں تو آپ در اصل ان کا خون نچوڑ رہے ہیں۔ اس سے پھر بوجھ transport پر پڑتا ہے۔ ٹیوب ویل

agriculture کی پوری field کے اندر' fertilizer کی قیمت کے اندر اور پھر تمام thermal industries میں پر cost of production بڑھتی ہے اور پورے ملک میں قیمتیں بڑھتی ہیں اور ہم internationally uncompetitive ہو جاتے ہیں۔

جناب والا! یہی وجہ ہے کہ 4% inflation سے بڑھ کر کے اب inflation تقریباً 8% general inflation ہے اورجو food commodities ہیں ان میں inflation تقریباً 14 فیصد تک پہنچ گیا ہے ' double digit inflation ہے لیکن حکومت اس بارے میں غفلت برت رہی ہے۔ اس کے responses نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اس لیے ہم چاہتے ہیں کہ کیبنٹ اس معاملے کو موثر انداز میں اٹھائے' اور ایک ایسی income policy اور خصوصیت سے essential services ان کی قیمتوں کو اس طریقے سے مرتب کیا جائے کہ وہ transperant ہو' حقائق پر مبنی ہو' لیکن اس کے ساتھ ساتھ کہ وہ عام شہریوں کی قوت خرید' ان کی استعداد کو سامنے رکھ کر کے ان کی ضرورتوں کو پورا کرنے والی ہو' اس کے بغیر ملک میں حقیقی معاشی activity اور نتیجتاً حقیقی معاشی خوشحالی نہیں آ سکتی ورنہ جو کچھ ہو گا وہ محض ایک elitist economy اور محض' vested interest جو اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں اور یہ process reverse ہونا چاہیے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ پروفیسر صاحب۔ مسز تنویر خالد صاحبہ۔

سینیٹر تنویر خالد : شکریہ جناب! آپ نے مجھے اس سلسلے میں کچھ کہنے کا موقع دیا ہے۔ Oil کی prices جیسے کہ پروفیسر صاحب نے بھی بات کی بتدریج پچھلے عرصے میں گزشتہ سالوں کے اندر یہ بڑھتی ہی جا رہی ہے جو کہ عوام کے لیے اور middle class کے لیے جن کے پاس کاریں ہیں' وہ استعمال کرتے ہیں' یہ ایک بڑا خرچہ اور کافی مہنگائی کی صورت ہے۔ یہ ایک بڑا خرچہ اور کافی مہنگائی ہے۔ اس کی جو implications ہوتی ہیں جب ٹرانسپورٹ اور تیل کی قیمت بڑھتی ہے تو اس کی filtration آہستہ آہستہ downward شروع ہوتی ہے اور دوسری چیزیں بھی مہنگی ہونی شروع ہو جاتی ہے۔ لیکن اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ اس کی قیمت میں اربوں کی subsidy ہماری حکومت ادا کرتی رہی ہے۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ جب انٹرنیشنل

قیمت کے ساتھ ہم اپنی قیمت کو fix کرتے ہیں' بڑھاتے چلے جاتے ہیں۔ Like America,
America is very far away from the oil producing countries وہاں تک تیل پہنچنے کے لئے ' Western countries کے لئے بڑا long journey ہوتا ہے' بہت اخراجات transportation کے ہوتے ہیں لہذا ان کی cost of production اتنی زیادہ ہو جاتی ہے کہ ان کے دام زیادہ ہوتے ہیں اور وہ زیادہ قیمت رکھ سکتے ہیں۔ لیکن ہمارے پاس جو تیل آتا ہے' کویت یہ ملک ہمارے ملک سے بہت قریب ہیں۔ ان سے ضرور لیا جاتا ہوگا۔ وزیر پٹرولیم اس بات پر روشنی ڈالیں گے کہ جب ہم اتنے قریب سے تیل لیتے ہیں یا لینا چاہیے تو اس کے transportation کے اخراجات بھی کم ہوتے ہیں اور production وہاں پر اتنی زیادہ ہے کہ اس حساب سے اس کی price بھی کم ہوتی ہے۔ اسی مناسبت سے اگر ہم یہاں سے لیں تو ہمارے ہاں تیل کی قیمت بھی اتنی زیادہ نہیں ہوگی جیسے کہ developed countries میں تیل کی قیمت ہے۔ یہ تو ہم سب کو معلوم ہے کہ ہمارا ملک تو under developed country ہے' اور کافی نیچے countries میں stand کرتا ہے تو وزیر پٹرولیم صاحب اس بات پر ضرور توجہ دیں گے' اور ہمارا سوال یہ ہے کہ ہم ان ممالک سے کیوں نہیں خریدتے جو ہمارے ملک کے قریب ہیں؛ مجھے یقین بھی ہے کہ انہی سے خریدتے ہیں تو ان کی products اور ان کی cost میں بہت فرق ہے دوسرے ممالک کی cost کی نسبت۔ شکریہ جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، سردار مہتاب خان عباسی Not present اسفند یار ولی۔

سینیٹر اسفند یار ولی، میں آگیا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آگئے ہیں آپ all right۔

سینیٹر اسفند یار ولی، میرے خیال میں میرے مائیک میں گڑ بڑ ہے۔ شکریہ جناب چیئرمین! مجھ سے پہلے تو جس طریقے سے پروفیسر صاحب نے بات کی اس کے بعد کوئی لمبی چوڑی بات تو ایسی رہی نہیں جو پروفیسر صاحب نے چھوڑ دی ہو۔ and I do not want to go for repetition of those. ایک دو نکات جو ضروری سمجھتا ہوں کہ وہ لے آؤں۔ جناب' تیل' پٹرول' ڈیزل' مٹی کا تیل یا گیس یہ چار ایسی چیزیں ہیں جن کی قیمت جب بڑھتی ہے تو وہ

عوام پر حقیقتاً ایک mini budget کی ہوتی ہے۔ ایک نیا بجٹ آتا ہے، اگر کوئی اٹھ کر ایک item ایسا بتا دے جس item پر اس increase کا اثر نہیں پڑتا تو میں مان لوں گا۔ ایک طرف تو بڑے بلند دعوے ہم سنتے ہیں۔ Foreign exchange reserves یہاں تک پہنچے، یہاں تک پہنچ گئے جو سوال ذہن میں اٹھتا ہے وہ یہ ہے کہ اس دولت سے مجھے کیا فائدہ جس میں، میں بھوکا ہوں۔ وہ foreign exchange reserves آج اگر آپ دیکھیں کہ جس طریقے سے حکومت جاری ہے وہ بالکل ویسے ہی ہے جیسے shining India کے اشتہارات ہم نے دیکھے اور ہر ایک نے کہا کہ shining India کے اس تصور سے بی۔ جے۔ پی کہاں سے کہاں جا پہنچے گی، وہ جہاں سے جہاں جا پہنچی وہ میرا خیال ہے کہ ہم سب کو پتا ہے۔ اس دن ایک عجیب سی بات میں نے اخبار میں پڑھی کہ ایک وزیر صاحب نے فرمایا کہ ہمارے ہاں قیمتیں اور ہمارے ہمسایہ ممالک کے ہاں قیمتیں compare کریں تو تب آپ کو پتا چلے گا کہ پاکستان میں petroleum product کی قیمت کیا ہے۔ انڈیا کی مثال تو انہوں نے دی، آپ کی وساطت سے میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ افغانستان جو پچھلے تیئیس سالوں سے کچلا جا رہا ہے وہاں اس وقت پٹرول، ڈیزل اور مٹی کے تیل کی جو قیمتیں ہیں اگر وزیر صاحب وہ بھی پاکستانی قوم کو بتادیں کہ پاکستان میں ان کی کیا قیمت ہے اور افغانستان میں کیا قیمت ہے تو بھی کوئی نہ کوئی تناسب ہم اپنے ذہن میں نکال لیں گے۔

جناب چیئرمین! آج حقیقتاً جو بوجھ پٹرول اور اس کا آتا ہے اس کا اندازہ آپ اس طرح لگائیں کہ جو بوجھ غریب بندے پر transfer ہوتا جاتا ہے کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران پٹرول 5.47 روپے فی لٹر، ڈیزل 2.79 روپے فی لٹر، گیس کی قیمتوں میں 8.25% اضافہ ہوا ہے۔

(اس موقع پر سینیٹر نعیم حسین چٹھہ نے کرسی صدارت سنبھالی)

سینیٹر اسفند یار ولی: Sir، مبارک ہو۔ یہ سب اضافے جناب چیئرمین! جب ہوتے ہیں تو ان سب اضافوں کا اثر، automatic transfer اس ملک کے ان لوگوں پر ہوتا ہے جو یا تو تنخواہ دار ہوتے ہیں یا daily wages پر کام کر رہے ہوتے ہیں، ان لوگوں پر ہوتا ہے جو آخری consumer جنہیں ہم کہتے ہیں۔ کیونکہ اگر پٹرول کی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے تو کمپنی کو تو جو

فائدہ پہنچتا ہے وہ پروفیسر صاحب نے مجھ سے پہلے آپ کو بتا دیا۔ immediate اضافہ جو ہوتا ہے کہ carriage کا جو خرچہ ہوتا ہے وہ carriage والے اپنے کرایے بڑھا دیتے ہیں۔ دکاندار اسی تناسب سے اپنی قیمتیں بڑھا دیتے ہیں۔ آخر میں جو کچلا جاتا ہے وہ وہی لوگ ہوتے ہیں جن کا دعویٰ ہم یہاں ہاؤس میں بیٹھے ہوئے کرتے ہیں کہ ہم ان کی نمائندگی کرتے ہیں۔

پروفیسر صاحب نے مجھ سے پہلے صرف poverty alleviation کی بات کی۔ میرا خیال ہے ہم جس پالیسی پر چل رہے ہیں اس میں

poverty alleviation will be automatic. It will be automatic because there will be no poor and if there will be no poor, there will be no peverty. Through you, let me say sir, that middle class is always and always the back bone of fabric of all societies. Go into any society in the world and the middle class is always the back bone. Now, we are going without caring as what happens to that middle class. What I see is that middle class is going down onto the lower level. The mind, the intellect, and the understanding of the middle class when it combines with the brude force and majority of the poor. That is the day when you have to start worrying because then things will not, and I would like to underline the word 'not' be under your control. Don't destroy the fabric, the back- bone of the fabric of society. Don't destroy the lower middle class and the middle class because without that this society will collapse. Thank you, Mr. Chairman.

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. Now, Mr. Farhatullah Babar Sahib.

سینیٹر فرحت اللہ بابر، شکریہ جناب چیئرمین۔ ابھی مجھ سے پہلے سینیٹر اسفند یار ولی

صاحب نے کہا کہ middle class is the back bone of the society اور middle class crush ہو رہی ہے POL کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے۔ میں جس پہلو پر بات کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ middle class جو backbone ہے، جو crush ہو رہی ہے وہ کس وجہ سے crush ہو رہی ہے؛ وہ اس لئے crush ہو رہی ہے کہ جس طرح ہمیں Petroleum Ministry والے بتاتے ہیں کہ بین الاقوامی قیمتیں بڑھ گئی ہیں یا اس کے پیچھے کوئی اور وجہ ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس پہلو پر اس لئے بات کرنا چاہتا ہوں کہ میری اسی موضوع پر جو Adjournment Motion تھی، اس میں اس بات پر خاص زور دیا گیا ہے۔

The increase in prices has raised a serious question namely, whether it is the result of the international price rise or is caused by deliberate manipulation to benefit some at the expense of, to borrow the words of Asfandyar Wali, the middle class.

اس لئے میں اس پہلو پر بات کروں گا کہ یہ بین الاقوامی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ شاید manipulation ہے، اور میں آپ کی وساطت سے چاہوں گا کہ محترم وزیر کی خدمت میں documents پیش کروں، وہ ان کی روشنی میں اس کا notice لیں اور پھر وہ جو کہنا چاہیں he will be welcomed.

جناب چیئرمین! آپ کو معلوم ہے کہ ایک Oil Company Advisory Committee بنی ہوئی ہے جو ہر چودہ دن کے بعد قیمتوں کا تعین کرتی ہے۔ جب بھی قیمتیں بڑھتی ہیں اور ہم احتجاج کرتے ہیں اور اخبارات میں letters لکھتے ہیں یا مضمون لکھتے ہیں تو ان کا ایک standard جواب OCAC, Oil Company's Advisory Committee اور وزارت پٹرولیم سے آتا ہے کہ the oil price increase is made according to a formula which has been agreed upon by the ECC.

یہ ان کا ایک standard جواب ہوتا ہے۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ایک formula بنا ہوا ہے، ECC اور Cabinet نے اس کی منظوری دی ہے۔ اس formula کے تحت قیمتوں کا تعین ہوتا ہے، لیکن جناب والا! سوال formula کا نہیں ہے،

سوال یہ ہے کہ یہ formula implement کیسے ہوتا ہے؟

Mr. Presiding Officer: Yes.

سینیٹر فرحت اللہ بابر : جناب چیئرمین ! سوال یہ نہیں ہے کہ حکومت نے formula بنایا ہے یا نہیں؛ ہمیں اس پرکوئی اعتراض نہیں ہے۔ بے شک حکومت نے formula بنایا ہے اور اس کی ECC نے منظوری دی ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ اس formula کی implementation کیسے ہوتی ہے؟ یہاں پر یہ چیز سامنے آئے گی کہ جب اس formula کی implementation ہوتی ہے تو پھر اس میں manipulation ہوتی ہے اور اس manipulation کی وجہ سے لوگوں پر بوجھ ڈالا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین ! ECC نے جو formula بنایا ہے اور جسے OCAC implement کرتی ہے' اس میں POL کی prices کے کئی components ہیں۔ جناب والا ! یہ آٹھ components ہیں' ان میں سے میں صرف دو components کا ذکر کروں گا۔ ایک component تو یہ ہے کہ ex-refinery price کیا ہے اور دوسرا component یہ ہے کہ inland transportation charges ایک depot سے دوسرے depot تک پہنچانا' refinery سے depot تک پہنچانا' transportation charges ہیں۔ ان میں یہ دو اہم ہیں۔ جو ex-refinery price ہے' اس کے پیچھے ایک الگ کہانی ہے لیکن میں صرف transportation کی بات کروں گا۔ پاکستان میں 30 oil depots جن سے ملک کے تمام petrol pumps کو petrol اور diesel جاتا ہے۔ جو inland freight charge ہے ایک depot سے دوسرے depot تک ' یہ oil marketing companies کو واپس ملتا ہے اور ان کو OCAC یہ پیسے واپس دے دیتی ہے جو consumers سے recover کرتی ہے۔ جناب چیئرمین! غور طلب بات ہے کہ مئی 2004 میں oil کی جو ex-depot sale price تھی' وہ 37 روپے per litre تھی' exact price 36.92 ہے۔ آپ اسے دیکھ لیں اور یہ price calculate کرتے وقت جو formula ہمیں بتایا جاتا ہے اس میں in land freight charges were Rs. 1.64 per liter یعنی oil marketing companies کو فی لٹر transportation ایک روپیہ چونسٹھ پیسے

ملتے تھے اور petroleum development levy جو حکومت کو جاتی ہے تاکہ وہ petroleum sector کو ترقی دے سکے وہ نو روپے پچاس پیسے فی لٹر تھا یعنی یہ price formula ایسے تھا کہ in land transportation charges Rs. 1.64 اور حکومت کو پٹرولیم سکیٹر کی ترقی کے لیے جو پیسہ جاتا ہے ساڑھے نو روپے فی لٹر تھا' سب component۔ ملا کر پٹرول کی قیمت تقریباً ۲۷ روپے لٹر تھی۔پھر جناب ہوا یہ کہ ہر ۱۴ دن بعد جب prices adjustment ہوتی تھی تو petroleum development levy کو کم کرتے تھے اور inland freight charges کو بڑھاتے تھے اور ہوا یہ کہ آہستہ آہستہ جب petroleum development levy کو ختم کر رہے تھے یا نیچے کر رہے تھے یہ فروری کا مہینہ ہے تو دسمبر میں جب پٹرول کی قیمت 39.50 لیٹر مقرر ہوئی تو جناب چیئرمین! اس میں جو inland transportation charge تھا جو oil marketing companies کو ملتا ہے اور جو مئی ۲۰۰۴ء میں صرف 1.64 پیسے فی لیٹر تھا یہ بڑھ کر دسمبر ۲۰۰۴ء میں 9.70 پیسے لیٹر ہو گیا ۔ یعنی اب oil marketing companies کو 9.70 پیسے فی لیٹر transportation کے ملنے لگے۔ دسمبر ۲۰۰۴ء میں' جبکہ مئی ۲۰۰۴ء میں ان کو 1.64 پیسے فی لیٹر ملتے تھے. This is a hopping increase of more than 700 %. ' اور ادھر petroleum development levy کم کر دی تقریباً صفر کر دی اور ہمیں کہنے لگے ' دیکھو جی! حکومت نے تو petroleum development levy ختم کر دی ہے ۔سارا بوجھ حکومت برداشت کر رہی ہے تاکہ غریب لوگوں پر بوجھ نہ پڑے۔یہ نہیں بتایا کہ petroleum develoment levy تو آپ نے ختم کر دیا اس کا فائدہ لوگوں کو نہیں گیا اس کا فائدہ ان oil marketing companies کو گیاجن کو 1.64 پیسے فی لیٹر ٹرانسپورٹیشن کے بجائے 9.70 پیسے فی لیٹر ٹرانسپورٹیشن چارجز دیئے گئے ۔ جناب چیئرمین! یہ جو OCAC ہے اس میں انہی oil marketing companies کے representatives ہیں یعنی ان کا خود مالی مفاد اس میں وابستہ ہے' اور جن لوگوں کا' جن کمپنیوں کا مالی مفاد وابستہ ہے وہ خود تیل کی قیمتوں کا تعین کرتے ہیں' اور مجھے یقین ہے کہ فاضل وزیر صاحب کہیں گے کہ نہیں ' یہ oil marketing companies فیصلہ نہیں کر سکتیں' لیکن میں آپ کی وساطت سے ان کو آج ہی' یا ان کی وزارت نے ان کے لیے جو brief تیار کیا ہے جس brief کی بنیاد پر شاید وہ جواب دیں گے ' اس brief میں item No.6 جو ہے inland

اس کے آگے لکھا ہے ۔ freight equalization margin i.e. transportation charges
اس لیے اگر کبھی فاضل actual transportation cost determined by the OMCs
وزیر صاحب اس بات سے انکار کریں کہ oil marketing companies transportation
cost determine نہیں کرتیں تو میں جناب چیئرمین! یہ جو brief ان کے لیے بنا ہے۔ انکی
وزارت میں تیار ہوا ہے۔یہ brief میں آپ کو دے دوں گا۔اس میں item No.6 کے سامنے لکھا
ہے کہ freight charges actual transportation cost is determined by the
OMCs (Oil Marketing Companies)

اور یہی oil marketing companies OCAC میں ہیں۔اور یہی OCAC جو ہے پھر قیمتوں کا تعین کرتی ہے ۔ جناب چیئرمین ! فاضل وزیر صاحب کے علم میں ہوگا کہ ان کے نوٹس میں transportation charges میں جو گھپلے ہو رہے تھے۔ ان کے نوٹس میں یہ بات لائی گئی ہے اور اگر وہ اپنے ذہن پر زور دیں تو دسمبر کے مہینے میں انہوں نے باقاعدہ inquiry order کرائی۔
اور inquiry یہ order کرائی۔

مظفرآباد، آزادکشمیر، اور ناردرن ایریاز کو جو transportation ہوتی ہے اور ان کے علم میں یہ بات لائی گئی تھی کہ اس میں گھپلے ہوئے ہیں ۔ انہوں نے فائل پر تحریر کیا کہ اس میں تحقیقات کی جائیں اور مجھے پچیس دسمبر تک رپورٹ دی جائے ۔

جناب چیئرمین! آگے میں نہیں کہوں گا کہ پچیس دسمبر آگیا ۔ ان کے پاس رپورٹ بھی آگئی ۔ اس رپورٹ پر انہوں نے کیا کیا وہ وزیر صاحب خود ان باتوں کا جواب دیں گے ۔ جب بات سامنے آ جائے گی میں ان کو preempt نہیں کرنا چاہتا لیکن ان کو credit دینا چاہتا ہوں کہ انہوں نے باقاعدہ اس کی تحقیقات کا حکم دیا تھا، تاریخ کا تعین کیا تھا ۔ انکوائری رپورٹ غالباً ان کے پاس آ گئی ہے ۔ وہ کیا ہے؟ فاضل وزیر صاحب جواب میں خود بتا دیں گے ۔

جناب چیئرمین! آخری میرا مسئلہ یہ ہے کہ تیل کی قیمتوں کی determination کے لئے اور تیل سے متعلق تمام معاملات کے لئے ایک آرڈیننس جاری ہوا تھا ۔ Oil &Gas Regulatory Authority اور وہ آرڈیننس جب سترہویں آئینی ترمیم پر یہاں بحث ہو رہی تھی تو Article 270-A وہ اب قانون کا حصہ بن چکی ہے ۔ وہ ایک statutory body ہے ۔

اس کا ایک clause ہے۔

No person shall be appointed by the Federal Government as a member of that authority, if he has any direct or indirect financial interest in or has any connection which might reasonably be viewed as giving rise to a conflict of interest with any person involved in any regulatory activities.

اور اس میں یہ بھی ہے۔

No member shall take part in any decision, if such member is, in any way, whether directly or indirectly concerned or interested in the decision.

یہ اس آرڈیننس کا حصہ ہے ۔ آرڈیننس قانون کا حصہ بن چکا ہے 270-AA کی رو سے ۔ اور اس کے باوجود جو یہ OCAC company ہے اس کے اندر وہ لوگ ہیں جن کا interest ہے وہ قیمتوں کا تعین کرتے ہیں ۔ جو اس قانون کی بھی صریح خلاف ورزی ہے ۔ اور جو میں سمجھتا ہوں کہ فاضل وزیر صاحب نے انکوائری کا بھی کہا تھا اس کا بھی آگے کچھ نہیں ہوا ۔

جناب چیئرمین ! یہ ایک ایسا معاملہ ہے کہ اس کو یہاں نہیں چھوڑنا چاہیے ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس کی NAB تحقیقات کرے ۔ اور ہو سکتا ہے جناب چیئرمین ! کہ نیب نے اس کی تحقیقات کا کچھ بیڑا اٹھایا بھی ہو لیکن کچھ لوگ آڑے آگئے ۔ وہ بہت طاقتور لوگ ہیں ۔ بہت ہی powerful لوگ ہیں جو اپنے آپ کو بہت طاقتور سمجھتے ہیں ۔ شاید وہ آڑے آگئے ہوں ۔ ورنہ نیب کے پاس اس کی complaint موجود تھی اب بھی موجود ہے ۔ اور ہماری اطلاع کے مطابق نیب اس پر کارروائی کرنا چاہتی تھی لیکن نیب کو اجازت نہیں دی گئی ۔ نیب ایک سیاسی ادارہ ہے ۔ نیب کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ اور جناب چیئرمین! to reinforce my argument یہ World Bank کی Consultancy Report ہے۔ جو انہوں نے 1 million dollars سے بنائی تھی۔ اس کا صرف ایک ہی sentence پڑھ کر سنادیتا ہوں۔ یہ غالباً فاضل وزیر صاحب کے پاس ہوگی ۔ The average England Freight Cost of the main

petroleum product is in the range of 1.0 ایک روپیہ to 1.25 per litre and they have been charging us 9.7 rupees per litre, is not it a matter of shame?

Thank you Mr. Chairman.

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. I must say that you have given a very informative, educative and authoritative debate.

سینیٹر آغا پری گل، پوائنٹ آف آرڈر جناب چیئرمین! - جناب چیئرمین! میں ایک بہت ضروری بات کہنا چاہتی ہوں کہ یہاں پر ہم نے کچھ banners لگائے تھے بلوچستان اور صوبہ سرحد میں حالیہ بارشوں سے جو تباہی ہوئی ہے اس سلسلے میں امداد کی اپیل تھی - کوئی اپنے ذاتی مفاد کے لئے نہیں لگائے تھے - جتنے بھی banners لگائے تھے وہ فلاح اور بہبود کے لئے لگائے تھے تاکہ ہم چندہ جمع کریں' اور جو لوگ وہاں بے گھر ہوئے ہیں ان کی مالی امداد کی جاسکے - وہ تمام کے تمام سی ڈی اے کے چیئرمین نے شاید اتروا لئے ہیں - میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ ہم نے ڈیڑھ لاکھ روپے خرچ کیا تھا - وہ شاید اپنے بوٹ صاف کرنے کے لئے اپنے گھر لے گیا ہے - برائے مہربانی آپ Chair پر بیٹھے ہیں - آپ اس کو فوری طور پر بلائیں یہ بہت غلط بات ہے اگر آپ نہیں بلاتے تو ہم واک آؤٹ کریں گے -

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، یہ تو واقعی غلط ہے - نہیں ' ڈیڑھ لاکھ کے ہوں ' لاکھ کے ہوں -

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، یہ جو انہوں نے ڈیڑھ لاکھ روپیہ بینروں پر خرچ کیا ہے - اگر یہ ان علاقوں میں لے جاتے وہاں پر ان لوگوں کو دوائیں اور خوراک مل جاتی -

سینیٹر آغا پری گل، یہ کسی کے پیسے نہیں تھے - یہ ہمارے اپنے پیسے تھے -

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، لاکھ ' ڈیڑھ لاکھ کوئی matter نہیں کرتا - بہرحال it is a bad thing کہ انہوں نے کیوں اتروائے ہیں؟

سینیٹر آغا پری گل، یہ انہوں نے کیوں اتروائے ہیں؟ یہ کوئی نمائشی پروگرام تو نہیں تھا - یا ہمارا کوئی ذاتی پروگرام تو نہیں تھا - ہم نے ملک میں آئے ہوئے عذاب سے تباہ حال

لوگوں کے لئے کیا تھا۔

Mr. Presiding Officer: I will request to the Leader of the House, he should take notice and discuss with the concerned person.

سینیٹر کلثوم پروین، صرف ان سے بات نہ کی جائے بلکہ ان کو یہاں بلوایا جائے اور وجہ پوچھی جائے کہ وہ ایسے banners کیوں اتارتے ہیں؟

سینیٹر وسیم سجاد، جس spirit کے ساتھ انہوں نے یہ کام کیا تھا مقصد تو یہ تھا کہ اگر لوگ کوئی چندہ دینا چاہتے ہیں تو ان سے درخواست کی جائے کہ اس وقت ہمارے بھائی بہنیں، بزرگ تکلیف میں ہیں ' ان کی کوئی مدد کرنا چاہیں میرے خیال میں تو یہ مناسب نہیں ہے ۔ میں بھی بات کرتا ہوں لیکن I think the Secretary should be directed to talk to the concerned people and give a report to the House.

Mr. Presiding Officer: He should talk to the Chairman CDA or to Secretary Interior.

کہ وہ واپس کریں ۔ اب اس کے آگے next speaker ہوں گے ۔ جناب پروفیسر ساجد میر صاحب ۔

سینیٹر ساجد میر، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! پاکستان کے غریب عوام پر مہنگائی کا ایک اور پٹرول بم جو چلایا گیا ہے اس کے بارے میں گفتگو ہو رہی ہے ۔ ہمیشہ ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ پٹرول کی قیمتیں بین الاقوامی مارکیٹ کے ساتھ related ہوتی ہیں' اور جب وہاں قیمتیں بڑھتی ہیں تو یہاں بھی بڑھا دی جاتی ہیں ۔ لیکن پاکستان کے عوام کے ساتھ مسلسل ایک دھوکہ ہو رہا ہے ------

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، recent past میں تو میرا خیال ہے کہ international level پر prices گری نہیں ہیں ۔

سینیٹر ساجد میر، میں گزارش کرتا ہوں ۔ گرنے کی بات میں بعد میں کروں گا ۔ پہلی بات جو دھوکے کی ہے وہ یہ ہے کہ international market ایک نیویارک کی ہے ' امریکہ

کی ہے جہاں قیمتیں برطانیہ سے اور گلف سے بہت زیادہ ہوتی ہیں ۔ پاکستان crude oil یا refined oil جو بھی خریدتا ہے وہ عرب مارکیٹ سے خریدتا ہے ۔ کویت سے ، سعودی عرب سے ، خلیج کے ملکوں سے خریدتا ہے ۔ لیکن جب اخبارات میں prices اور حکومتی بیانات میں quote کی جاتی ہیں تو وہ نیویارک کی مارکیٹ کی ہوتی ہیں ۔ عرب مارکیٹ میں مثال کے طور پر 35 dollar فی بیرل ریٹ ہے تو نیویارک میں اس سے تقریباً ڈیڑھ گنا ریٹ ہوتا ہے ۔ اس کے باوجود ہمیں یہ بتایا جاتا ہے ۔ خریدتے ہیں مثال کے طور پر 35 dollar فی بیرل کے ریٹ سے ------

Mr. Presiding Officer: Just a minute Professor Sahib. Let me have this pleasant duty and inform to the House and I take this opportunity to wellcome a delegation from Sri Lanka headed by the Honourable Speaker of Sri Lanka. We welcome them again . Thank you. . Yes.

Senator Sajid Mir: We extend our welcome to the Speaker of the House from Sri Lanka. We all join our hands, we all join our toungue in this welcome.

Mr. Presiding Officer: She is a brotherly country and he is very learned man, he has kindly visited Pakistan. We are definitely grateful and we welcome from the core of our hearts. Yes please.

سینیٹر ساجد میر ، تو گزارش یہ کہ پاکستان کے عوام کو یہ بتایا جاتا ہے کہ international market میں rate یہ ہیں اور اس کے مطابق ابھی ہم prices اس کے level پر لے کر نہیں آئے ۔ حالانکہ یہ New York rates کا ہوتا ہے اس مارکیٹ کا نہیں ہوتا جہاں سے پاکستان خریدتا ہے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ recentely جیسا کہ آپ نے اشارہ فرمایا recently

international market آپ عرب مارکیٹ کہیں یا برطانیہ کی کہیں یا امریکہ کی کہیں وہاں rates کم ہوئے ہیں، لیکن ان لوگوں نے rates کو بڑھایا ہے اور اس کی وجہ point out کی ہے۔ میرے بڑے ہی محترم اور فاضل دوست جناب پروفیسر خورشید صاحب نے point out کیا ہے کہ جس وقت international maket میں rate کچھ چڑھا تھا تو اس وقت یہ چڑھانا چاہتے تھے لیکن اس وجہ سے نہیں چڑھایا گیا کہ اُس وقت یہ اپنے Prime Minister کو بدلنے میں لگے ہوئے تھے اور یہ نہیں چاہتے تھے کہ چوہدری شجاعت حسین صاحب پر یا جناب شوکت عزیز صاحب پر یہ حرف آئے کہ آتے ہی انہوں نے تیل کی قیمتیں بڑھا دیں۔ ان کے خیال کے مطابق اب ان کے تھوڑے سے پاؤں جمے ہیں تو پاؤں جمانے کے بعد فوری طور پر انہوں نے اپنا وہ کام کر دکھایا ہے جو کہ وہ بہت پہلے کرنا چاہتے تھے۔

تیسری بات یہ ہے کہ اس price increase کا، اس hike کا عوام کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا، حکومت اپنے وسائل، اپنے ذرائع بڑھاتی چلی جاتی ہے، لیکن ان وسائل و ذرائع کا کوئی فائدہ عوام کو نہیں پہنچتا۔ جس طرح foreign reserves کے بارے میں ہمیں یہ بات بار بار بتائی جاتی ہے کہ وہ زمین سے اٹھا کر آسمان تک پہنچا دیئے گئے ہیں، حالانکہ اس میں حکومت کی یا شوکت صاحب کی کارکردگی کا کوئی دخل نہیں ہے، 9/11 کے بعد international حالات ایسے بنے کہ اس کی وجہ سے لوگوں کی remittances زیادہ ہوئیں، پھر بہت سے ڈالر open market سے مہنگے rate پر خریدے گئے، اس سلسلے میں اور بھی factors ہیں۔ ہمسایہ ملکوں سے حتیٰ کہ آپ اگر بھارت سے compare کریں تو اب بھی ہمارے reserves اس قابل نہیں ہیں کہ ہم ان پر اس کسی فخر کا اظہار کر سکیں، لیکن جتنے بھی ہیں آج تک ان کا کوئی فائدہ عوام کو نہیں پہنچا، یہی حالت petrol price increase کی ہے کہ اس کا کوئی فائدہ لوٹ کر عوام کو نہیں پہنچتا۔

علاوہ ازیں جہاں تک اس ادارے کا تعلق ہے کہ جس کو قیمتوں کو revise کرنے کا ذمہ دار بنایا گیا ہے اس نے یہ پالیسی اختیار کر رکھی ہے کہ کبھی دو چار چھ مہینے کے بعد ایک معمولی سی decrease ہوتی ہے، price کو تھوڑا سا نیچے لایا جاتا ہے، عوام کی آنکھوں میں فرداً فرداً مزید دھول جھونکنے کے لئے اور اس کے بعد اس کی پوری کسر، پوری کمی price میں کئی گنا increase کر کے نکالی جاتی ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ جب زبردستی سیاسی حکومت کو ختم کیا

گیا تو اس وقت پیٹرول تقریباً 24 روپے فی لیٹر بک رہا تھا جو کہ اب 47 ' 48 کے قریب پہنچ چکا ہے یعنی دوگنا ہو چکا ہے' اور اس کے باوجود دعویٰ یہ ہے کہ ہم نے اقتصادی ترقی کی ہے۔ پیٹرول' ڈیزل اور kerosene oil جو کہ عام آدمی کی ضرورت ہے اس کی prices میں مسلسل اضافہ اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ حکومت کے اقتصادی ترقی کے دعوے بالکل بے بنیاد اور غلط ہیں اور جتنے وہ اقتصای ترقی کے دعوے کرتے ہیں اس کا قطعاً کوئی فائدہ عوام کو نہیں پہنچا۔ میں اس سلسلے میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جو ادارہ اس مقصد کے لئے بنایا گیا ہے' جیسا کہ اس سے پہلے point out کیا گیا کہ اس میں کوئی عوامی نمائندگی نہیں ہے' اس میں عوام کا درد محسوس کرنے والا اور عوام کا درد رکھنے والا کوئی فرد نہیں ہے' وہی لوگ جنہیں براہ راست price increase سے فائدہ پہنچتا ہے وہی بیٹھتے ہیں' وہی فیصلہ کرتے ہیں اور وہی prices بڑھاتے رہتے ہیں۔ اس میں عوامی نمائندگی ہونی چاہیئے' اس میں عوام کا دکھ درد محسوس کرنے والے عوامی نمائندے شامل ہونے چاہییں تاکہ وہ تمام حالات کو دیکھیں' ان کے سامنے تمام facts & figures لائے جائیں' وہ خود ان کی چھان بین کریں اور وہ معلوم کریں کہ واقعی international market میں قیمتوں کی صورتحال کیا ہے؟ اور ہمارے ہاں صورتحال کیا ہے؟ کیا عوام میں اتنی سکت باقی ہے کہ وہ پیٹرول کے بڑھے ہوئے rates کو ادا کر سکیں؟

جناب والا! آخر میں' میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ صرف پیٹرول کا مسئلہ نہیں ہے' یہ over all ایک مہنگائی کا مسئلہ ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ صرف ایک پیٹرول' ڈیزل یا kerosene oil کے prices بڑھنے سے عمومی price index پر کیا اثر پڑتا ہے' transporters اپنے کرائے بڑھاتے ہیں' آمد و رفت کے اخراجات بڑھتے ہیں' چیزوں کی نقل و حمل اور ان کی transportation کے اخراجات بڑھتے ہیں' کچھ تو اخراجات بڑھتے ہیں اور کچھ prices کو مزید increase کرنے کا بہانہ ملتا ہے۔ اس سے مہنگائی کا ایک طوفان آتا ہے جو کہ پہلے ہی عوام کو اپنی لپیٹ میں لے چکا ہے' یہ price increase انہیں پہلے ہی نگل چکا ہے' ان کا تقریباً پورا جسم نگلا جا چکا ہے بس تھوڑا سا حصہ باقی ہے جس کو نگلنے کے لئے یہ سارے حیلے بہانے کئے جا رہے ہیں کہ foreign market میں قیمت یہ ہے اور ہم یہ کر رہے ہیں۔ ساتھ ساتھ ہمیں یہ جھوٹی تسلیاں بھی دی جاتی ہیں اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ عنقریب تمہارے دن بدلنے والے ہیں۔ اگر

اس حکومت کے یہی وتیرے رہے تو عوام کے دن بدلیں گے لیکن for the worst بدلیں گے، for the better نہیں بدلیں گے۔ اس لئے میری گزارش یہ ہے کہ حکومت کو ایسے اقدامات سے گریز کرنا چاہیے جو اس کے اپنے ہی اقتصادی ترقی کے دعوؤں کی نفی بھی کریں، عوام کی کمر پر مزید بوجھ بھی لادیں اور ان کو جینے کے قابل بھی نہ چھوڑیں۔ بہت شکریہ، بڑی مہربانی۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. Now, I will request to Professor Ghafoor Ahmad sahib.

سینیٹر پروفیسرغفور احمد، جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ اچھی حکومت وہ ہوتی ہے کہ جس میں عوام ایک خوشحال زندگی بسر کرتے ہوں۔

جناب پریزائیڈ نگ آفیسر، صحیح ہے۔

سینیٹر پروفیسرغفور احمد، حکمرانوں کے اور عوام کے معیار زندگی میں بہت زیادہ فرق نہیں ہونا چاہیے۔ جناب چیئرمین! آپ یہ بات جانتے ہیں کہ ہمارے حکمران وہ وزیر اعظم ہو، یا صدر ہو، یا وزراء ہوں، ان کا معیار زندگی اور ایک عام پاکستانی کا معیار زندگی کیا ہے؟ اگر یہ معیار زندگی میں اتنا تفاوت ہو گا، اتنا فرق ہو گا تو ظاہری بات ہے، نہ ملک میں خوشحالی آ سکتی ہے، نہ ملک میں چین اور امن ہو سکتا ہے۔ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ ملک کی چھوٹی اقلیت بہت خوشحالی کی زندگی بسر کر رہی ہے اور ہماری آبادی کا ایک بڑا حصہ جو تقریباً 30, 35 فیصد ہے، وہ سطح غربت سے بھی نیچے زندگی بسر کر رہا ہے۔ یہ صورتحال کسی طرح بھی ہمارے لئے قابل برداشت نہیں ہے۔ بجلی، گیس، ڈیزل اور مٹی کے تیل کی قیمتوں میں جو اضافہ ہوتا ہے، اس کا اثر انہی پر نہیں پڑتا جو ان چیزوں کو استعمال کرتے ہیں بلکہ اس کا عمومی اثر پورے پاکستان کے عوام پر پڑتا ہے جو چاہے انہیں براہ راست استعمال نہ کر رہے ہوں۔ اس لئے بجلی اور گیس کی قیمت میں اضافہ ہو گا تو ظاہری بات ہے کہ cost of production میں اضافہ ہو گا، cost of production میں اضافہ ہو گا تو چیزوں کی قیمتیں بڑھیں گی، جب چیزوں کی قیمتیں بڑھیں گی تو ظاہری بات ہے، اس کا بار ہر اس آدمی پر پڑے گا جو پاکستان میں رہتا ہے اور ان اشیاء کو استعمال کرتا ہے۔

جناب چیئرمین! میں ایک دوسری طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اگر ہماری industry میں cost of production بڑھ جائے تو پھر عالمی مارکیٹ میں وہ compete نہیں کر سکتے، اگر عالمی مارکیٹ میں وہ compete نہیں کر سکتے تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ درآمدات میں اضافہ ہو گا اور ہماری برآمدات میں کمی ہو گی۔ اس وقت بھی ہماری بیرونی تجارت میں ہمارا خسارہ ہے، اور مجھے ڈر ہے کہ اگر بجلی اور گیس کی قیمتوں میں ایسے ہی اضافہ کیا جاتا رہا تو یہ خسارہ مزید بڑھ جائے گا۔ اس لئے میں یہ بات عرض کرتا ہوں کہ حکومت کی یہ ایک ظالمانہ روش ہے کہ بغیر کسی استحقاق کے، بغیر کسی جواز کے، بغیر کسی سبب کے ان چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ کیا جاتا ہے اور عام آدمی کی زندگی کو دشواریوں سے بھر دیا جاتا ہے۔ جیسے پروفیسر ساجد صاحب نے کہا کہ مٹی کا تیل غریب آدمی استعمال کرتا ہے، یہ لالٹین جلانے کے لئے نہیں بلکہ ایندھن کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہے، اس سے لوگ چولہا بھی جلاتے ہیں۔ اس کی قیمتوں میں تقریباً 50 فیصد اضافہ کیا گیا ہے تو ظاہری بات ہے کہ عوام کے لئے ناقابل برداشت ہے۔ اس لئے میں آپ کی وساطت سے حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ اپنی ظالمانہ اور عوام دشمن پالیسیوں پر نظر ثانی کرے اور ان اضافوں کو واپس لے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you.

جناب ہدایت شاہ صاحب۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، شکریہ، جناب چیئرمین صاحب! اس بارے میں ہمارے ساتھی بہت ساری باتیں کر چکے ہیں۔ میں حیران ہوں کہ حکومت کا ہمیشہ یہ دعویٰ رہا ہے کہ ہم نے جب اپنی policy بدلی ہے اور Europe ممالک کے اتحادی بنے ہیں، یا America کے اتحادی بنے ہیں ہمیں اس سے پاکستان میں ایک اقتصادی فائدہ بھی ہو گا، ڈالروں کا سیلاب آ جائے گا، غربت ختم ہو جائے گی۔ جناب چیئرمین صاحب! ہم نے آج تک نہ ڈالروں کا سیلاب دیکھا اور نہ ہی ہم نے، غریبوں پر اس وقت جو بوجھ بڑھ رہا ہے وہ کم ہوتا ہوا دیکھا ہے۔ ہاں یہ بات ضرور ہے کہ غربت ختم نہیں ہو رہی ہے، البتہ غریب ختم ہو رہے ہیں۔ اس ملک کے اندر غریبوں پر اور پھر ہمارے وزیر اعظم صاحب نے اور موجودہ حکومت نے یہ بھی دعویٰ کیا تھا کہ ہمارا یہ جو

budget ہے' اس میں آئندہ اس کے مقابلے میں کوئی نیا budget یا کوئی نیا tax یا کوئی نئی قیمت نہیں بڑھائی جائے گی۔ مجھے اس میں بےحد پریشانی ہے یا حیران ہوں کہ ہر دو ماہ کے بعد قیمتیں بڑھ جاتی ہیں' اور جناب چیئرمین! بالخصوص ایسی چیزوں کی قیمتیں بڑھتی ہیں جن کا تعلق غریب عوام کے ساتھ ہے اور ایسے طبقے کے ساتھ ہے جو بالکل متوسط ہیں یا بالکل غریب' بالکل غریب لوگ ہیں۔ مثال کے طور پر یہ ڈیزل ہے' مٹی کا تیل ہے اور خورد و نوش کی چیزیں۔ اب جب آپ تیل کی قیمتیں بڑھا رہے ہیں' اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ عام عوام کے پاس کاریں نہیں ہیں' وہ بسوں میں سفر کرتے ہیں' دیگر ذرائع ابلاغ استعمال کرتے ہیں تو سارے ملک میں کرایہ بڑھ جاتا ہے اب یہ سارے کا سارا بوجھ غریبوں پر پڑ جاتا ہے۔ برائے مہربانی ہماری حکومت کو چاہیے کہ اس مسئلے میں اقتصادی اور معیشت کا جو نظام ہے اس سلسلے میں ایسی پالیسی وضع کریں کہ کم از کم غریبوں پر بوجھ نہ پڑے' ان سرمایہ داروں اور جاگیر داروں پر بوجھ پڑ جائے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ ایک اور جانب دلانا چاہتا ہوں کہ اس وقت جو زرعی ٹیکس نافذ کیا گیا ہے' ایسے لوگوں پر زرعی ٹیکس نافذ کیا ہے جن کی ۱۰ کنال زمین ہے۔ جو بڑے بڑے سرمایہ دار اور جاگیر دار ہیں ان پر کوئی ٹیکس نہیں ہے۔ میں ایک اور بات آپ کو بتاؤں کہ یہ جو زکوٰۃ کا مسئلہ ہے۔ یہ زکوٰۃ اور عشر جو ہیں یہ اللہ کے فرائض میں سے ایک فرض ہے۔ حکومت سرمایہ داروں سے زکوٰۃ تو لے رہی ہے مگر عشر جاگیر داروں سے نہیں لے رہی ہے۔ وہاں پر بھی جاگیر داری نظام کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ آپ ایوان بالا کی طرف سے حکومت کی توجہ دلائیں کہ برائے مہربانی جو ٹیکسوں کا نظام ہے یہ ویسے تو شرعاً جائز نہیں ہے۔ پہلے بھی ایک دفعہ میں نے کہا تھا کہ قرآن کریم کی رو سے ٹیکس لگانا غریبوں پر جائز نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، میری گزارش ہوگی کہ subject کے مطابق relevant رہنے کی کوشش کریں۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، جناب! میں اسی کے متعلق کہہ رہا ہوں۔ یہ غریبوں کے متعلق ہے۔ آپ نے قیمتیں بڑھائی ہیں۔ یہ سارا غریبوں کے ساتھ متعلق ہے۔ میں اپنے موضوع

سے نکلا نہیں ہوں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، نہیں' Petroleum policy پر بات کریں۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ جو قیمتیں بڑھائی جاتی ہیں ہر دو ماہ کے بعد جس کا بوجھ عوام پر پڑتا ہے۔ عوام اس بوجھ کو برداشت کرتی ہے۔ بجائے اس کے کہ حکومت ان غریبوں کی کچھ مدد کرے یا کمک دے ان پر ٹیکس تو نہ لگائے۔ ٹیکسوں کا یہ بوجھ ایسے طبقے پر ڈالے جو بڑے وڈیرے' سرمایہ دار اور جاگیر دار ہیں۔ میری یہ گزارش ہے۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، بہت بہت شکریہ۔ محترمہ رخسانہ زبیری صاحبہ۔

Senator Engr. Rukhsana Zuberi: Thank you Mr. Chairman.

آج ہم price of petroleum products پر جو Adjournment Motion ہے اس پر discuss کر رہے ہیں۔ اس کے overall impacts کیا ہیں؛ یہ پہلے speakers بتا چکے ہیں۔ میں چونکہ Standing Committee on Petroleum کی رکن ہوں اور جو price کی Sub Committee بنی تھی اس کی بھی رکن ہوں تو میں آپ کے وساطت سے یہاں یہ بتانا چاہوں گی کہ ہمارا کل بھی ایک بہت marathon session رہا تھا جس میں ہم نے price کی details دیکھی تھی۔ جناب چیئرمین! اس میں جو basic چیز ہے وہ ہے ex-refinery price کا build up. جب ہم نے اس کو detail میں دیکھا اور concerned لوگ تھے ان سے پوچھا تو جو باتیں سامنے آئیں ہیں وہ میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہوں گی۔ Ex refinery price جو ہے اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ platt's oil gram, Arab, Gulf mean price لی جاتی ہے۔ اس کی lower and higher price of a period کا لے کر اس کا mean لیا جاتا ہے۔ یہ کہنے کی باتیں ہیں۔ جون میں باقاعدہ presentation تھی اس میں بھی pricing پر انہوں نے یہی کہا تھا لیکن جب ہم نے in fact platt's سے compare کیا تو ہمیں یہ پتا چلا کہ بہت serious irregularities ہیں اور ان serious irregularities سے Government of Pakistan کو کچھ نہیں مل رہا ہے۔ لوگ زیادہ پیسے دے رہے ہیں' اور سب سے زیادہ فائدہ

refineries اور oil marketing companies کو ہو رہا ہے۔ اس کا اندازہ آپ اس سے لگا سکتے ہیں کہ جن organizations نے اپنا share dividend رکھا تھا ۴ روپے' آج وہ ۲۴ روپے dividend پر آ گئی ہیں ۔ So, this can show کہ something very drastic has happened. اس دوران میں۔ اب جناب' مثال کے طور پر جب price calculate کرتے ہیں تو ان کو instructions تھیں Cabinet کی کہ وہ price کو لیں گے' base کریں گے import price of platt's کے اوپر' لیکن platt's میں پٹرول کی قیمت quote نہیں ہوتی تھی۔ تو اس کے لئے فارمولا دیا گیا کہ آپ NAFCA کی price لیں گے اور upto 60 dollars add کریں گے تاکہ motor spirit کی price آ جائے ۔ Sir, it is very strange کہ ایک تو ہر دفعہ highest جو ان کے پاس margin 60 per ton تھا وہ ہمیشہ add کیا گیا بجائے upto کو دیکھنے کے۔ اب تو وہ نہیں دیکھا گیا 60 dollars per tone لگایا گیا۔ اس کے بعد یہ کہ 2002 میں platt's oil gram میں motor spirit کی prices بھی دینی شروع کر دیں لیکن اس وقت سے لے کر آج تک تین سال ہو گئے ہیں اب تک motor spirit کی platt's prices سے نہیں لی گئیں جس وقت یہ 50 dollars over a ton کا فرق بنتا ہے Sir, this is something very very serious. اور اس سے price میں کافی فرق پڑتا ہے اگر آپ اس کو calculate کریں۔

اسی طرح furnace oil جو 180 CST ہم use کرتے ہیں اور اس کا 60 dollar per ton premium price میں add کیا جاتا ہے حالانکہ it is not a premium product. تو جناب! صرف اگر اس کو دیکھیں آپ تو 420 million dollars ہم pay کر رہے ہیں in the head of furnace oil. جناب ! اسی طرح motor spirit میں ایک اور بھی irregularity petrol میں کہ 95 rawn کی prices لے رہے ہیں جبکہ ہمارے ہاں جو بن رہا ہے وہ 87 rawn بن رہا ہے اور اس کے حساب سے اس میں identify کیا ہوا ہے۔ ہمارے جو Ministry of Petroleum کے ساتھی ہیں ان سے پوچھا کہ آپ نے کیوں نہیں اس کو implement کرایا؟ تو انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس تو Cabinet کی briefing تھی اب چونکہ یہ favour میں جاتی تھی oil marketing companies کے' they kept quiet on it. جناب ! اس کے علاوہ اس کے

بعد یہ 0.65 handling charges claim کر رہے ہیں' اور یہ claim کرنا شروع کیا 2002 کے بعد۔ جناب! جو Cabinet کی ruling ہے اس میں 0.15 کر سکتے ہیں لیکن یہ 0.5% زیادہ charge کر رہے ہیں handling charges میں۔ اب اس کو یہ کہتے ہیں کہ یہ ocean loss ہے تو جناب! ocean loss تو ہمیشہ تھا ابھی یہ نیا تو نہیں آیا کہ جی volatile products ہیں۔ یہ volatile products 2002 کے بعد تو نہیں بنیں۔

جناب والا! ہوا یہ ہے کہ gradually, oil marketing companies and refineries, they have taken a complete control. انہوں نے Ministry کو بھی یہ message دیا ہے کہ look, we are the people to decide, not you. کیونکہ ایک جگہ ان کے ایک D.G. نے ایک note of dissent لکھا ایک meeting کے بعد کہ جی میرا note of dissent لکھیں آپ ' that director of a particular public limited company was sent back. He was no more director of that limited company. That was the message given by these oil companies.

جناب والا! اس میں اگر آپ دیکھیں کہ diesel کو deregulate کیا حکومت نے اور PSO diesel منگوا رہی ہے۔ اب انہوں نے جو مجھے کل price دی تھیں effective 1st February, 2005 ان کی average cost of import 19.33 rupees per litre تھی اور ex-refinery price جو اس OCAC نے declare کی جناب! وہ Rs.20.74 یعنی Rs.1.5 کا فرق تھا۔ پھر اس کی average cost نکالی گئی اور وہ بنی Rs.19.96 تقریباً -/Rs.20 میں SSG بک رہا ہے۔ and we are paying more.

جناب! یہ جو PSO import کی ہے یہ کوئی ایسی transparent چیز نہیں ہے' we know کہ کس طرح ان کی import ہو رہی ہے۔ کوئی tenders نہیں ہیں۔ اگر Shell منگاتا ہے تو وہ اپنے Shell International سے منگاتا ہے اور سارا پیسہ Shell International کا باہر چلا جاتا ہے۔ Why are they trying to protect these organizations? جناب! انہوں نے اسی presentation میں جو کل ہوئی Ministry of Petroleum کے یہاں officials ہیں' they will bear me out کہ انہوں نے کہا کہ on deregulation of HSD

pricing, PSO announced HSD price, which was lower than the competitors. This forced the competitors, now, who are the competitors? Are the other oil marketing companies other than PSO? Sir, then the industries following the PSO's price trend. Since, the deregulation of HSD prices out of 59 fortnightly price announcements, 45 times and within brackets they have writteen 76%, the PSO import cost is lower than the

product import یہ اب ex-refinery price. So, sir, that is the state of affairs. parity price کا مطلب یہ نہیں تھا کہ handling charges بھی بڑھا دیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں تھا کہ warfare بھی charge کریں۔ جناب! یہ جو warfare charge کر رہے ہیں وہ بھی higher than the published warfare ہے جو کہ کیماڑی terminal پر یا Fotco terminal پر ہے ' that is also high. So, sir, this has to be taken very seriously یہ جو working group and a task force needs to be made for immediate relief, ہے اس کی کل بھی میٹنگ ہے Ministry میں۔ This should have a working group on it till such time everything is resolved.

جناب! دوسری بات یہ ہے کہ------

Mr. Presiding Officer: Please take care of the time also.

Senator Eng. Rukhsana Zuberi: Yes, sir. I thought I am giving some information. If you want I can stay here. I don't think I have repeated anything. Sir, I am about to finish it now.

Mr. Presiding Officer: Yes, please wind it up.

سینیٹر انجینیئر رخسانہ زبیری، جناب! دوسری بات یہ ہے کہ جو products ہم یہاں بنا رہے ہیں ' why take them on import parity price? why not on export parity price? کیونکہ اگر ہم ان سے نہیں خریدیں گے' اب تو WTO کا regementation

ہے۔ اگر ہم ان سے نہیں خریدیں گے تو وہ باہر بھیج سکتے ہیں۔ So, whatever, price they can sell out, ex-Karachi or ex-wherever, that should be the price which should be taken into account اور جناب! اگرآپ دوسری بات دیکھیں کہ جو abrupt change بھی اس میں ہے distributor margin and dealer's commission کی مد میں distributor margin تھے جس کے لیے ہم دیتے تھے 50 paisas میں 1999 آئی ہے۔ وہ اب Rs.1.50 یا Rs.1.29 ہوگیا ہے۔ So, sir, this needs to be taken into consideration especially, in the light of what Senator Farhatullah Babar نے کہا جو World Bank کی report کے بارے میں بتا رہے تھے۔ اس میں ہم نے اتنے پیسے خرچ کیے ہیں اور ان کی کسی بھی advice پر ہم نے عمل نہیں کیا ہے۔ Thank you very much, sir.

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. Now, I will request Dr. Abdullah Riar.

Senator Dr. Abdullah Riar: Thank you Mr. Chairman. My colleagues have given very substantial information on the issue of price fixing. I would like to shed light on some of the aspects.

Sir, no one has a problem with the deregulation, I support the deregulation and control on price fixing. Mr. Chairman, the dilemma in this country

اور ہماری قوم کا یہ المیہ رہا ہے، آج میرے گلے کو نظر لگ گئی ہے، جناب چیئرمین۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، نہیں، پھر بھی عام گلوں سے بہتر ہے آپ کا گلا۔

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، کسی کی بری نظر لگ گئی ہے جناب۔ اچھا جناب چیئرمین! المیہ یہ رہا ہے کہ ہم اچھے کام کو اچھی نیت سے کرنے کی بجائے اچھے کام کو ہم بری نیت سے کرتے ہیں اور اس میں کوئی نہ کوئی vested interest اپنے targets کو مکمل کرنے

کی کوشش کرتے ہیں۔ اس کی ایک مثال یہ ہے، جس کو میں آپ کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کروں گا۔ Since 1999 جب یہ concept of deregulation and privatization اپنی climax پر تھا اور ہمارے

power brokers and the decision makers were in an authoritarian mode at the peak of their pinnacle, they decided to play with the fate of this country by deregulating the prices of oil, taking away the subsidy and attaching the fate of the oil prices with the international market. Granted,

ہمیں منظور ہے۔ Gulf کے crude oil کے ساتھ پاکستان کے fuel کی prices کو link کرنا ہمیں منظور ہے، مگر المیہ تو یہ ہے کہ Oil and Gas Regulatory Authority جس کو OGRA کہا جاتا ہے جو ایک Ordinance کی صورت میں اس وقت Constitution کا حصہ بن چکی ہے، جس میں cardinally mentioned یہ pivitol element ہے کہ کوئی بھی شخص یا ادارہ جس کا conflict of interest ہوگا، جس کا interest متضاد ہوگا oil کی price fixing سے، اس کو اس کی price fix کرنے کا اختیار نہیں دیا جائے گا۔

Mr. Chairman, I do need your attention. میں بہت اہم بات کرنے جا رہا ہوں۔ Unfortunately, اس اچھے کام کو کرتے وقت ایک بری اور بدنیتی کا ثبوت دیا گیا ہے کہ اس وقت اس ملک کے Constitution کا حصہ ہے

OGRA Ordinance, and according to the 17th amendment which is now part of the Constitution of Pakistan that no individual or entity would have the right to be part of the price fixing of these oil and oil related products. Then tell me Mr. Prime Minister, who gave you the right to give the four commercial enterpreneurs, four oil marketing companies to decide the fate of kerosine oil.

میری جھگی میں جلنے والی بتی کی قیمت کو بڑھانے کا fate آپ نے Shell کو، PSO کو اور ان کے تنخواہ دار ایجنٹوں کو deregulation کے نام پر کس طرح دے دیا۔ چار refineries جناب

ظلم وستم اتنا ہے، اور پھر آپ ہمیں کہتے ہیں کہ ڈاکٹر صاحب ذرا دھیما بولا کریں۔ افسوس تو یہ ہوتا ہے کہ پڑھے لکھے معتبر لوگ جو دنیا کا کاروبار چلاتے چلاتے اپنے ملک کی خدمت کرنے آجاتے ہیں اور پھر اسی طرح لوٹ کھسوٹ کا حصہ بن جاتے ہیں۔ چار پرائیویٹ OMC's، چار refineries، دو پائپ لائن کمپنیاں، یہ دس کارندے، یہ دس کھلاڑی جن کا کام pin stripe suit پہننا اور

quarterly bottom line statement of their companies. Their bottom line is profitability of their companies. Their bottom line is profitability of their masters sitting somewhere in some island. Shame on your deregulation Mr. Prime Minister, shame on your deregulation and shame on your vision of looking at the Constitution of Pakistan and throwing away the sanctity of the very Ordinance and very part of the Constitution.

جن کا vested intrest ہے ان کو میرے تیل کے چولھے کی بتی کے freight طے کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ میرے رکشہ کا جو ایندھن ہے، اس کو طے کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ میری بس کا جو ڈیزل ہے، اس کو طے کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ میرے ٹریکٹر کا جو ڈیزل ہے، اس کو طے کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ شرم آنی چاہیے تمہاری اس deregulation policy پر جناب وزیراعظم۔

ہمیں یہ بتایا جائے کہ Constitution کی اتنی بڑی violation ہو رہی ہے۔ ہمیں یہ بتایا جائے کہ یہ دس پرائیویٹ اداروں نے لوٹ کھسوٹ کی ہوئی ہے اور 49 بار قیمتوں کے ساتھ کھیلا گیا ہے۔ مانتے ہیں کہ انٹرنیشل مارکیٹ crude oil بارہ ڈالر سے لے کر پچاس پچپن تک بھی گیا ہے، مانتے ہیں۔ ہم یہ بھی مانتے ہیں کہ جو items 10 اور 12 items price fixing ہیں ان میں increase اور variation ہونی چاہیے اور ہوتی رہی ہے۔ مگر یہ بتایا جائے کہ inland freight کی price جو ایک روپیہ یا سوا روپے ہونی چاہیے تھی وہ نو روپیہ کس کھاتے میں دیئے گئے ہیں۔ کس کا خون deregulation کے نام پر چوس رہے ہو۔ میں گیلری میں بیٹھے ہوئے دوستوں کو بتانا چاہتا ہوں، یہ سب سے بڑا ہتھیار ہے غریب کے لئے، یہ لوٹ کھسوٹ کا بازار ہے

اس غریب کے لئے، یہ کرپشن کا سامان لگا ہوا ہے اس غریب کے لئے۔ میں یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ وزیر صاحب نے جو انکوائری کمیشن بنایا، یا انکوائری رپورٹ مانگی گئی تھی وہ رپورٹ سامنے کیوں نہیں لائی گئی۔ میں یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر NAB میں اس چیز کو discuss کیا گیا اور NAB نے اس کے اوپر کوئی نظرثانی کی ہے تو وہ پایہ تکمیل تک کیوں نہیں پہنچی؛ آپ ہمیں نوکریاں دینے میں تو دس دس سال لگا دیتے ہو۔ کہاں سوئے ہوئے ہو؛ کس قسم کی جانبداری کی بات کرتے ہو۔

Mr. Presiding Officer: You have made a point, but do not repeat yourself.

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاز، جناب کوئی بڑی بات نہیں ہے کہ اتنا بڑا ظلم اور استحصال ہو رہا ہے، ہر دو ہفتے کے بعد ہو رہا ہے سن لیں تھوڑا سا۔ This is too much.

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، کوئی نئی چیز بتائیں ناں۔

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاز، نئی چیز یہ ہے کہ

immediately government should reduce the Sales Tax from 15% to 7.5%. Immediately this OCAC must be abandoned to decide the fate of the people of Pakistan and this job should be given back to the representatives of the consumers representatives of the public must be part of the decision making process and rationalisation must be brought to inland freight.

کیا لوٹ کھسوٹ ہے نو روپے۔ کس کی آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہو۔ جناب چیئرمین! آپ بھی دل میں سوچ رہے ہونگے۔ کتنا بڑا ظلم ہے۔ I thank you very much.

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. Now I will request the honourable Minister for Education to make a statement to the survey by the Agha Khan Medical Board.

Senator Lt. Gen. (Retd.) Javed Ashraf: I would like to clarify that this issue was discussed in the Senate and in my concluding speech I gave a detailed explanation of this survey which was heard by all of them. I do not know why again this has been moved because the mover was the same even at that time. Let me once again clarify that this survey is nothing new. It was conducted once only in the month of November and it was not done by the Agha Khan Board. It was a World Health Organization Programme on Aids in which Ministry of Health and Agha Khan Medical University are working on control of Aids in Pakistan. The survey was, this questionnaire was issued by Agha Khan Medical University and it is true that there were certain questions which are not as per the norms of our society in that questionnaire.

This questionnaire was handed over to me by one of my sister across the isle and she pointed it out that these questions were produced in it. We took notice of that although it was not Ministry of Education's business. However, since it was given to some schools, I took it upon myself and I wrote to Agha Khan University that this questionnaire is not according to the norms of our society. These questions should not have been asked.

They apologized and said that this was a questionnaire given by the World Health Organization which they should have amended for our own children which they failed to do. They have withdrawn the questionnaire and they will not repeat it in future. We told them that

before any such effort again in future you should be clear with us. So, that is the total story to this questionnaire regarding which it is the second time I am making the statement in the Senate for those who probably did not hear it the first time. That is why the point seems to be coming again and again.

The Agha Khan Board has nothing to do with this questionnaire. That is only an exam board which is charged to take examinations from private schools; those who volunteer to affiliate with it. No compulsion on anybody. They have nothing to do with curriculum. Curriculum will be the national curriculam which will be dealt with by the Federal Ministry in concurrence with the provincial governments. Let me also clarify, there is a lot of falsehood that has been printed in this paper. It says, "Three provinces rejected the board." No such thing. There was a Provincial Coordination Conference which I presided. All the four provincial Ministers were over there. We explained the Agha Khan Board concept. Nobody raised any objection to it. Let me clear this what statement after they have gone back is given in their provinces, I don't know about that but the fact is over here. Nobody raised any objection. So, that is the sum total to this whole thing. It's basically a camapaign launched by a group of people to find an issue against the government and that is all about it. I would request my honourable brothers that it is an effort to make better the examination system and nothing more. From rote learning, we want to go on to analytical type of examinations MCQ type of examinations; which our government boards will also be doing. They have also been

asked to do it. It is not replacing any of the government boards. It is only affiliating private schools who volunteer to affiliate with it and that is all. So, I just wanted to clarify this point because it came up when I was not here. Thank you sir.

Mr. Presiding Officer: Thank you, now we will again take up the discussion. Prof. Sahib, Minister Sahib has made a statement but that statement is not liable to be debated.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان،جناب چیئرمین! میں مختصراً عرض کروں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، نہیں ، نہیں مختصر let me be with the original agenda. He is not liable to be debated with. He has just made a statement for your information. That is all.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان، میں جناب debate کی بات نہیں کرنا چاہتا یہ تو قوم کی مائیں ہیں اور اپنی بچیوں کے بارے میں پریشان ہیں۔ انہوں نے یہ تذکرہ کیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ،مائیں سب کے لیے ہیں ' Minister Sahib کے لیے بھی' ہمارے لیے بھی Everybody will take care of his mother but we should act according to the rules. Now, I will request to Sanaullah Baloch. He is not hre. Syed Murad Ali Shah.

سینیٹر سید مراد علی شاہ، شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب عالی ! بہت کچھ اس پر کہا جا چکا ہے اور کافی تقریریں ہوئی ہیں، لیکن یہ تمام چیز اس لیے کی گئی ہے کہ اس حکومت نے آتے وقت یہ کہہ دیا تھا کہ یہاں good governance ہوگی' یہاں قیمتیں کم ہوں گی' poverty alleviation ہوگی لیکن اس وقت یہ تمام چیزیں مہنگی اس لیے ہو گئیں کہ یہ ساری چیزیں depend کرتی ہیں source of energy پر۔ تیل کے مہنگا ہونے سے ' ڈیزل کے مہنگا ہونے سے اس کا effect ہوتا ہے agriculture پر اور باقی transport پر جس کی وجہ سے تمام قیمتیں

بڑھ جاتی ہیں۔

یہ تمام چیزیں دنیا کے مقابلے میں ہمارے ہاں سب سے زیادہ مہنگی ہوئی ہیں۔ تو وہ good governance کہاں گئی؟ جناب والا! اس کا ایک main مقصد یہ ہے کہ we should remain consumers, producers نہ بنیں۔ cost of production زیادہ ہو اور پاکستان compete نہ کر سکے اور ہمیشہ politically and economically ان کے ہاتھوں کے نیچے رہے۔ اس لئے ہمارے ہاں جو کچھ ہوا ہے، وہ کافی زیادہ ہوا ہے اور اس حکومت کی جانب سے کی گئی مہنگائی کی وجہ سے ہم پہلے 40% below the poverty line تھے، اب زیادہ population اس percentage کے نیچے چلی گئی۔ یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ prosperity زیادہ ہو گئی ہے، یہ pseudo prosperity جو ہم نے حاصل کی ہے، یہ at the cost of sovereignty ہے۔ خود ارباب اختیار کہتے ہیں کہ we must relax on our sovereignty. sovereignty بھی ہاتھ سے گئی اور مہنگائی بھی اس سے زیادہ ہو گئی، اور اس کا ہمیں کیا فائدہ ہوا؟ یہاں ہمیں multi national کمپنیاں لوٹ رہی ہیں جیسے انہوں نے ابھی فرمایا ہے اور اس کا تمام فائدہ باہر جا رہا ہے۔ یہ تعمیرِ غیر اور تخریب خود ہے۔ ہمارے لوگوں کو بھوکوں مارے جا رہا ہے۔ یہاں تباہی مچائی ہوئی ہے اور اعلان کیا جاتا ہے کہ یہاں enlightened moderation ہے۔ ابھی Education Minister Sahib نے بات کی ہے، میں اس بارے میں عرض کرتا ہوں کہ یہ تعلیمی دہشت گردی جو ہے، اس کی ذمہ داری خود بش نے قبول کی ہے کہ یہ میں نے کیا ہے، یہ نصاب کی تبدیلی میں نے کی ہے اور اس کا امریکہ میں اس نے credit لیا ہے۔ پہلے wonderful lady سے اس کو وہ کھینچ رہے تھے، اب انہوں نے vehicle بدل لی ہے۔ اب ان کی زیادہ امیدیں ہمارے وزیر تعلیم صاحب سے ہیں۔ خود اس دن بش نے کہا ہے کہ یہ سب میرا کیا ہوا ہے، یہ ان کا نہیں ہے اور اس نے اس تعلیمی دہشت گردی کی ذمہ داری خود اپنے ذمے لی ہے۔

Mr. Presiding Officer: *Mohtram Shah Sahib*, you are expected to give your views relating to the petroleum policy of the Government.

سینیٹر سید مراد علی شاہ: جناب والا! یہ سب باتیں mixed up ہیں۔

Mr. Presiding Officer: No, we are discussing this very issue. Thank you. Now I request Dr. Kauser Firdaus Sahiba.

ڈاکٹر کوثر فردوس : بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین!

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، جناب والا! Point of Personal Explanation. انہوں نے کہا ہے کہ پہلے انہوں نے اپنا ایجنڈا سابقہ وزیر تعلیم کو دیا ہوا تھا اور اب یہی agenda مجھے سونپ دیا ہے۔ I take exception to this remark. I am as much of a Pakistani as he is or anybody else.

Mr. Presididng Officer: Everybody is equal in this respect.

Senator Lt. Gen. (Retd.) Javed Ashraf: Nobody has ever told me what is to be done to the Pakistan's Curriculum or Pakistan's education policy. Nobody dares do it. I do not take dictation and I will not do it. We will do what is best in the interest of our children and their future. I do not take dictation from them or from them. So, I want to assure this House, we will do what is in the best interest of Pakistan and I do not like these insinuations...

سینیٹر امان اللہ کنرانی، جناب والا! یہ individually کچھ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ "from them" انہیں ہاؤس سے dictation لینا پڑے گی اور جو ہاؤس کا verdict ہوگا، وہ انہیں ماننا پڑے گا، وہ اگر فوجی ہیں تو اپنے وقت میں تھے۔ اس وقت وہ ہاؤس کے پابند ہیں۔ وہ ایسے نہیں کہہ سکتے ہیں۔ اس وقت وہ individual نہیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : خان صاحب! ایسی بات نہیں ہے۔

سینیٹر امان اللہ کنرانی : وہ پارلیمانی system کے پابند ہیں۔ یہاں سے کیوں dictation نہیں لے سکتے۔ جو ہاؤس کہے گا، انہیں ماننا پڑے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : خان صاحب! وہ اپنے ملک کے ساتھ مخلص ہیں۔

Senator Lt. (Retd.) Javed Ashraf: House is not you. House is, the majority in the House. How this minority is House? House is, the majority of the House.

سینیٹر امان اللہ کنرانی : اس طرف کوئی فالتو نہیں بیٹھا ہوا ہے۔

Lt. Gen. (Retd) Javed Ashraf : You alone do not represent the House. You are nobody in the House. House is the majority.

Mr. Presiding Officer: Please, Please. Khan Sahib, no cross talks please.

سینیٹر امان اللہ کنرانی : جناب والا! یہ ایسے اشارے نہ کریں۔

Mr. Presiding Officer: I will not allow this. Please, only address the Chair. Please, no cross talks please. Please, no cross talks.

سینیٹر امان اللہ کنرانی : جناب والا! ان کی تقریر پرہمیں اعتراض نہیں ہے لیکن اشارہ کرکے کہنا کہ یہ فضول ہیں---

Mr. Presiding Officer: I have noted down. Please sit down.

سینیٹر امان اللہ کنرانی : جناب والا! انہوں نے اشارہ کرکے کہا ہے کہ میں dictat.. نہیں دیتا ہوں۔ جناب والا! ہم نے کبھی dictation نہیں دی ہے بلکہ ہم نے جو بات کی ہے، وہ ہاؤس میں کی ہے اور ہاؤس کی بات کرتے ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Please sit down. This is not the way. I have not given the floor to you. Please sit down. Thank you.

انہوں نے اپنی loyalty کا اظہار کیا ہے۔ That is his duty,that's all but آپ کو تو کوئی غلط بات نہیں کہی۔

سینیٹر مولانا گل نصیب خان: ہمیں اس بات کی خوشی ہے کہ انہوں نے یہ کہا کہ ہم کسی سے dictation نہیں لیتے ۔یہ ٹھیک بات ہے لیکن نوائے وقت نے شہ سرخی کے ساتھ خبر چھاپی جنرل بش کے حوالے سے کہ پاکستان کی تعلیمی پالیسی میرے کہنے پر تبدیل کی گئی ہے تو اسی ایوان میں میں نے سوال کیا کہ اخبار کا یہ بیان اگر غلط ہے' تو وزارت خارجہ اور جنرل پرویز مشرف اس کی تردید کریں کہ ہم کسی سے dictation نہیں لیتے لیکن آج تک نہیں کیا گیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، نہیں لیتے ۔ ابھی انہوں نے کہا ہے This is contradiction to that.

سینیٹر مولانا گل نصیب خان، یہ تو صدر بش کا بیان ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ، جب بھی کوئی statement آتی ہے تو اس statement کا

Mr.Presiding Officer: not liable to be debated, that 's all.

سینیٹر آغا پری گل ، بڑے افسوس کی بات ہے کہ مولانا صاحب کو چاروں طرف جنرل ہی نظر آتے ہیں۔ بش کو بھی انہوں نے جنرل بنا دیا۔ کیا بات ہے بھائی؟

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، نہیں ختم ہو گیا۔ٹھیک ہے۔

سینیٹر آغا پری گل ، جنرل بش ' جنرل بش' آپ نے بش کو بھی جنرل بنا دیا۔ چاروں طرف خواب میں بھی---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، please, please sit down. ڈاکٹر کوثر فردوس صاحبہ ۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، جناب پہلا سوال تو میرے ذہن میں یہ پیدا ہو رہا ہے کہ ہم یہی کہتے رہے کہ ہمارے زر مبادلہ کے ذخائر بہت بڑھ گئے ہیں۔GDP بھی بڑھ گیا ہے۔تو کیا ایسا ممکن نہیں تھا جب پٹرول کی قیمتوں میں بار بار اتنا اضافہ ہوتا رہا ہے تو اس بڑھے ہوئے GDP کو کچھ ان کو stabilize کرنے کے لیے استعمال کر لیتے۔دوسری بات میں یہ کہنا چاہ رہی

ہوں کہ اگر ہم غریب ملک ہیں تو غربت کے یہ آثار جب غریب عوام تک پہنچتے ہیں تو پھر سب طبقے اس کو share کیوں نہیں کرتے؟ جو مہنگائی کی ایک لہر آتی ہے یا عالمی منڈی کے ساتھ ہمیں چلنا پڑتا ہے تو یہ ہماری مجبوری ہے۔تو پھر یہ کیوں ضروری نہیں ہے کہ اس کو تمام طبقے share کریں؟ کیا ایسا کوئی order آیا ہے کہ ہمارے وزراء ' وزیر اعظم یا صدر مملکت یا دوسرے لوگوں کی گاڑیوں کی تعداد میں کچھ کمی کر دی جائے کہ پٹرول کچھ کم استعمال ہو ' یا ان کی mileage کی کوئی limit تو ہونی چاہیے یا شاید ہوگی تو کیا اس میں کوئی تھوڑی سی کمی کر دی گئی ہے کہ اب قیمتیں بڑھ گئی ہیں؟ جناب! اگر ایسا ہوتا تو میرا خیال ہے کہ غریب عوام بھی شاید اس کو اتنا محسوس نہ کرتے۔جیسے ایک صحابی نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب یہ شکایت کی کہ میں بھوکا ہوں اور میں نے پیٹ پر پتھر باندھا ہوا ہے۔انہوں نے جب یہ بتایا کہ تم نے ایک باندھا ہوا ہے میں نے تو دو باندھے ہوئے ہیں تو اس کو کوئی شکوہ نہیں رہا تھا۔اگر یہاں پر یہ ہو جائے کہ غریب' غریب تر نہ ہوتا جائے اور امیر 'امیر تر نہ ہوتا جائے تو پھر اتنا مسئلہ نہیں ہے۔ مگر جو صورت حال ہے یا ہمارے سامنے figures یا research یا data آ رہے ہیں ان کی روشنی میں تو فقط صورت حال سامنے آتی ہے کہ پورے ملک میں مہنگائی جو ہے ۔ ان تیل اورگیس کی قیمتوں کی وجہ سے ساری چیزوں کی قیمتوں پر اثر پڑتا ہے۔اس سے زیادہ بوجھ عوام کو share کرنا پڑ رہا ہے ۔ مجھے یہ عجیب سی بات لگی کہ 1947 ء میں بیس روپے فی من اور ۲۰ پیسے فی کلو آٹا آتا تھا ۔اب پچاس سالوں میں اس میں سو سے 250 فیصد کا اضافہ ہو گیا ہے۔پھر جو حقائق دوسری report سے ہمارے سامنے آتے ہیں یہ Economic survey of Pakistan and Social Policy Developm t Centre کی report ہے کہ گزشتہ بیس سالوں میں پاکستان میں غریبوں کی تعداد میں چار گنا اضافہ ہوا ہے اور اس وقت وہ 470 لاکھ ہیں جبکہ ہر سال ان میں اور بھی اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ Registered بیروز گار جو ہیں وہ ۳۰ لاکھ ہیں۔ افراط زر کی صورت جو سمجھ آتی ہے وہ یہ ہے کہ گزشتہ دس سال میں fixed income group کی قوت خرید جو ہے یہ سو فیصد کم ہوئی ہے۔ آمدنی فی کس کی رپورٹ جو UNDP Human Development دیتی ہے وہ یہ ہے کہ ۵ کروڑ سے زیادہ لوگ جو ہیں وہ ۳۵ روپے سے کم پر روزانہ رہ رہے ہیں اور ایک کروڑ دو لاکھ جو ہیں وہ سو روپے سے کم روزانہ آمدنی پر گزارہ کر رہے ہیں۔

معاشی ترقی کی جو صورتحال ہماری ان پے در پے قیمتوں میں اضافے اور پالیسیوں کی وجہ سے بن رہی ہے اس کی تصویر بھی جو Economist نے کھینچی ہے وہ یہ ہے کہ پاکستان دنیا بھر کے ممالک میں جو فہرست بنی ہے پاکستان اس میں ترانویں نمبر پر چلا گیا ہے جبکہ سری لنکا تینتالیس نمبر پر ہے اور بھارت ہم سے اوپر تہتر پر اور بنگلہ دیش ستر پر ہے۔ یو این ڈی پی کی رپورٹ ہے کہ انسانی ترقی کے انڈکس میں بھی پاکستان ایک سو چھتیس نمبر پر ہے۔ South Asian Alliance نے جنوبی ایشیاء میں غربت کی رپورٹ برائے ۲۰۰۰ء جو چھاپی ہے اس میں بھی چالیس فیصد پاکستانی جو ہیں یہ غریب ترین ہیں اور پچاس فیصد وسائل پر امراء کا قبضہ ہے اور وسائل میں غریبوں کا حصہ صرف چھ فیصد ہے۔

جناب! میری گزارش یہ ہے کہ قیمتوں پر کنٹرول کے لئے صارفین کی تنظیموں کی تشکیل کے لئے حوصلہ افزائی کی جائے۔ افراط زر اور مہنگائی میں جب اضافہ ہوتا ہے، پٹرول کی قیمتیں جب بڑھتی ہیں تو قدرتی طور پر ان پر بھی اثر پڑتا ہے اس کے ساتھ ہی تنخواہوں میں اضافے کی بھی announcement آنی چاہیے۔ پھر یہ والی بات بھی ہے کہ سودی نظام جو ہے یہ بالکل ایک جونک کی طرح ہمیں کھائے جا رہا ہے۔ اس کے خاتمے کی طرف بھی کچھ پیشرفت کی جانی چاہیے۔ اسلام کا معاشی نظام جو ہے جس میں کفالت، وراثت، زکوٰۃ وعشر کا نظام ہے اس کو بھی اگر بہتر طریقے سے چلایا جائے تو کچھ compensation جو اس طرح کے اقدامات میں ان سے ہوسکتی ہے۔ اس میں بھی ہم یہ والی بات کہتے رہے کہ اب ہم نے IMF کی dictation نہیں لینی، مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ عالمی اداروں کے کہنے پر بار بار بجلی گیس اور ان utilities میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ پھر یہ بھی میں کہنا چاہوں گی کہ پٹرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اگر عالمی منڈی کے ساتھ ہے تو پھر عالمی منڈی کے ساتھ اس کی قیمتوں میں کمی بھی اسی طرح سے کی جائے۔ اس پر بھی لازماً عمل درآمد ہونا چاہیے۔ اور یہ بھی جب ہمارے ایک وزیر صاحب نے خود تقریر کی تھی جیسے ابھی یہ سینیٹر صاحبہ جنہوں نے مجھ سے پہلے تقریر کی ہے انہوں نے بھی بتایا اور یہ انہوں نے بھی quote کیا تھا کہ پٹرول کی قیمتوں میں چونتیس بار اضافہ ہوا ہے، اکیس بار کمی ہوئی ہے اور نو بار غیرمتاثر رہی ہیں۔ میری بس یہ گزارش ہے کہ ہم جو بھی policies بنائیں nutshell میں یہ ہے کہ اس کے اثرات سب پر آنے چاہییں جو اضافی

ہوتے ہیں وہ ہم سب کو share کرنے چاہیئں -

Mr. Presiding Officer: Thank you. The last speaker on the subject is Prof. Muhammad Ibrahim.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان ، شکریہ جناب چیئرمین - بسم الرحمن الرحیم - جناب چیئرمین! بہت ساری باتیں آچکی ہیں میں تکرار سے بچنے کی کوشش کروں گا۔ اس سے پہلے میرے دوستوں نے بتایا یہ اعداد و شمار پیش نہیں ہوئے۔ نوری ۲۰۰۴ء میں عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمت 29.9 dollar فی بیرل تھی- اس وقت پاکستان میں پٹرول کی قیمت Rs.33.75 per ltr. تھی اور فروری ۲۰۰۵ء میں عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمت 30 dollars فی بیرل جبکہ پاکستان میں یہ قیمت Rs.42.39 ہوگئی - یعنی اس میں 29.9 اورتیس میں اعشاریہ ایک کا ہی فرق ہے جبکہ یہاں Rs.8.61 کا اضافہ اس میں پایا جاتا ہے -

جناب چیئرمین! یہ بات جو کہی جا رہی ہے کہ حکومت نے چالیس ارب روپیہ subsidy دی ہے یہ بھی ایک مغالطہ دیا جا رہا ہے قوم کو دھوکہ دیا جا رہا ہے - حقیقت یہ ہے کہ حکومت جس طرح پروفیسر ساجد میر صاحب نے اس طرف اشارہ کیا کہ حکومتیں ہماری تبدیل ہو رہی تھیں اور ان کی وجہ سے کہ کوئی غلط تاثر نہ پڑے اس وقت عالمی منڈی میں قیمت 7 اکتوبر ۲۰۰۴ء کو ترپن ڈالر فی بیرل تھی لیکن ہماری حکومت نے اس وقت اضافہ مناسب نہیں سمجھا -------

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اسی خسارے کو make up کر رہے ہیں-

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان، یہی میں عرض کر رہا ہوں - حکومت عوام سے چالیس ارب روپے Petroleum Development Levy کی مد میں لے رہی ہے - اور چھ مہینوں میں جو انہوں نے اضافہ نہیں کیا تو چھ مہینوں میں ان کو ستائیس ارب روپے ان کو نفع میں نقصان ہوا - نقصان کوئی نہیں ہوا - وہ پیسہ جو عوام کے خون پسینے کی کمائی وہ لے رہے تھے وہ کسی سیاسی مصلحت کی وجہ سے انہوں نے نہیں لیا - اس کو برابر کرنے کے لئے انہوں نے یہ کام کرنا شروع کردیا- کہ گزشتہ سال اور اس سال میں آٹھ روپے اکسٹھ پیسے کا فرق ہے -

جناب چیئرمین! یہ بات بھی انہوں نے کہی کہ ہم امریکہ کے ریٹ کو اصل میں معیار قرار

دیتے ہیں حالانکہ امریکہ میں ریٹ ایک ہوتا ہے۔ یہ میرے پاس figures ہیں ۔ اکتوبر 2004 میں جب امریکہ میں پٹرول کی قیمت 53 dollar فی بیرل تھی اس وقت لندن میں 49 dollar فی بیرل تھی اور گلف میں اس وقت 44 doller فی بیرل تھا تو اس لئے امریکہ کو معیار بنانا بھی ایک مغالطہ ہے اور اس میں بھی ہماری حکومت اپنے عوام کو لوٹنے کی کوشش کرتی ہے ۔ جناب چیئرمین! پاکستان تقریباً 80, 85% تیل باہر سے برآمد کرتا ہے جبکہ 15.20% تیل پاکستان کا اپنا پیدا ہوتا ہے اور اپنا تیل عالمی مارکیٹ کے ریٹ پر عوام کے ہاتھوں فروخت کرنا بہت بڑی زیادتی ہے ۔اس لئے جناب چیئرمین ! میری یہ گزارش ہوگی کہ کم از کم جو عوام سے ایک ناجائز سکینڈل ہو رہا ہے اس میں بھی عوام کے ساتھ share کیاجائے اور پھر اپنے ملک میں جو 20% تیل پیدا ہو رہا ہے یہ تو اپنے ملک کی قیمت ہی پر دے دیں ۔ اگر یہ تیل بھی عوام کو ٹرک کے کرائے کی صورت میں ، ٹریکٹر کے لئے ، بجلی کے فیول کی صورت میں اور رکشہ کی صورت میں ملے تو اس میں بھی غریبوں کو بڑا فائدہ ہوسکتا ہے ۔ اس وقت پٹرول کی قیمت اور ڈیزل کی قیمت کے چڑھ جانے سے ہر چیز کا کرایہ بڑھتا ہے اور یہ ایک chain ہے اور ایک سائیکل ہے جس میں ہم پھنس گئے ہیں ۔ اس لئے میری یہ گزارش ہوگی آپ کی وساطت سے اور ایوان کی وساطت سے کہ حکومت عوام کو یہ دھوکہ دینا چھوڑ دے اور اس قیمت میں جو اضافہ کیا گیا ہے اس کو فی الفور واپس لیا جائے ۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، میں محترم وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ اس debate کو wind up کریں اور ساتھ ہی ممبران نے جو نکات اٹھائے ہیں ان کا جواب دیں اور پھر خاص طور پر یہ کہ آیا یہ بجلی اور تیل کی قیمتیں ہی بنیادی وجہ ہیں غربت کو بڑھانے کی یا کچھ اور بھی ہے یا اس میں آپ کچھ کمی کرسکتے ہیں یا آپ کی پالیسی کیا ہے؟

جناب امان اللہ خان جدون (وفاقی وزیر برائے پٹرولیم و قدرتی وسائل)، شکریہ جناب چیئرمین! میرے محترم بھائیوں نے جو تقریریں کی ہیں ، میں نے سب نوٹ کی ہیں ۔ آخر میں پروفیسر ابراہیم صاحب بول رہے تھے ۔ان سے پہلے اور بھائیوں نے بھی تقریر کی ۔ اس ایوان کو میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارا جو price کا link up ہے وہ Gulf کے ساتھ ہے امریکہ

کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے ۔ کافی misinformation ہے۔ پٹرولیم کی سینیٹ کی ایک کمیٹی ہے، اس کی ایک sub-Committee ہے ۔ اس میں محترمہ رخسانہ زبیری صاحبہ بھی ہیں جو قیمتوں کا یہ سارا mechanism بڑا closely watch کر رہی ہیں اور وہ جلد ہی رپورٹ دیں گی ۔ مجھے خوشی ہے کہ وہ بھی بیٹھی ہوئی ہیں ۔ وہ Ministry میں بھی جاتی ہیں اور تقریر بھی انہوں نے کی ہے ۔ آج بھی بڑے important points انہوں نے اٹھائے ہیں ۔ sub-Committee جو سفارشات اور باتیں سینیٹ کی کمیٹی کے پاس لائے گی وہ حکومت ضرور consider کرے گی ۔

جناب والا! تیسری بات میں اس معزز ایوان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جو mechanism evolve کیا گیا ہے اس میں کوئی secrecy نہیں ہے وہ web site پر بھی available ہے ،آپ اس کو ہر وقت دیکھ سکتے ہیں ۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ وہ ضرور دیکھیں ۔ بہرحال انسان ہیں کوئی چیز، کوئی سلسلہ بنانے میں غلطی بھی ہوسکتی ہے ، اس کی اصلاح بھی ہوسکتی ہے ۔

جناب چیئرمین! جتنے مقررین نے باتیں کی ہیں مجھے ان سے بالکل اتفاق ہے کہ جب بھی خاص طور پر petroleum کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو یقیناً سب سے نچلی سطح پر غریب لوگوں پر اثر پڑتا ہے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، زندگی کا ہر شعبہ affect ہوتا ہے ۔

جناب امان اللہ خان جدون، جی ہرشعبہ affect ہوتا ہے ۔لیکن میں اپنے محترم بھائیوں کی خدمت میں یہ درخواست کروں گا کہ خود ہی کہتے ہیں کہ ہمارے اس ملک کی جو total production ہے وہ ضرورت کا صرف 12 to 18 % fluctuate کرتی ہے، کبھی اچھی ہو جاتی ہے کبھی کم ہوتی ہے اور باقی جو 80 to 85% fluctuate کرتی ہے وہ ہم import کرتے ہیں۔ جب بین الاقوامی قیمت گلف کی ، امریکہ کی یا North Sea کی لیں تو وہ 42, 47, 55 ڈالر پر چلی گئی ہے۔ محترم چیئرمین صاحب! میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ یہاں ہم نے اپنا سیاسی point تو نہیں بنانا۔ ایک چیز پانچ روپے کی ہے، آپ اسے ایک روپے میں کیسے بیچ سکتے ہیں، کیا یہ ممکن ہے؟ باقی فرحت اللہ بابر صاحب بیٹھے ہیں، مجھے تو لگا کہ میری منسٹری وہ

چلا رہے ہیں، بہرحال میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ وہ میری منسٹری مجھے چلانے دیں۔ سب میرے بھائی ہیں، محترم ہیں اِس طرف بیٹھے ہیں یا اُس طرف بیٹھے ہیں، مجھے آپ کے مشورے کی ہر وقت ضرورت ہے۔ آپ نے بڑے points اٹھائے۔ یہ حقیقت ہے کہ گورنمنٹ نے کافی عرصہ تک freeze کئے، آپ کی interpretation اپنی ہے، ہماری اپنی ہے، 40 ارب روپے کا خسارہ برداشت کیا، اس سے زیادہ ہماری economy برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ ہم نے بڑی مجبوری میں قیمتیں بڑھائی ہیں۔ آپ اس سوسائٹی کے بڑے ذمہ دار لوگ بیٹھے ہیں، میں اس پر stress کرتا ہوں کہ ہمارے پاس energy نہیں ہے، ہم اس کی development کے لئے سر توڑ کوشش کر رہے ہیں۔ آپ دعا کریں کہ ہماری کوئی discovery ہو جائے لیکن جس وقت تک ہماری اپنی energy نہیں ہے اور ہم باہر سے لائیں گے تو مجھے یہ بتائیں کہ جب 100 ڈالر قیمت ہو جائے گی تو ہم کیا کریں گے۔ کبھی کوئی سوچ سکتا تھا کہ دو ڈالر سے 50، 55 ڈالر قیمت ہو گی۔ جب آپ باہر سے چیزیں منگوائیں گے تو اسی حساب سے قیمت دینی پڑے گی۔ بڑی تقریریں ہوئیں۔ میرے بھائی ڈاکٹر صاحب چلے گئے، وہ بڑے emotional ہو گئے تھے، کافی باتیں جو نہیں کرنی چاہیے تھیں وہ بھی کر دیں۔ بہرحال ان کا استحقاق ہے، وہ جو بات چاہیں اس floor پر کر سکتے ہیں۔

میں آپ کو یقین دلاتا ہوں اور اس ایوان کو confidence میں لیتا ہوں کہ آپ کے سینیٹ کی کمیٹی کی Sub Committee prices machanism کو دیکھ رہی ہے اور پتا چلا ہے کہ زبیری صاحبہ ماشااللہ انجینیئر ہیں اور Petroleum کے شعبہ سے وابستہ رہ چکی ہیں۔ وہ انشاء اللہ بڑی contribution کریں گی۔

Mr. Presiding Officer: Please address the Chair.

جناب امان اللہ خان جدون، ہمیں حوصلے سے کام لینا چاہیے۔ بعض بھائیوں نے point out کیا ہے کہ price trends نیچے ہیں، انشاء اللہ دوبارہ reconsideration ہوگی تو یہ نقطہ ہماری نظر میں ہو گا۔ باقی اس میں اس قسم کی کوئی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ میں دوبارہ کہتا ہوں کہ جب بھی petroleum کی قیمتیں بڑھیں گی تو وہ ہر آدمی کو affect کریں

گی۔ جناب والا! ایسے ملک بھی ہیں کہ جو کچھ بھی produce نہیں کرتے، ان کے لوگ بھی survive کر رہے ہیں۔ ہمیں یہ کڑوا گھونٹ بھرنا پڑے گا۔ میری اپنے بھائیوں سے یہی گزارش ہو گی کہ اگر ان کی کوئی تجاویز ہیں تو میں انشاء اللہ ہر وقت سننے کے لئے تیار ہوں، مجھے مثبت تجاویز دیں۔ یہ Petroleum کی منسٹری ہے، اس کو سب مل جل کر چلائیں۔ یہ میرے ساتھ تعاون کریں اور فرحت اللہ بابر صاحب سے خصوصی درخواست ہے کہ جو میری چٹھیاں وہاں سے اٹھا کر لائے ہیں، ان کا اتنا interest ہے اور تجربہ بھی ہے، انہوں نے بڑے important points اٹھائے ہیں۔ Nothing is perfect in this world, I would like to have cooperation. Thank you very much.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شکریہ۔ لیڈران صاحب کے consensus سے کہ ساڑھے نو بجنے والے ہیں اور agenda کا کوئی اور item نہ لیں۔ So, this House do stand adjourn to meet again on Tuesday, the 15th February, 2005 at 5.00 p.m. Thank you.

[The House was then adjourned to meet again on Tuesday, the 15th February, 2005 at 5 O'clock in the evening.]